کلیات شیفتہ و حسرتی

جس میں

دیوان ریختہ و دیوان فارسی و رقعات فارسی شامل ہیں

از تصنیفات جناب غفران مآب نواب عظیم الدولہ سرفراز الملک
محمد مصطفیٰ خان صاحب مظفر جنگ دہلوی تخلص بہ حسرتی و شیفتہ

مع دیباچہ و سوانح عمری مصنف

از خاکسار نظامی بدایونی

حسب فرمایش جناب نواب حاجی محمد اسحاق خان صاحب ریٹائرڈ جج
صوبجات متحدہ آنریری سکرٹری ایم اے او کالج علیگڑھ تعلقہ دار
جہانگیر آباد ضلع بلند شہر خلف الصدق حضرت مصنف علیہ الرحمہ

باہتمام نظام الدین حسین نظامی پروپرائٹر و پرنٹر

نظامی پریس بدایوں میں طبع ہوا

سنہ ۱۹۱۶ء

فیض حسن بدرقم

حضرت شیفتہ کے مختصر حالات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جس طرح زمانے کی ہوا پلٹ جانے سے ملک کے لوگوں کے خیالات خصائل، عادات، مشاغل، طریق بود ماند، لباس و خوراک میں تغیر واقع ہو گیا ہے اسی طرح ان کا علمی مذاق بھی بدل گیا ہے تیرھویں صدی کے وسط میں۔ اُردو اور فارسی ادب میں جن لوگوں نے چار چاند لگائے تھے آج اُن کے کلام کے سمجھنے والے بھی نظر نہیں آتے ذوق، غالب، مومن، صہبائی، علوی، آزردہ، حسرتی اُن باکمال لوگوں میں ہوئے ہیں کہ جن پر آج ہندوستان جسقدر فخر کرے کم ہے اور اب اس گئے گزرے زمانہ میں اِن بزرگوں کا نام زندہ رکھنے والے حالی اور شبلی باقی تھے وہ بھی ایک ایک کر کے دنیا سے اُٹھ گئے۔ لیکن بغور دیکھا جائے تو یہی وہ لوگ ہیں جن کو حیات جاوید حاصل ہے

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعلم[1] + ثبت است بر جریدۂ عالم دوام شاں

[1] ایک موقع پر خواجہ حافظ کے اس شعر کو سید مرحوم نے کچھ تصرف کے ساتھ لکھا تھا ہم نے بھی اُنھیں کا تتبع کیا ہے ۱۲

اُن کا کلام جو اعلیٰ اخلاق اور سچے جذبات سے پُر ہے جس سے ان کے دل و دماغ کے صحیح ہونے کا پتا چلتا ہے اور اُن کی بلند نظری اور غوص و فکر وغیرہ کی حالت کا اندازہ ہوتا ہے اس وقت بھی ملک کے لیے ویسا ہی سرمایہ افتخار ہے جیسا کہ آج سے پچاس ساٹھ برس قبل تھا۔ اس مختصر تمہید کے بعد جو دیوان آپ کی نظر سے گزرے گا وہ جناب غفران مآب نواب محمد مصطفےٰ خاں صاحب مرحوم و مغفور رئیس دہلی و تعلقہ دار جہانگیر آباد ضلع بلند شہر المتخلص بہ شیفتہ بہ اُردو و حسرتی بہ فارسی) کا کلیات ہے جس کی اشاعت کا فخر ہمیں نواب صاحب مرحوم کے خلف الرشید عالی جناب نواب حاجی محمد اسحاق خاں صاحب ریٹائرڈ جج صوبہ متحدہ و آنریری سکرٹری ایم، اے، او کالج علی گڑھ کی کرم گستری و اجازت سے حاصل ہوا ہے۔ چونکہ کسی شاعر کے کلام کے مطالعہ سے قبل اُس کی زندگی کے حالات سے واقفیت حاصل کرنا ایک حد تک ضروری ہے اس لیے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ نواب صاحب مرحوم و مغفور کے حالات زندگی اس موقع پر مختصراً درج کریں۔

خاندان نواب محمد مصطفےٰ خاں مرحوم نواب عظیم الدولہ سرفراز الملک نواب مرتضیٰ خاں صاحب بہادر مظفر جنگ کے فرزند تھے۔ اور نواب ولی داد خاں

مرحوم خاندان بنگش سے تھے جبکہ دہلی میں خاندان بنگش کا عروج تھا وہ کوہاٹ سے دہلی تشریف لائے اور اپنے صاحبزادہ نواب مرتضیٰ خاں صاحب کی شادی اُس زمانہ کے مشہور سپہ سالار اسمعیل بیگ خاں ہمدانی کی صاحبزادی نواب اکبری بیگم صاحبہ سے کی۔ اور جو فوج مرہٹوں سے اُس وقت برسرپیکار تھی اس میں عہدہ دار ہوئے۔

سنہ ۱۸۰۳ء میں لارڈ لیک نے دہلی میں انگریزی سلطنت کی بنیاد قائم کی۔ اُس وقت نواب مرتضیٰ خاں صاحب کو لارڈ موصوف نے دہلی کے قریب ہوڈل پلول کا علاقہ بطور جاگیر عطا کیا۔ اس دور میں جو سات رئیس با اختیار بنائے گئے تھے منجملہ اُن کے نواب مرتضیٰ خاں صاحب بھی تھے۔

سنہ ۱۸۱۴ء میں نواب ممدوح نے جہانگیر آباد کا علاقہ جو پہلے راجہ کھودس رائے کی ملکیت تھا اور بعلت عدم ادائے مالگذاری نیلام ہوا خرید لیا اور گورنمنٹ سے سند تعلقہ داری عطا ہوئی۔ نواب صاحب کی رحلت کے بعد ہوڈل پلول کے علاقہ کو گورنمنٹ نے واپس لے لیا اور اُس کے عوض میں اراکین خاندان کی پنشن مقرر کر دی جو غدر سنہ ۱۸۵۷ء تک جاری رہی۔

نواب مرتضیٰ خاں صاحب نے جہانگیر آباد کا علاقہ اپنی حیات میں صاحبزادہ

مصطفےٰ خاں کے نام منتقل کر دیا تھا جو اُن کے بعد اُن کی اولاد کی ملکیت میں آیا اور اس وقت تک قائم و برقرار ہے۔

ولادت — نواب محمد مصطفےٰ خاں صاحب کی ولادت ۱۸۰۶ء میں بمقام دہلی ہوئی۔

تعلیم و تربیت — میاں جی مالا مال[۵۱] سے جو دہلی کے ایک مشہور بزرگ اور سرآوردہ معلّمین میں تھے فارسی، عربی پڑھی اور علوم مروجہ حاصل کیے۔

حضرت مولانا حاجی محمد نور دہلوی نقشبندی[۵۲] سے بھی جو جامع علوم ظاہر و باطن تھے خاص کر فن حدیث و تجوید میں اُس وقت اُن کا کوئی ہمسر نہ تھا آپ نے حدیث و قرارت کا استفادہ حاصل کیا۔ علوم دین سے آپ کو ایسا شوق و شغف تھا کہ طلب کی تشنگی کسی وقت فرو نہ ہوتی تھی۔

۱۲۵۵ھ میں جب کہ آپ کو حرمین شریفین کی زیارت نصیب ہوئی مکہ معظمہ

---

[۵۱] میاں جی صاحب کا مزار دہلی میں حضرت سلطان الاولیا رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ میں نواب صاحب کے سرہانے ایک چھوٹے چبوترہ پر واقع ہے۔

[۵۲] حاجی محمد نور صاحب کا مزار سورت میں ہے جب آپ دوبارہ بارادہ حج جا رہے تھے راستہ میں بمقام سورت شعبان ۱۲۵۲ھ میں وصال ہوا۔

کے فاضل اجل عالم باعمل حضرت شیخ عبد اللہ سراج حنفی سے آپ نے صحاح کے ابتدائی حصے تبرکاً پڑھے تھے جبتک مکہ معظمہ میں قیام رہا آپ برابر اُن سے فیض حاصل کرتے رہے۔ مدینہ منورہ میں شیخ محمد عابد صاحب سندھی سے اکثر حدیث کی کتابوں کے خاص خاص مقامات پڑھے اور روایت کرنے کی اجازت حاصل کی۔ ان کے علاوہ مولوی کرم اللہ[ف1] صاحب محدث علیہ الرحمہ سے جو خلیفہ حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلوی قدس سرہٗ کے تھے آپ نے کچھ علوم پڑھے تھے۔

عادات و خصائل و طریق ماندوبود

نواب صاحب[ف2] مرحوم رات کو باختلاف موسم دو بجے سے ۳ بجے تک تہجد کے واسطے بیدار ہوتے تھے اور نماز تہجد اور صبح کے درمیان مسنون قیلولہ کے بعد صبح کی نماز مسجد میں جاکر سفر ہو یا حضر اول جماعت کے ساتھ ادا کرتے تھے اور اکثر مسجد سے واپس آکر اشراق تک وظائف و اذکار ختم کرتے

ف1 از ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین مصنفہ حضرت مولانا شاہ محمد معصوم صاحب مجددی مقیم مدینہ شریف ۱۲

ف2 یہ حالات ہمیں مولانا فرحی صاحب سے جنکا مقام رامپور داخل ہے ۱۹۱۵ء میں اُن سے ملاقات کا فخر حاصل ہوا تھا دستیاب ہوئے مولانا موصوف کو ۱۸۶۱ء سے ۱۸۸۹ء تک نواب صاحب کی خدمت میں مسلسل رہنے کا اتفاق ہوا تھا ۱۲

کے بعد متعلقین سے ملتے تھے دس بجے کھانا تناول فرماکر قدرے قیلولہ فرماتے تھے اسی کے بعد ظہر سے پہلے پہلے حدیث شریف یا تصوف یا سیر کی کسی کتاب کا مطالعہ بھی فرما لیتے تھے۔ اول وقت ظہر کی نماز مسجد میں جاکر جماعت والوں کے ساتھ پڑھتے تھے اسی طرح عصر اور مغرب کی نمازیں اول وقت ادا فرماتے تھے۔ عشا کی نماز کے بعد رات کا کھانا تناول کرکے بلافصل استراحت فرماتے تھے بیماری کی حالت میں جبکہ راتوں کو نیند کم آتی تھی دیگر امرا کی طرح داستان یا قصے نہیں سنتے تھے بلکہ کسی کتاب سے حمد و نعت مناجات یا منقبت اہل بیت پڑھوا کر سنتے اور سوجاتے۔

عصر اور مغرب کے درمیان مصاحبین وا کابر مہمانوں سے جو آپ کی مہمان نوازی کے سبب اکثر موجود رہتے تھے صحبت رہتی تھی۔ مصاحبت میں مولانا حالی مرحوم جیسے لوگ ہم صحبت رہتے تھے۔ نواب مرحوم اسقدر کم گو تھے کہ ابتدا ملاقات میں نئے آدمی کو خودداری کا گمان ہوتا تھا لیکن اُن کے جلسہ میں کسی ادنے یا اعلےٰ کی غیبت کا گزر نہ تھا اُن کی صحبت متین اور مہذب ظرافت اور لطیفوں سے خالی نہ تھی یعنی زہد خشک سے جو ریا کے درجہ تک پہنچتا ہے بری تھی دینی و دنیوی جو بات تھی بناوٹ اور تصنع سے کوسوں دور تھی۔

نواب صاحب کا اصول تھا کہ تمام خطوط کا جواب فوراً دیا جائے چنانچہ جو خطوط
آپ کے پاس آتے تھے اُن کا جواب ہمروزہ لکھوا دیتے تھے جس زبان
میں خطوط آتے تھے اُسی زبان میں جواب لکھواتے فارسی خطوط کا جواب
فارسی میں اُردو خطوط کا اُردو میں جواب دیتے تھے۔ آپ اپنے پیش دست
کو عبارت خطوط کی خود نہیں لکھواتے تھے بلکہ وہ خط لکھکر پیش کرتا آپ
اس کی اصلاح فرما دیتے تھے اصلاح کے بعد خطوط صاف کیے جاتے تھے۔
ایک زمانہ تک خطوط نویسی کا کام نواب صاحب اپنے بڑے صاحبزادہ نواب
محمد علی خاں صاحب سے لیتے رہے جس سے صرف اُنکی تربیت و تعلیم
مقصود تھی مولانا فرخی صاحب نے بھی جب مولانا موصوف جہانگیر آباد میں طالب علمی
کے زمانہ میں موجود تھے نواب صاحب کی خدمت کو انجام دیا ہے۔
مولانا ے موصوف فرماتے تھے کہ "نواب صاحب مرحوم ہمارے لکھے
ہوئے خطوط کی اصلاح میں محاورات زبان اور املا کا بے حد خیال فرماتے
تھے یہاں تک کہ اگر کبھی میں لفظ "تم نے" کو ملا کر تمنے لکھدیتا تو اُس کو
کاٹ کر "تم نے" لکھدیتے" گویا آپ ہر لفظ کو علٰحدہ علٰحدہ لکھنے کے حامی
تھے اور اُردو املا کے اس رسم خط کی ضرورت کو جسے آج کے مصلحان اُردو رائج

کرنا چاہتے ہیں آپ آج سے پچاس برس پہلے محسوس کر چکے تھے۔

نواب صاحب کا خط نہایت پاکیزہ تھا قلم کا نمد گیلا ہی خراب ہو مگر معلوم ہوتا تھا کہ مینا کیا ہوا ہے۔ باوجود خوشخط ہونے کے اپنے ہاتھ سے قلم نہیں بناتے تھے۔

جوانی میں آپ کو گھوڑے کی سواری کا بہت شوق تھا۔ پیرانہ سالی کے زمانہ میں بھی اسی شوق کے یادگار کے طور پر ان کا اصطبل گھوڑوں سے معمور رہتا تھا۔

بزرگوں سے عقیدت وبیعت

سب سے پہلے قدوۃ الاصفیا شیخ الفقہا سید المحدثین مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب سے جو شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ العزیز کے نواسے اور دہلی کے مشہور محدث اور اکابر شیوخ سے تھے بیعت لی۔ ان کے وصال کے بعد شاہ ابوسعید صاحب اور شاہ احمد سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سجادہ نشین حضرت شاہ غلام علی صاحب نقشبندی مجددی قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ فیوض باطنی کرتے رہے۔ آخر میں حضرت شاہ عبدالغنی صاحب دہلوی قدس سرہ العزیز سے تجدید بیعت فرمائی۔ شاہ صاحب نے آپ کو سلسلہ علیہ نقشبندیہ میں سند خلافت بھی

عطا کی تھی۔ شاہ صاحب موصوف اُن کو اپنے خلفاء[۵۱] سے اجل سے سمجھتے تھے اور اپنے مریدین کو تکمیل کے واسطے نواب صاحب کی خدمت میں بھیجا کرتے تھے۔

نواب صاحب شب و روز مجاہدے اور ریاضت میں بسر کرتے تھے آپ کا کشفِ قبور اُس وقت مشہور تھا اور نسبت زبردست تھی۔ مولانا ولی النبی صاحب رامپوری جو خاندان نقشبندیہ کے صاحب کمال بزرگ تھے فرماتے

---

۵۱ شاہ صاحب کا مندرجہ ذیل خط قابل ملاحظہ ہے ؎

بسم اللہ الرحمن الرحیم از عبدالغنی عمیم الاحسان نواب محمد مصطفےٰ خاں صاحب۔ سلام مطالعہ فرمایند۔
تا شا نزدہم محرم الحمد للہ بخیر ہستم و سلامتی ایشاں مطلوب پیشتر بدست مومن علی خاں مکتوب فرستادہ ام امید کہ
دعا در حق فقیر مبفر مودہ باشند۔ میاں اسد اللہ داخل طریقہ شدہ اند امید کہ بر حال ایشاں عنایت مبذول دارند
والسلام۔ فرزند عزیزہ معہ فرزندان سلام برسد میاں عزیز و میاں رشید سلام خوانند۔
ایک دوسرا خط بنام احمد جان صاحب دہلوی برادر مولوی سمیع اللہ خاں صاحب کے نام
شاہ صاحب نے بھیجا تھا جس سے ظاہر ہوگا کہ ان کے تعلقات نواب صاحب کے ساتھ کس درجہ کے تھے وہ خط یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ از عبد الغنی
برادر عزیز جان علیم اللہ خاں المشتہر بمیاں احمد خاں سلام خوانند دو مکتوب آں مکرم فی الحال در مکہ معظمہ رسید ندانہ
مطالعہ او فرحت وحظ تام حاصل گشت الحمد للہ فقیر تا کتابت بخیر ہست و خیریت شما از مصائب دارین مطلوب۔ بحرمت
سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم علیہ و علی آلہ و اصحابہ اجمعین از رحلت نواب مصطفےٰ خاں رحمۃ اللہ علیہ عزوجل چہ ذوقہا بر دل
ناتواں رسید ند ؎ من از چشم تو ای ساقی خراب افتادہ ام + اما بلائے کز حبیب آید ہزارش مرحبا گفتم۔
اما شاء اللہ تعالیٰ وایاکم فی حبہ و احیانا وایاکم فی ودہ۔ چنانچہ از طرف اوشان وصی بر اہل و عیال ہستید از طرف من
نیز شما وکیل ہستید۔ وکفیٰ باللہ وکیلا۔ عیال اوشان را عیال من شمارید و ذوقہا از صحبت اوشاں برداشتید و شوقہا از
مجلس شان برخواستید۔ سیر گل سیر ندیدند و بہار آخر شد۔ از کیفیت ہائے خولیش نوشتید بسیار ے
محظوظ شدم۔ چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی + بیاد آر محبان بادہ پیما را۔
مخدوما۔ دلی باہل غیر است از وے چہ توقع خیر است درویں کہ مایل بہ کمتر است نفس ایا ساز وے بہتر است بلند نفس باشند بہتر، خبیر، اہل
نہ نما یند نسبتی مجد دنقشبندیہ اگرچہ قلیل باشد قلیل نیست کہ مقتبس از مشکوٰۃ سنت نبوی است و سنت موجب
فخر ما گشتہ ؎ ما در کمیں جلوے صید ہم نشستہ ایم + گو طاقتے کہ گرد فشاند بدام ما۔ والسلام
تمر مدینہ ہمراہ مکتوب نواب محمد علیخاں در جہانگیر آباد فرستادہ ام (بقیہ نوٹ صفحہ ۱۰ پر ملاحظہ ہو)

تھے کہ ایک مرتبہ انھوں نے اپنے دہلی پہنچنے کی اطلاع نواب صاحب کو خط کے ذریعہ سے دی مگر اتفاق سے وہ خط کے پہنچنے سے پیشتر پہنچ گئے اور خط نواب صاحب کو ان کی موجودگی میں ملا۔ قبل اس کے کہ خط کو کھولیں یا پڑھیں اُن سے مخاطب ہوکر فرمانے لگے کہ "کیا آپ کو بھی اس وقت نسبت نقشبندیہ کی کچھ خوشبو آتی ہے۔ میرا دماغ تو اس خوشبو سے مالا مال ہو گیا ہے"

مولانا حالی مرحوم کی زبانی نقل ہے کہ ایک بار نواب صاحب مولانا شاہ غوث علی پانی پتی کی زیارت کو پانی پت تشریف لے گئے۔ چند روز مولانا سے اوقات خاص میں صحبت رہی۔ وقت مراجعت و رخصت مولانا نے آپ سے مصافحہ کیا اور آپ کا ہاتھ ذرا زور سے دبایا۔ اسی طرح تین بار مصافحہ کیا۔ نواب صاحب فرماتے تھے کہ ہر بار میرے قلب میں ایک ایسی کیفیت پیدا ہوتی تھی جو بیان میں نہیں آسکتی۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹) اگر حصہ خود بیابند دہن شیریں نمایند و تبیح باگر میاں ناصر وزیر بدہند در میان خود و میر عبدالرحمان و میر عوض علی و مولوی ولی النبی صاحب و ہمشیرہ عزیزہ اہل خانہ میاں امو جان غفر اللہ لہ تقسیم بمایند نلوس در مکتوب نوشتند تا ہنوز نرسیدہ اند۔ از عبدالرحمن و اسمٰعیل و ہمشیرہ ہا خوانند ہمہ ہا سلام۔ تمام شد

مذہب کا احترام اور شرعی پابندی

آپ نہ صرف صوفی باصفا تھے بلکہ عالم باعمل تھے۔ اپنے ذاتی فائدہ کے لیے کبھی کسی شرعی مسئلہ میں توجیہہ وتاویل کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ مولانا حالی نے حیات جاوید میں آپ کے متعلق ایک واقعہ لکھا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے نفس کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتے تھے۔ مولانا حالی لکھتے ہیں :۔

"ہم نے خود دیکھا ہے کہ نواب مصطفٰے خاں مرحوم رئیس جہانگیر آباد ضلع بلند شہر کے پاس ایک موضع گرو تھا۔ بہت مدت کے بعد مالک نے اُس کو چھڑانا چاہا۔ ہر چند کہ رہن نامہ میں تمام منافع موضع مرہونہ کا مرتہن کو معاف ومباح کر دیا گیا تھا اور فک رہن کے وقت مالک بخوشی کل زر رہن ادا کرنا چاہتا تھا اور مفتیوں نے بھی اباحت کا فتوٰے دیدیا تھا لیکن اُس مرحوم مغفور نے یہ حدیث پڑھی کہ اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ وَلَوْ اَفْتَاكَ الْمُفْتُوْنَ اور جسقدر محاصل اُس موضع سے وصول ہوا تھا زر رہن میں سے سب مجرا دیکر باقی روپیہ راہن سے لے لیا۔ یہ بات دہلی میں آج تک مشہور ہے کہ حضرت شاہ عبدالغنی صاحب قدس سرہ اس احتیاط کے سبب کہ آموں کی فصل قبل پھل آنے کے عموماً فروخت ہوجاتی ہے جو شرعاً ناجائز ہے کبھی آم نہیں کھاتے

تھے۔ نواب صاحب نے اپنے علاقہ میں سختی سے اس شرعی احتیاط کو قایم رکھا تھا کہ جب تک کہ پورے طور پر پھل نہ آجائے اُس وقت تک فصل فروخت نہ کی جائے چنانچہ اب تک وہ قاعدہ جاری ہی۔ اسی وجہ سے شاہ صاحب ہمیشہ جہانگیر آباد کا آم بغیر کسی عذر کے کھایا کرتے تھے۔

ورع و تقوے

جن ایام میں نواب صاحب باشتباہ بغاوت قید و بند میں مبتلا تھے ایک وصیت نامہ بنام مہین فرزند محمد علی خاں صاحب وغیرہم تحریر فرما دیا تھا اُس میں بنظر انتظام جملہ متعلقین و متوسلین کے لیے مقدار مصارف بالتفصیل معین کر دی تھی۔ دیون کے ادا کرنے کی تاکید تھی۔ بعد وفات قضا روزوں کے کفارہ ادا کرنے کی ہدایت تھی۔ ان وصایا کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہی کہ آپ احکام شرعی کی بجا آوری میں کیسے راسخ اور ثابت قدم تھے اور خدا کی ذات پر کسقدر بھروسہ رکھتے تھے۔ آپ نے اس وصیت نامہ میں منجملہ دیگر امور کے رمضان شریف کے روزوں کے قضا کا حساب اور اس کے کفارہ کے ادا کی تاکید جن الفاظ میں لکھی ہے وہ یہ ہیں

"میرے اوپر رمضان شریف کے روزے ہیں خوب یاد نہیں مگر احتیاطاً دس رمضان کے لکھ لینا جس کے دس مہینے ہوئے ہر روزہ کی بابت ایک شخص

مسلمان کو دو سیر گندم چاہئیں۔ جس کے مہینہ کے ڈیڑھ من ہوئے تو دس مہینے کے پندرہ من ہوے ان کا دینا ضرور ہے مگر میری موت کے بعد کس واسطے کہ زندگی میں یہ کفّارہ ادا نہیں ہوتا پس جب میری موت کا حال سُن لو جو شخص اُس وقت میں زندہ ہو وہ پندرہ من گیہوں کہ ایک ایک فقیر کو دو دو سیر گیہوں دے۔"

سفرِ حجاز | نواب صاحب نے یہ مبارک سفر[5] ۱/ ذی الحجہ ۱۲۸۵ھ کو شروع کیا۔ آپ کی والدہ ماجدہ اور نانی صاحبہ اور چند متوسلین ہمراہ تھے۔ بمبئی تک منزل بمنزل خشکی کا راستہ طے کیا اثنار راہ میں اکثر بزرگان دین کے مزارات پر حاضری کا موقعہ ملا اور اکثر اہل اللہ سے قدمبوسی کا شرف حاصل ہوا جس کی تفصیل آپ نے اپنے سفرنامہ میں لکھی ہے۔ جس کا فارسی نام برہ آورد اور عربی میں ترغیب السالک الی احسن المسالک ہے جو اُن کی حیات میں طبع ہو چکا تھا ان ناگزیر مشکلات

---

[5] آپ نے اپنا سفرنامہ جو درصل اس مقدس سفر کا تاریخی روزنامچہ ہے نہایت تفصیل کے ساتھ شستہ فارسی میں مرتب فرمایا تھا۔ جس کا عربی نام ترغیب السالک الی احسن المسالک اور فارسی برہ آورد" ہے۔ آپ کی زندگی میں شایع ہو گیا تھا۔ ۱۹۱۰ء میں اُس کا اُردو ترجمہ سید زین العابدین صاحب بی۔ اے منصرم عدالت ججی فرخ آباد نے شایع کیا جس کا نام سراج منیر ہے۔ یہ ترجمہ بہت مقبول ہوا اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ نواب صاحب کی دیگر تصانیف کے سلسلہ میں اس کتاب کا ذکر بھی ملاحظہ ہو۔

کے علاوہ جو ۱۸۵۷ء سے قبل برّی و بحری سفر میں حجاج کو پیش آیا کرتی تھیں نواب صاحب مرحوم کو ایک ہولناک واقعہ پیش آیا کہ حدیدہ سے آگے چلکر جہاز چٹان سے ٹکرا کر ٹوٹ گیا اور مسافر کشتیوں کے ذریعہ سے ایک ویران جزیرے میں اُتار دیے گئے۔ جہاز میں سے سامان خوراک بھی کم ملا اور آب شیریں کے صرف آٹھ پیپے ہاتھ آئے اور ہمراہی دو سو سے زائد تھے۔ ایک ایک پیالہ پانی ہر شخص کو صبح و شام پینے کے لیے ملتا تھا۔ چار دن کے بعد سب کے مشورے سے نو آدمی ایک چھوٹی سی کشتی میں بیٹھکر ساحل کی تلاش میں روانہ ہوے وہ سات روز کے بعد ساحل بحر کی ایک بستی میں پہنچے اور اپنے قافلہ کی مصیبت بیان کی وہاں کے حاکم نے سات کشتیاں مصیبت زدوں کی امداد کے لیے بھیجیں۔ جب اس جزیرے کا پتہ نہ لگا تو پانچ واپس چلی گئیں۔ لیکن دو کشتیاں ہمت کرکے بحرِ عجم کی طرف بڑھیں جن کو یہ جزیرہ مل گیا۔ ان دو کشتیوں کو دیکھکر سب خوش ہوے جتنے آدمی سما سکے ساحل کی طرف روانہ کیے گئے۔ مگر اس بُرے وقت میں نواب صاحب اُن لوگوں کے ساتھ رہے جو روانہ نہو سکے تھے اور محض فضل خداوندی پر بھروسا کرکے اُسی ویرانے میں پڑے رہے چند روز کے بعد دو کشتیاں اُسی حاکم کی

بھیجی ہوئی اور آ پہنچیں مگر طوفان کی وجہ سے دس دن تک روانگی ملتوی کرنی پڑی جب طوفان فرو ہوا تو نواب صاحب مع بقیہ ہمراہیان کے چل پڑے اور وہ سب سے آخر شخص تھے جو کشتی پر سوار ہوئے بالآخر ساحل لیث پر بخیر وسلامت جا اُترے اور وہاں سے براہ یمن عازم مکہ معظمہ ہوئے۔ اس واقعہ کو نواب صاحب نے اپنے سفرنامہ "بمہ آورد" میں زبان فارسی میں حسب ذیل الفاظ میں تحریر فرمایا ہے وہ لکھتے ہیں:-

ع انَا الغَرِیقُ فَمَا خَوفِی مِنَ البَلَلِ - بہمہ حال بدیں نوع باں جزیرہ رسیدہ جزیرہ بود وچہ جزیرہ کہ چشم حاسد ازاں فراخ تر باشد ودل لئیم ازاں کشادہ تر ومعہذا نہ نہالے کہ بسایہ آں تواں نشست ونہ درختے کہ از میوہ آں بہرہ تواں برداشت نہ آب را دراں وجودی ونہ دانہ را دراں نمودی نہ راہی کہ ازاں جا تواں گزشت ونہ ساحلی کہ باں جا تواں رسید حال جزیرہ بایں خرابی کہ گفتم طور سفینہ بآں زبونی کہ شنیدی اکنوں چہ باید کرد چوں چارہ دگر نہ بود لاجرم بجزیرہ فرود آمدن تا اجل مقدر ہمدراں جا گزرانیدن ضرورت افتاد ہرچہ ازاں اسباب وکالا از آب بالا بود از جہاز بدر یا انداختہ آمد کہ تدبیر فرود آوردن ایں بود وبس پس ہرچہ

پیش ما ماندنی بود بحکم خالق بحر و بر باد شرط و موج دریا شرط نوردی و ملاحی بجا آورده بما سپرده و هر آنچه رفتنی بود بسمت دیگر برو سپاس خدای را عزوجل که بسیار آمد و کمتر رفت اما دراں حال نه از رفتن حزنی و نه از آمدن سروری و همچنیں بهامیل آب شیریں بدریا انداخته شد رفتنی رفت و آمدنی آمد و کذلک از اجناس خوردنی هر چه بر آوردن آں در حوصله امکان گنجید و اکثرش برنج و باجره بود که اهل کشتی بتجارت بار کرده بودند بعد فرونشستن غوغا چاره سگالی را بزم آراست و از پئے رائ زدن نشست گفتگوی بمیان آمد این بود آب و دانه در ینجا وجودی ندارد و آب موجود هشت بر هیل و مردم زیاده بر دو صد کس و پیداست که اینقدر آب سرمایۂ چند روزه تواند شد و تا حیز بجاے نرسد رسیدن سفینه معلوم و راه خبر بسته اند چکنیم تا گره از کار کشاید همه بیک حرف زبان کشودند که کار از دست رفته است و آب از سر گزشته تدبیری ندانیم و چارهٔ نمی توانیم جز اینکه دراں کوچک سفینه نشسته چند از سر جان برخیزیم و نشینیم تا چه پیش آید و از پس پردهٔ غیب چه رو نماید هر چند اندیشه برنتابد که چنیں کشتی از چناں دریا بسلامت بگزرد امّا اندیشه یعنی چه آنجا خوف اگر از آب بحر است اینجا از آتش عطش ترشیده عذاب تشنه میری از آب

چوں تو اند ترسید لاچارم بحکم الغریق یتشبث بکل حشیش دراں زبوں زورق
کہ حشیشے بیش نبود نہ دہ تن را کہ بعضے ازاں خود وسرخیل آں مولانا فضل علی
بودند باچندے از کشتی باناں ویکے مولوی برہان الدین کہ با نگارندہ
ایں فرخ نامہ مواسات تمام دارند در بمبئی ایشاں را آشنا سا آید از
اہل پنجاب اند فطرتی سلیم وفکرتی مستقیم ایشاں راست ودو حج سابق
گزاردہ حالیا بعزم سکونت در اشرف البلاد قبلہ کل حاضر وبادیہ رفتند بعد
انقضاے چہار روز بریں واہبہ بتاریخ چہارم شوال توکلاً علی اللہ نشانیدہ
وسر دادہ رحمت آلہی را منتظر نشستیم ہر سحر کہ می خیزیم روبدریا می خیزیم
ہر شام کہ می خوابیم برفسانہ سفینہ می خوابیم دوازدہ روز از رفتن کشتی وشانزدہ
روز از شکستن جہاز سپری گشت تا شام گاہے دو کشتی خرد [illegible]
وشب سیاہ را بامداد پدید آمد مپرس از شادی آں زماں کہ فلک در
دریا از ہلال روز عید بر فلک دلاویز تر می نمود دانستیم رفتگان آمدند
چوں ملاحاں فرود شدند دیدیم یکے از آناں نیست در شگفت زار افتادیم
ہنگام پرس وجو بدینگونہ داستان سرائی کردند کہ بعد ہفت روز فرستادگان
شما بہ قنفذہ کہ کوچک معمورہ است بر ساحل دریا رسیدند وپیش گاہ حاکم

کہ عرب دولہ خواند ماجرا اگزار آمدند و بیاری او با ہفت سنبوق رہ پیما شدند
چند شبانہ روز میانہ دریا بہم تفحص جزیرہ پرداختم چو از جزیرہ سراغی نمود ملاحان
آں پنج کشتی را بسمت قنفذہ برگردانیدند چندانکہ مولانا فضل علی و دیگراں
منع کردند سودے نداشت و دلیری نمودہ بسمت بحر عجم گرم تلاش شدیم
شکر للہ کہ سعی ما مشکور آمد و گوہر مراد بکف افتاد القصہ در دو زورق خورد در
کوب ایں جم غفیر صورتی نداشت لاجرم یکے را بعد سہ روز و یکے را بعد شش روز
ہر قدر مردم کہ گنجید ندرسانیدہ سرزادہ شد و خود تکیہ بر لطف کارساز نمودہ
ہمدراں شورش کدہ توقف پزیرآمد لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔
از انجا کہ خداوندگار را با بندگان خود رحمتی برتر از وصف است بروز بست و ہفتم
از شکستن کشتی دو کشتی دیگر مشاہدہ شد ندظن بدانما یہ رنگ وجود سے داشت
کہ نفحات یقیں بدماغ میرسید کہ مدہوشان مار اجنبش نسیم توفیق بخود آورد
و گم کردہ راہان مارا خضر تحقیق از آوارہ خرامی استانید چوں بکنار میرسیدند
بازبہماں نواہاے ناآشناست و ہماں شمائل ہاے بیگانہ تا ہنگامہ گفت
و شنود آغاز و زباں سرگرم پرسش راز گشت وانمودند کہ آں پنج کشتی کہ
رہ بجاے بندر راہ قنفذہ گرفت رسید ہماں بود بازگردیدن ہماں کہ

امیر را ازیں معنی غضب در گرفت و قہرش فرو نہ نشست تا از جاے برنخاستیم
و یک کشتی دیگر افزود چند روز بہم جستیم عاقبت از تلاطم امواج و جوشش باد جدا
شدیم کہ بالحسب بخت و اتفاق بساحل مقصود گزر کردیم شعر او از گیست رہبر
در وادی محبت طوفان بود معلم دریاے بیکراں را۔ از کار دیگراں بخبریم کہ ہنوز
آب بکیل می پیمایند و باد و رہاوں میسائید یا عزم خانہ کردند و رخ بسوے وطن
آوردند بعد رسید ند سفائن عزم جزم شد کہ ایں بار بہر طور جملہ مردمان را انگیخانیم
غایت الامراز سامان و اسباب ہرچہ نگنجد بگزاریم ایں خیال مصمم شد و عزم
روانگی در پیش آمد مقارن آں حال طوفان باد و جوش باراں و اضطراب
امواج پدید آمد سفائن صغیرہ ساچہ یارا کہ دریں ناہنگام پا از حد خویش فراتر
نہند مصرع چراغ مرا باد و باراں لبسی است آدہ روز سبب توقف ایں شد
چوں ہنگامہ ابر و باد فرو نشست بعزم سفر برخاستیم و بتاریخ پنجم شہر ذیقعدہ
وقت عصر آنخرابہ را چیز باد گفتہ در کشتی نشستیم و رخ بسمت لیث کردیم شمارہ
ایام اقامت آں جزیرہ یک ماہ و پنج روز است چوں دریاے عجم موجی
نہ باندازہ دارد غالب بیم ہلاک بود و بحریان خطرناک اما آنجا کہ صیانت
ایزدی باشد، ہیچ آب و آتش گزند نتواند رسانید سالم و غانم بتاریخ

هشتم نصف النهار بساحل لیث رسیدیم الحمد لله علی ذلک حمداً کثیراً
ان الله بهر ثبوراً وجوراً وکان امر الله قدراً مقدوراً حالیا پیش از آنکه سخن
از باب دگر گویم ماجرای آب بر زبان آریم که با آن مایه کمی تا این زمانه دراز
با اینهمه مردم که اندازه کثرت شان پیشتر گرفته چون وفا کرد تا بدائع قدرت کامله
آفریدگار دریابی بشنو که جامی شام و جامی پگاه چون ساغر مهر و کاسه ماه بخش
هر یکی بود و باین احتیاط چشم آن بنود تا پانزده بست روز روی آب بینیم
و هنگامه هنگام قسمت دیدنی داشت هرچند که کس مبیناد اما بمثالی روشن
نادیده بدیده مردم جلوه دهم و با هجوم تشنگان گرد صاحب تقسیم بمثابه انبوه
باده خواران چپ و راست میفروش با همان جوش و همان خروش عطش
زده پیش سبوی آب چون مستی بپای خم شراب بیخود افتاده تشنه را با کاس
آب آن معاملتی که میخواری را با جام باده یکی نوای العطش العطش بگنبد مینای
رسانیده یکی زمزمه پیمانه گران تر ده با آن سیر آهنگی سرود که زهره از غصه
بزم نشاط برچیده ای حسرتی زیر و بم پیش کش سخن ساده گوی داستان
ماتم را با دف و نی مسرای شعر درد انگیز را بصوت حزین درد انگیز تر مکن
حدیث پرشور بملاحت بیان نمکین تر مساز افیون در شراب میامیز پرکاله

دل ہا سر شک مریزد از نظیر و مثال بگذر ساده بر سر داستان طرازی شو بگو تا دگر
چہ می گوی چوں درد و جام کہ قسمت میشد رفع عطش از کجا ناں پختن را سرمایہ کو
نا کام پخت طعام از آب شور بود تراوش ابر رحمت ہیں کہ سحابی آمد و بارانی
بارید مغا کہا کندیدند و آوندہا نہادند قدرے آب فراہم آمد و دو سہ روز راسامان
شراب و طعام بر وجہ بایست مہیا گشت ۔ ازیں پس بخاطر حقیر گزرانیدند اگر
آب دریا چوں عرق بکشیدن آید شاید کہ بکشیدن آرزو و نوشیدن را شاید امتحان درست
اندیشہ و انمود سلمنا طعم عرق داشت اما در اجائگاہ نوشیدن تر از آب حیات
و شیریں تر از شراب قند و نبات بود طول کوتاہ دریں ہنگام کہ پیدا صورت
سختی داشت پنہاں چہ موہبت ہائے جلیل و عطیہ ہائے جمیل کہ ارزانی نداشتند
اگر ہمہ بگذارم از نعمت ربا و سمعہ می ترسم و اگر ہمہ را گذارم از نعمت کفران
نعمت می ہراسم نعمت ہا از خداوند دیدہ ام و اما بنعمت ربک فحدث شنید
خاموش چہ توانم بود میگویم ہر چہ بادا باد تا سنی بائن صحابہ کیش منست چنگ
در دامن عبد اللہ بن عمر میزنم و باقتدائے ایشاں زمزمہ می سنجم خدا از آفت
ریا نگاہ دارا و موہبت بخشنیں آنبود کہ دلی عطا کردند صبور و زبانی سپاس
گذار دل وقف محبت ہا و لب سرگرم ثنا از بدایت تا نہایت ناشکیبی گرد سرا

پردۂ ضمیر نگشت و از آغاز تا فرجام بیقراری در پس کوچۂ خمول ماند اگر باور داری کہ دروغ گفتن روا نیست سخن مرا باور کن و لاف مشناس و گزاف مداں و شکرف مگیر و ایں نہ حد چوں منی بود ہر آئینہ لطفے بود از لطائف جل شانہ و عم نوالہ چوں لطف او کار فرما شود ذرّہ خورشید ی کند و قطرہ دریاے دگر در وادی بے آب و دانہ آب و دانہ چہ گونہ عطا فرمود ندیا ز از چناں دشوار جاے چہ آساں بر آوردند دیگر یکے ہم ازیں ہمہ آسیبی ندید و گرندی نیات کارافتادہ شناسد کہ در صورت چنیں وقایع ایں معنی بس نادر است و اردس وکالا ہم از بسیار اندکے و از صد یکے رفت شمارہ آلاے ایزدی از نیروی تنو منداں بالاتر است تا از ناتوانی چہ آید خوشتر آں است کہ سوال فراوانی نعم بیشمار تا روز شمار و خواستگاری مواہب بیحساب تا روز حساب نمودہ صرف نفس بد استان طرازی کند مستور مباد کہ بتاریخ نہم در لیث آمدیم قریہ مختصر لیست -

حج وزیارت بیت اللہ

وہاں سے براہ خشکی روانہ ہو کر منزل مقصود یعنی مکہ معظمہ پہنچے اور زیارت بیت اللہ کی مسرت نے تمام مصائب سفر کو بھلا دیا۔ حج سے فارغ ہونے کے بعد نواب صاحب کی والدہ ماجدہ اور نانی صاحبہ نے

چار روز کے فصل سے یکے بعد دیگرے مکہ معظمہ میں سفر آخرت اختیار کیا۔ اور اُسی خاک پاک میں جنت البقیع کے مقدس قبرستان میں مدفون ہوئیں۔

زیارت مدینہ منورہ مکہ معظمہ میں دو ماہ پانچ روز قیام کرنے کے بعد آپ مدینہ منوّرہ کو روانہ ہوئے۔ جس ذوق وشوق اور جس سچے خلوص کے ساتھ آقائے دو عالم حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر ہوئے تھے اُس کا اندازہ مندرجہ ذیل واقعہ سے ہوتا ہے۔[1]

جب آپ کا قافلہ قریب شہر کے پہنچا شیخ الحرم تشریف لائے اور پوچھا کہ محمد مصطفےٰ خاں نامی کوئی شخص اس قافلہ میں ہے۔ لوگوں نے اثبات میں جواب دیا۔ شیخ نے نواب صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ "آپ میرے مہمان ہیں" نواب صاحب نے جواب دیا "مجھے اس سے زیادہ کیا فخر ہو سکتا ہے۔ لیکن چونکہ میں ابھی یہاں بالکل نووارد ہوں سر دست مجھکو

---

[1] یہ واقعہ نواب صاحب نے اپنے سفرنامے میں نہیں لکھا ہے۔ بلکہ آپ نے اپنے ہمراہیوں میں سے ان اشخاص کو جنھیں اس واقعہ کا علم تھا ممانعت کردی تھی کہ وہ کسی سے اس امر کا ذکر نہ کریں۔ حضرت مولوی محمد احمد جان صاحب خلیفہ شاہ عبدالغنی صاحب برادر اکبر مولوی سمیع اللہ خاں صاحب سی۔ ایم۔ جی۔ مرحوم جو نواب صاحب مرحوم کے دوست اور پیر بھائی تھے اس واقعہ سے واقف تھے۔ لیکن انھوں نے بھی نواب صاحب سے یہ وعدہ کر لیا تھا کہ وہ انکی زندگی میں اس واقعہ کا اعادہ نہ کریں گے مگر نواب صاحب کی سوم کی مجلس کے بعد اسکا تذکرہ کیا تھا۔

اس عزت سے معاف فرمایا جائے" اس پر شیخ نے صاف طور پر اپنے تشریف لانے کی وجہ بتائی اور فرمایا کہ "نہ میری مجال کہ معافی دوں نہ آپ کی طاقت کہ آپ معافی مانگ سکیں۔ اس لیے کہ "مجھکو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم ہوا ہے کہ میں جاکر حضور کی طرف سے شرط مہمانی بجا لاؤں" یہ سنتے ہی آپ پر ایک حالت وجد طاری ہوگئی"

سفر طائف مدینہ منورہ میں ۳۹ روز مقیم رہنے کے بعد مکہ معظمہ کو واپس ہوئے اور مکہ معظمہ سے طائف تشریف لے گئے۔ یہاں کے قابل دید مقامات دیکھے اور جو یادگاریں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کی موجود تھیں اُن کی زیارت سے مشرف ہوئے۔

استغنا قیام مکہ معظمہ کے زمانہ میں مسجد حرام میں ایک کردستانی[1] بزرگ نے یہ معلوم کرکے کہ نواب صاحب کی کشتی ٹوٹ گئی تھی سرمایہ تلف ہوگیا ہوگا

---

[1] روزی از روزہا بعد نماز در مسجد الحرام نشستہ بودم عزیزی از کردستان پہلوے من بود گفت پارسی دانی گفتم آرے گفت تو نہ آنی کہ کشتی تو شکست گفتم آری گفت این نہ بیت اللہ است گفتم آری گفت نہ این جائے خلاف نیست گفتم آری گفت ما شنیدم کہ عزیز را کشتی شکست مرا از غصہ جگر خون است دانم ساز و سامان رفتہ باشد و برگ و نوا تلف گشتہ خاکی پیش من است بگیر و ساز برگی بساز این بگفت و کاغذی پیچیدہ (بقیہ نوٹ صفحہ ۲۵ پر دیکھو)

آپ سے درخواست کی کہ میرے پاس ایک خاک ہے وہ لے لو اور اپنا سامان درست کر لو چنانچہ ایک پڑیا کمر سے نکال کر سامنے رکھ دی اُس کا یہ کہنا تھا کہ نواب صاحب کو سخت رنج ہوا اور دل میں کہا خدایا میں تو بخشایش کا طالب ہوں نہ زر کا۔ اُس کی طرف سے مُنہ پھیر لیا اور کہا مجھکو معذور رکھو اس نے پھر اصرار کیا اور آپ نے انکار کیا تو وہ بولا کیا مجھکو شعبدہ باز یا مکّار سمجھتے ہو۔ آپ نے جواب دیا کہ میں گمان بد کرنے والا آدمی نہیں۔ اُس نے پھر اصرار کیا کہ یہ نہ سونا ہے نہ چاندی محض خاک ہے اس کے لینے سے کیوں عار ہے۔ نواب صاحب نے کہا کہ اس خاک پر تو خاک ڈالو۔ ہاں کوئی ایسی چیز دو جو مس وجود کو سونا بنادے۔ کُردی نے کہا کہ ایسی چیز کی خواہش تو تم سے زیادہ خود مجھکو ہے۔

(بقیہ نوٹ صفحہ ۲۴) از میان بر آورد و پیش من نہاد این سخن از وے گفتن و مرا دل از موبہ در ہم شدن گفتم خدایا خواہاں امرشش آمدہ ام نہ جویاں زر روی از و در پیچیدم و گفتم عذرم می پزیر سرمایہ من با من است خداے را کہ جز بخولیش نیاز مندم نکردہ باز روزی دو چار شد و ہماں گفت کہ گفتہ بود و ہماں گفتم کہ شنیدہ چوں در من میلی ندید بدیں گونہ بسخن در آمد کہ بر آئینہ شعبدہ باز و نیرنگ سازم میدانی گفتم از بد گمان نیم گفت پس می تواں گرفت گفتم نمی تواں گرفت گفت نہ ایں سیم است و نہ زر کف خاکی است ننگ از چیست گفتم خاک بر سر ایں خاک چیزے آں بیار کہ مس وجود را از زر ناب کند گفت بآں مسئول از سائل نیاز مند تر است۔ ۱۲

مراجعت وطن

طائف سے پھر حرم محترم میں پہنچے۔ ۱۵ روز مکہ معظمہ میں آخری قیام
کرکے وطن کو مراجعت فرمائی اور پورے دو سال اور چھ دن کے بعد ۲۳ ذی الحجہ
۱۲۵۶ھ ہجری کو دہلی میں وارد ہوے۔ علاوہ اُن گوناگون فیوض اور برکات
کے جو اس مبارک سفر سے حاصل ہوئیں ایک سن رسیدہ بزرگ کی اشارت
ہی جن سے بڑودہ میں بوقت مراجعت وطن قدمبوسی کا اتفاق ہوا تھا اُنھوں نے
اس مبارک سفر کا ایک نکتہ بتایا۔ جس کو آپ نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہی
اُس کا اس موقعہ پر نقل کرنا خالی از دلچسپی نہوگا۔ کیا خوب فرمایا ہے۔
"جو فاسد مادہ خودی اور اسباب ظاہری میں گرفتار رہنے کا انسان کے
اندر موجود ہے اُس کے دور کرنے کے لیے سمندر کا سفر نہایت مفید ہی"
بالخصوص ایسے وقت میں جبکہ موجیں ٹکرائیں آسمان میں ابر غلیظ گھرا ہو اُس
مصیبت کے وقت میں کہ کوئی تدبیر کارگر نہو سکے اور تمام ظاہری اسباب
مفقود ہوں۔ پردہ درمیان سے اُٹھ جاتا ہے اور کثرت کے غالب ہونے
کا خیال نکل جاتا ہے اور خداوند واحد کا غلبہ معلوم ہوتا ہے۔ خودی کا طلسم ٹوٹ جاتا
ہے۔ لمن الملک الیوم" لله الواحد القهار کا مطلب ظاہر ہوجاتا ہے۔ ان باخدا
بزرگ کے اس مقولہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ نواب صاحب پر جو خاص قسم کی

مصیبت اس سفر میں گزری تھی اور جس کا مجمل ذکر سطور بالا میں کیا گیا ہے وہ
درحقیقت ایک مبارک ابتلا تھا۔ جیسی خدا کو مشاہدہ وحدت کرانا اپنے خاص
اور برگزیدہ بندوں کو منظور تھا۔

ایام غدر کی مصیبت

غدر ۱۸۵۷ء میں ہندوستان کے عمائد و شرفا پر جو مصیبت
گزرچکی ہی خدا دشمن کو نہ دکھائے۔ نواب صاحب بھی اُس سے مستثنیٰ نہ رہے
اُن کا ولدالریاست جہانگیر آباد خطرناک حالت میں تھا۔ نواب صاحب اُس
کو چھوڑ کر بمقام خان پور جو جہانگیر آباد سے چند میل کے فاصلہ پر ہے اپنے عزیز
دوست عبداللطیف خاں صاحب رئیس خان پور کے ہاں اقامت گزین
ہو گئے تھے ٹھاکروں نے قلعہ جہانگیر آباد پر قبضہ کر لیا اور نواب صاحب
کے عالیشان اور خوشنما محلوں کو آگ لگا دی۔ تمام قیمتی اور پُر تکلف اثاث البیت
جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ یہاں تک کہ اُن کا گراں بہا کتب خانہ اور اُن کی
اپنی تصانیف جس میں اُردو فارسی کا کلام بھی شامل تھا آگ کی شعلوں کی نذر
ہو گیا جس وقت بھیم سنگھ اور اُس کے ساتھی ٹھاکروں نے جہانگیر آباد میں
یہ ہنگامہ فساد برپا کر رکھا تھا۔ حُسن اتفاق سے ریاست رامپور کی فوج دہلی
جانے کے لیے جہانگیر آباد سے گزری۔ اس فوج کا افسر نواب[۵] یوسف علی خاں

[۵] نواب فردوس مکان یوسف علی خاں صاحب بہادر اور نواب شیفتہ مرحوم سے (بقیہ نوٹ صفحہ ۲۸ پر ملاحظہ ہو)

فردوس مکان والیے رام پور اور نواب مصطفےٰ خاں صاحب کے مخلصانہ تعلقات سے واقف تھا اس لیے اُس نے ٹھاکروں کے مقابلہ میں نواب صاحب ممدوح کے تابعین کی مدد کی اور اُن کو از سرِ نو قلعہ جہانگیر آباد پر قبضہ دلا دیا۔

الزام بغاوت سے برائت

نواب صاحب پر بغاوت کا الزام بھی لگایا گیا اور کچھ عرصہ تک یوسف زنداں بنائے گئے مگر آخر کار اس سے گلو خلاصی ہوئی اور نواب صاحب بفضلِ خداوندی مامون و مصئون رہے اور مدارج و مناصب بھی برقرار رہے۔

صبر و استقلال

خواجہ حالی مرحوم فرماتے تھے کہ ایام غدر ۱۸۵۷ء میں جبکہ نواب صاحب مصیبت حبس میں بمقام میرٹھ تشریف رکھتے تھے ایک مرتبہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۲۸۷)

اُس زمانہ سے مخلصانہ تعلقات تھے جبکہ نواب فردوس مکان مسند حکومت پر متمکن ہونے سے قبل دہلی میں قیام فرما تھے اُس زمانہ میں نواب عبد الرحمٰن خاں صاحب برادر خورد نواب جنّت آرام گاہ محمد سعید خاں صاحب بہادر دہلی کے قریب گوڑگانوہ میں ڈپٹی کلکٹر تھے نواب شیفتہ مرحوم کی چھوٹی ہمشیرہ صاحبزادہ اصغر علی خاں صاحب برادر زادہ نواب جنّت آرام گاہ سے منسوب ہوئی تھیں اُس وقت سے نواب شیفتہ مرحوم اور ریاست رام پور میں باہم خاندانی مراسم قائم ہوگئے جو اب تک قائم ہیں جب نواب جنّت آرام گاہ محمد سعید خاں بہادر ریاست رام پور کی مسند پر متمکن ہوئے اور نواب محمد مصطفےٰ خاں صاحب ادائے تہنیت کے لیے رام پور آئے تو یہ قرار پایا کہ نواب محمد مصطفےٰ خاں نذر پیش کریں اور نواب رام پور معانقہ کریں اور خلعت دیں جس میں ایک ہاتھی بھی مقرر تھا۔

بہت کوشش سے اپنے مہربان قدیم ٹرمبیل صاحب کے پاس جو پہلے کلکٹر یہاں شہادر میرٹھ میں جج ہو کر آگئے تھے یہ پیام بھجوایا کہ آپ کسی وقت آکر مجھ سے ملیں صاحب نے جواب دیا کہ میں علی الصباح آسکتا ہوں چنانچہ حسب وعدہ پہنچے لیکن نواب صاحب اُس وقت دوگانہ سنت ادا کر کے فریضہ کے تہیہ میں تھے کہ آدمی نے اطلاع کی۔ نواب صاحب نے نہایت اطمینان کے ساتھ نیت فریضہ باندھ لی اور حسب عادت سورہ دہر پڑھی۔ اختصار گوارا نہ فرمایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ٹرمبیل صاحب بعد انتظار بسیار واپس گئے اور ایک ظاہری تدبیر ہاتھ سے جاتی رہی۔ مگر اس تدبیر کے فوت ہونے سے اُن کے استقلال میں کچھ فرق نہیں آیا۔

تسلیم و رضا حاجی باسط علی صاحب ساکن کرسی جو ایک دیندار و ثقہ آدمی تھے فرماتے تھے کہ مصائب ایام غدر میں ایک دن نواب صاحب مرحوم پیادہ پا محافظین کے ساتھ سڑک پر جاتے تھے۔ اس اثنا میں آسمان کی طرف دیکھا اور فرمایا،، تیری شان کریمی کے قربان کہ اتنی ہی سزا دی ورنہ میں تو اس سے بہت زیادہ سزا کا مستوجب ہوں۔

ایک زمانہ میں شمس العلما مولوی ذکا اللہ صاحب بلند شہر کے ڈپٹی انسپکٹر تھے

اُن کی زبانی نقل ہے کہ دہلی میں نواب صاحب کو مرض سرطان عارض ہوا
ڈاکٹر اپریشن کیا کرتا تھا اور ناقص حصہ گوشت کا آلات سرجری سے کاٹ
کاٹ کر برابر صاف کیا کرتا تھا جس سے تیمارداروں کو تاب ضبط نہ رہتی
تھی۔ چنانچہ ایک روز صاحب زادہ محمد علی خاں بے اختیار رونے لگے۔
لیکن نواب صاحب کی پیشانی پر کبھی بل بھی نہ آتا تھا۔ صاحبزادہ صاحب کو
بلایا اور فرمایا کہ "اس جسم خاکی کے زوال پر رونا نہایت کم ہمتی ہے۔ انسان کو
اپنی مصیبت پر رونا نہ چاہیے"
مولوی ذکا اللہ صاحب فرماتے تھے کہ ایسا ضبط و استقلال میں نے
آج تک کسی شخص میں نہیں دیکھا۔

علمی چرچے اور صحبتیں

غدر سے قبل نواب صاحب کا قیام زیادہ تر دہلی میں رہتا
تھا۔ نواب[۱] ضیاءالدین خاں نیّر۔ مفتی[۲] صدرالدین خاں آزردہ۔ حکیم

---

[۱] نواب صاحب ضیاءالدین خاں لوہارو کے رئیس تھے اور دہلی میں قیام پذیر تھے آپ تاریخ دانی میں
مہارت کامل رکھتے تھے۔ مفتی[۲] صاحب نواب صاحب کے انتقال کے بعد عرصہ تک زندہ رہے جب کبھی نواب
محمد علیخاں یا نواب محمد اسحاق خاں صاحب فرزندان نواب صاحب مرحوم سے ملاقات ہوجاتی تو نواب صاحب
کی یاد تازہ ہوجاتی اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے تھے نواب صاحب نے (بقیہ نوٹ صفحہ ۳۱ پر ملاحظہ ہو)

احسن اللہ خاں۔ مولوی امام بخش صہبائیؔ۔ مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ۔ سید غلام علی خاں وحشتؔ[۱]۔ میر حسین تسکینؔ۔ حکیم مومن خاں مومنؔ جیسے سخنوران باکمال کا اُس شہر لطافت بھر میں جگمگاٹا تھا جب یہ لوگ مل کر بیٹھتے شعر و سخن ہی کا شغل اور چرچا رہتا۔ ۱۸۴۶ء کا وہ زمانہ تھا کہ نواب صاحب و مفتی صاحب کے یہاں ہر ہفتہ باری باری سے مشاعرہ ہوا کرتا تھا۔ ایک روز نواب صاحب کے یہاں مشاعرہ تھا اُس میں مفتی صاحب نے اپنی وہ مشہور غزل پڑھی جس کا ایک شعر یہ ہے ؎ یا تنگ نہ کر ناصح ناداں مجھے اتنا

یا لاکے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۰) گلشن بیخار میں آپ کا ذکر حسب ذیل الفاظ میں کیا ہے:۔ "فی الجملہ مولانا از وجود بزرگ است بزرگ منش از اہل علم و اعتبار بودہ اند و مولد و منشاے دی ہمیں بقعہ مبارک است اعلیٰ ترین مناصب فصل خصومات کہ باصطلاح اہل فرنگ صدر الصدور ش میخوانند و امروز در سلطنت ایشاں براے ارباب ہند شایستہ تر ازیں خدمتی نیست با ایشاں است و مولانا آں ذریعہ کسب معیشت دنیوی را وسیلہ نیل مثوبات اخروی گردانیدہ کہ ہمہ ہمتش صرف رواے کار ناظم است و برکت نفعتش شامل خاص و عام باد اسے اتحاد موفور و التیام نا محصور دار در وزی نیست کہ شہد صحبت ایشاں چشیدہ نشود و بایں قند مکرر کام جان حلاوت اندوز نگردد و باعتقاد من روز یکہ بے شرف مجالست ایشاں بپایان آید داخل ایام عمر نیست۔"

[۱] سید صاحب بلند شہر کے مشاہیر میں گزرے ہیں۔ نواب صاحب سے اُن کی گہری دوستی تھی یہاں تک کہ ان کی دوستی عشق کے درجہ پر پہنچ گئی تھی نواب صاحب کے سب ملنے والے ان دونوں کو ایک جان دو قالب سمجھتے تھے یہی وجہ ہے کہ مرزا غالب نے ان دونوں کا ایک ساتھ اپنے ایک شعر میں ذکر کیا ہے۔ (بقیہ نوٹ صفحہ ۳۲ پر ملاحظہ ہو)

نواب صاحب نے مرزا کو مفتی صاحب کے چھیڑنے کو اسی طرح میں ایک غزل ایسے شخص کو لکھکر دیدی جس کا شمار سخنوران مشاہیر میں نہ تھا۔ مفتی صاحب کے بعد جس وقت اُس نے اس غزل کو پڑھا مفتی صاحب کی گھبراہٹ اور پریشانی قابل دید تھی۔ اس غزل کے دو شعر یہ ہیں ؎

ہم بزمِ دشمن کا چھپا ہی تھا قاصد + کہتا ہی کسی سے کوئی ناداں خبر ایسی
کہتے ہو علاج آپ کریں کچھ خفقاں کا + دل کاہے کو رہویگا سنائی اگر ایسی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۱) وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید + مرگیا غالبِ آشفتہ نوا کہتے ہیں۔

ایک مرتبہ مرزا نے جب جہانگیرآباد میں نواب صاحب کے پاس وحشت مرحوم کا آنا سُنا تو نواب صاحب کو خواجہ حافظ کا یہ شہور شعر اس طرح بدل کر لکھ بھیجا ؎ چو با حبیب نشینی و جام پیمائی + بیاد آر حریفان بادہ پیما را۔ مرزا نے یہ تصرف بے وجہ نہ کیا تھا۔ چونکہ نواب صاحب محتاط تھے اس لیے اُن کی نسبت بادہ کی بجائے جام کا لفظ لکھنا پڑا (یادگار غالب)

خود نواب شیفتہ نے اپنی گلشن بیخار میں آپ کا تذکرہ اس طرح لکھا ہے:-

"وحشت تخلص غلام علیخاں خلف الصدق میر فرحت اللہ خاں داماد مولانا محمد رشید الدین خاں غفر اللہ لہما از دودمان کریم است و از اکابر زادگان فخیم مولدش مراد آباد و در بنارس و شاہجہان آباد نشو و نما یافتہ بالفعل بمناصب ممتاز انگریزی در بلند شہر بہرے بر و ماہ میزاد ج سخن سنجی و سخندانی است و مہر الور فلک مضامین و معانی گلہائے فکرش دستہ بزم گلرخاں را شاید و جواہر نظمش آویزہ گوش یاقوت لباں را باید زہے حلاوت کلامش کہ از زبان حسود مجنواست بجائے طعنہ نعرہ احسنت خیزد و خے ذوق گفتارش کہ در زہر چند شراب از دہان اعدا ریزد"

نواب صاحب کی رسم و اتحاد مفتی صاحب سے نہایت مستحکم تھی۔ تذکرہ گلشن بیخار میں جہاں مفتی صاحب کا حال لکھا ہے۔ فرماتے ہیں کہ "ایسا کوئی دن نہیں ہوتا کہ مفتی صاحب سے ملاقات نہ ہوتی ہو۔ اور میرے اعتقاد میں جس روز ان کی مجالست کا شرف حاصل نہ ہو داخل ایام عمر نہیں ہے" ہم کو معلوم ہوا ہے کہ دونوں بزرگوں کے دولت خانوں میں زیادہ فصل نہ تھا اس لیے اکثر باہم آمد و شد رہتی تھی۔ جب سفر حج سے واپس ہوکر نواب صاحب وارد بمبئی ہوئے تو مفتی صاحب کے خط کے جواب میں ایک قطعہ فارسی بیس شعر کا نواب صاحب نے لکھا تھا جس میں سے چند اشعار بطور یادگار ہم بھی لکھتے ہیں۔

اے بر طواف کوے تو اے مہر اوج فضل + رو جانب زمین نہ سما کردہ ایم ما

در کعبہ داستان مدیح تو خواندہ ایم + وندر مدینہ بر تو ثنا کردہ ایم ما

ہر جا کہ آں محل اجابت شمردہ اند + حق وفا و مہر ادا کردہ ایم ما

اس قطعہ کو نواب[1] صدیق حسن خاں صاحب مرحوم نے اپنے تذکرہ موسومہ شمع انجمن میں درج

---

[1] نواب شیفتہ اور نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم سے خاص مراسم تھے جس کا ذکر خود نواب صدیق حسن خاں صاحب نے اپنے تذکرہ شمع انجمن میں نواب صاحب مرحوم کے تذکرہ میں کیا ہے وہ لکھتے ہیں "محرر سطور در زمانہ قیام شاہجہان آباد کہ قریب دو سال خواہد بود بتقریب طلب علم در دولت کدۂ ایشاں پاے اقامت (بقیہ نوٹ صفحہ ۳۴ پر)

کیا ہے۔

دائرہ احباب

نواب صاحب کی ذات گوناگوں صفات کی جامع تھی۔ اہل امارت میں امیر تھے تو ارباب فقر میں فقیر۔ طبقۂ علما میں عالم تھے تو زمرۂ شعرا میں شاعر اور اہلِ ادب میں ادیب۔ اس لیے آپ کا دائرہ احباب بھی بہت وسیع تھا۔ بعض اصحاب ہم فنی کے لحاظ سے آپ کی ملاقات و دوستی کو موجب فخر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳) افسرد و تا بقید حیات بود بخط و کتابت باد و شاد میفرمود تذغیب الصرا ... الی احسن المسالک و تذکرۂ گلشن بیخار و دیوان شعر فارسی و رسالۂ آوردہ از تالیفات ایشاں باقی ست نسلک مذکور در از دہلی ہدیۃً نزد کاتب حروف فرستادہ و در ۱۲۷۳ھ بزمانہ برگشتگی افواج ہند ہرگاہ بتہمت غدر مبتلا شدہ بحبس افتاد محرر سطور بواسطۂ بعض حکام سعی موفور در اخلاص بکار برد و حق تعالیٰ او را از آں عقبۂ کؤد نجات بخشید خطی بمحرر سطور تحریر کرد کہ عبارتش بلفظہ این ست خط سامی کہ در زمان مبتلا بودن مخلص بہ بند بلا بنام صدر الصدور صاحب بہادر رسیدہ بود بر طبق آں صاحب ممدوح آنچناں مساعی جمیلہ و کوشش ہائے نبیلہ فرمودند کہ صورت نجات مخلص بظہور رسید اری مقتضائے محبت ہائے سامی ہمیں بود ایں احسان فراموش شدنی نیست اکنوں نجات صوری رو داد لیکن نجات معنوی باقی ست یعنی جائداد وغیرہ وجوہ معاش ہنوز مطلق واگذاشت نشدہ ایں مقدمہ ہم باجلاس صدر الصدور موصوف رسیدہ پیش نہادہ ست اقتاد کہ با نجاب اطلاع کنم تا بنام شان خط سفارش چنانکہ سابق نوشتہ اند ترقیم فرمایند تحریر ہمیں کہ بفحوائے امر سکمر گذار سامی خواہم شد فضول ست کہ میاں ما و شما گنجائش ہیچ امور نیست کہ یاد از بیگانگیہا میدہد و ظاہر ست کہ بار این منت عظیم خواہد بود مورخہ یکم شعبان ۱۲۷۶ ہجری انتہی چوں ایں خط آمد خطی دیگر بنام مومن علیخاں صدر الصدور ساکن شدہ و بیمہ و معاش بعد کوشش و کوشش بسیار واگذاشت شد و صاحب محمد توفی رحمۃ اللہ تعالیٰ۔"

سمجھتے تھے۔ بعض حضرات جو علم و فضل کے جوہر شناس تھے آپ سے رسم مودت پیدا کرتے تھے۔ اربابِ طریقت تبقریب ہم مشربی آپ سے ملتے تھے۔ بعض کے مراسم امارت و ثروت کے تعلقات سے وابستہ تھے۔ ان میں سے بعض احباب کا ذکر جمیل موقعہ بموقعہ اُن حالات کے ضمن میں آیا ہے۔ اُن کے علاوہ خاندان کمبوہاں سے بزرگان میرٹھ میں آپ کے احباب نواب احمد اللہ خاں و منشی ممتاز علی خاں (اس نام کے دو بزرگ تھے) اور حافظ عبدالکریم صاحب رئیس لال کرتی اور شیخ محمد صاحب تھانوی[۵] تھے۔

غدر ۱۸۵۷ء کے بعد سے نواب صاحب کے رہنے کا اتفاق زیادہ تر جہانگیر آباد میں ہوتا تھا جہاں نہ دہلی کے سے علمی چرچے تھے نہ اہلِ کمال کا وہ جمگھٹا۔ اس لیے شعر و شاعری کا شغل بہت کم ہوگیا تھا اور در اصل جب سے زیارت حرمین شریفین سے واپس آئے آپ کسی دوسرے ہی حال میں تھے چنانچہ فرماتے ہیں ؎

[۵] یہ مولوی شیخ محمد صاحب بڑے عالم زاہد اور صوفی مشرب بزرگ تھے تھانہ بھون ضلع مظفر نگر میں اُن کا مسکن تھا۔

اے شیفتہ ہم جب سے کہ آئے ہیں حرم سے + شوقِ صنم و خواہشِ صہبا نہیں رکھتے

بلکہ تذکرہ گلشن بیخار کے دیکھنے سے تو یہ پتا چلتا ہے کہ آپ نے سفرِ حجاز سے پہلے ہی اس شغل کو کم کر دیا تھا۔ چنانچہ لکھتے ہیں "چوں ربط بایں فن از دیگر اشغال عالیہ و فنون شریفہ باز می دارد اکنوں دیر گاہ ست کہ سرو کارم نیست مگر بتحریک محفلیان گاہے از واردات جدیدہ اتفاق می افتد آں ہم بعد سالے نہ کہ ماہے" مولانا حالی نے ضمیمہ کلیات نظم حالی میں جو دیباچہ لکھا ہی اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نواب صاحب اپنی زندگی کے آخر چند سال میں بھی کبھی کبھی فارسی میں فکر سخن کرتے تھے غالباً اس کا سبب مولانا حالی کی وہاں موجودگی ہوگی۔ مولانا مرحوم بوجہ تعلق ملازمت ۱۸۶۳ء سے نواب صاحب کے اخیر وقت تک وہاں رہے تھے۔ مولانا حالی سے یہ بھی نقل ہے کہ نواب صاحب اواخر ایام میں خواجہ حافظ کی روش پر فکر سخن کرتے تھے۔

اولاد

نواب محمد علی خاں جو ریاست رامپور میں ریونیو ممبر رہے ہیں اور لارڈ لینسڈون کے زمانہ میں امپیریل لیجسلیٹو کونسل کے ممبر بھی تھے فرزند اکبر تھے ۱۸۹۹ء میں راہی ملک عدم ہوئے۔

...ناں دوسرے فرزند تھے ...ء میں انتقال کیا۔ تیسرے

صاحبزادے نواب حاجی محمد اسحاق خاں صاحب ہیں جو علم دوستی اور مکارم اخلاق اور دین و دیانت و سخاوکرم میں اپنے والد بزرگوار کے صحیح جانشین ہیں۔ صوبہ متحدہ میں ڈسٹرکٹ ججی کے عہدہ پر ممتاز رہے۔ چار سال تک مدارالمہام ریاست رام پور بھی رہے۔ اور اب پنشن یاب ہوکر ایم اے او کالج علی گڑھ میں آنریری سکرٹری کی اہم خدمات انجام دے رہے ہیں خدائے تعالےٰ اُن کی ذات ستودہ صفات سے تا دیر قوم کو مستفید ہونے کا موقعہ عطا فرمائے اُن کے علاوہ دو صاحبزادیاں تھیں جن کا انتقال ہوگیا ان کا عقد بھوپال میں نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کے برادر خورد کے فرزندوں سے ہوا تھا۔

تصانیف و شاعری اولاد کے ذکر کے بعد اب ہم آپ کی اولاد معنوی کا ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کی شاعری کی ابتدا سن شعور کے شروع ہونے کے ساتھ ہی ہوگئی تھی اُردو میں شیفتہ تخلص کرتے تھے اور فارسی میں حسرتی۔

دیوان ریختہ اکیس سال کی عمر میں مرتب فرما چکے تھے جو غدر ۱۸۵۷ء سے غالباً دو تین سال پہلے مطبع آئینہ سکندری میرٹھ میں چھاپا گیا تھا۔ ایک غزل کا مقطع بھی اس طرف اشارہ کرتا ہے ؎

ای شیفتہ اس فن میں ہوں اک پیر طریقت + گو عمر ہی میری ابھی اکیس [illegible]

فارسی اور اُردو دونوں میں حکیم مومن خاں صاحب مومن[ف1] سے تلمذ تھا اور خان موصوف کی وفات کے بعد مرزا اسداللہ خاں صاحب غالب سے مشورہ کرتے تھے۔

ف1 حکیم مومن خاں صاحب بھی نواب صاحب کی قابلیت سخن فہمی و سخن سنجی کی نہایت قدر فرماتے تھے۔ اکثر اوقات نواب صاحب ہی کی فرمایش سے فکر سخن کرتے تھے۔ اور اپنے کلام ریختہ کی تدوین بھی نواب صاحب ہی کو سپرد کی تھی۔ چنانچہ نواب صاحب نے تذکرہ گلشن بیخار میں جہاں حضرت مومن کا ذکر کیا ہے وہاں لکھا ہے "با ایں ہمہ صفات کہ مذکور شد بے تحریک محرکے بفکر سخن نمی پرداخت۔ چنانچہ اکثر کلامش بخواہش داعی آثم صورت ظہور گرفتہ و ہم تدوین افکارش را فقیر باعث گشتہ۔ دیباچہ آنکہ ریختہ خامۂ من ست در آن بتفصیل ایں ماجرا باز کردہ ام"

مومن نے تذکرہ گلشن بیخار پر ایک تقریظ لکھی ہے جس میں نواب صاحب کی مدح ایک رباعی میں اس طرح کرتے ہیں۔ رباعی

آں شیفتہ کز خرد گرامی باشد + سرخیل سخنوران نامی باشد
اکنوں کہ جسد نماند الّا بعدم + محمود ثنای و نظامی باشد

اور پھر نواب صاحب کی سخن فہمی کی داد اس طرح دی ہے۔

زتحسین او حسن معنی نیاز + ہزار آفریں برچنیں امتیاز

مومن نے ایک معما باسم نواب مصطفےٰ خاں بہادر لکھا تھا جو دیوان مومن میں موجود ہے۔

نوا بلبل کی بے بس کر رہی ہے + بہار اک جام بے جا بھر رہی ہے
صدا بے درد قمری کی بلا ہے + سر طاقت بھی جس کا نقش پا ہے
فلک کو کل نہیں بے جور و بیداد + سر کی کیا ہو گو ہے فصل خزداد
سر و خراماں یاں نہیں ہے + سر اپنا تو اب امکان نہیں ہے
اُسکے پاؤں ٹوٹیں + کہ درد بے حد حسرت سے چھوٹیں

نواب صاحب مرحوم اور مرزا سے جس زمانہ میں تعارف ہوا وہ زمانہ مرزا کی شاعری کے شباب کا نہ تھا جیسا کہ مرزا نے اپنے ایک خط میں جبکہ اُن سے اور نواب صاحب سے نئی نئی ملاقات ہوی تھی نواب صاحب کی نسبت لکھا تھا "چوں دکان را کالا و زبان را حرف ہاے جگر آلا نماند۔ رونق گار گران مایۂ خریداری (یعنی نواب مصطفےٰ خاں) پدید آورد کہ نقد رائج سخن خود را بہ بہاے گفتار نا سرۂ من میدہد و گوہر را بہ پلہ ہمجائگی خزف می نہد" رفتہ رفتہ باہم نہایت خلوص و اتحاد ہو گیا تھا۔ چنانچہ وہ قصیدہ جو مرزا نے نواب صاحب کی شان میں لکھا ہے شاہد حال ہے اس میں سے چند شعر بطور تخلیص کے نقل کیے جاتے ہیں۔

آں ہماے تیز پروازم کہ بال + در ہواے مصطفےٰ خاں میزنم

عرفی و خاقانیش فرماں پذیر + سکہ در شیراز و شرواں میزنم

او خرامد مست و من چاوش وار + بانگ بر اجرام وارکاں میزنم

گاشنِ کویش گذرگاہ منست + دوش در رفتن بہ رضواں میزنم

خوبی خویش بہ آموز منست + دم زیاری می زنم ہاں میزنم

مہر ورزی بیں کہ باشم ہمنشیں + من کہ زانو ہیش دربان میزنم

بشنود نے آنکہ باد آں را برد + نالہ گر در کنج زنداں میزنم
بنگرد نے آنکہ کلک آنرا کشد + نقش گر بر صفحۂ جاں میزنم

مرزا نے "سبد چین" میں بھی ایک موقع پر لکھا ہی ؎

مصطفٰے خاں کہ دریں واقعہ غم خوار من است + گر بمیرم چہ غم از مرگ عزادار من است

کلام فارسی

نواب صاحب کا فارسی کلام حمد تصوف حکمت۔ اخلاق اور محبت کے اعلیٰ جذبات سے بھرا ہوا ہی اکثر مواقع پر غالب۔ مومن صہبائی جیسے ماہرین فن نے اُن کے کلام کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہی۔ ہم نے اس سوانح عمری کے آخر میں اُن کے اُردو اور فارسی کلام پر جو مختصر ریویو ا۔۔ دیگر شعرا کے کلام سے اُس کا موازنہ کیا ہی خود ناظرین کو اُس کے مطالعہ سے حسرتی کے کلام کا پایہ معلوم ہوجائے گا۔

کلام ریختہ

شیفتہ کا اُردو کلام بھی معمولی کلام نہیں ہے۔ گرمی اور لذت کے علاوہ جو اُن کے کلام میں خدا دا اد ہے [illegible] میں نہ شکوہ الفاظ اور چُستی ترکیب بھی پائی جاتی ہے جو کسی وقت سودا اور نصیر کا حصہ تھی اور ا ۔ کے کلام میں بندش الفاظ اور ترکیب کی روش کے لحاظ سے وہی خصوصیات موجود ہیں جن سے اُن کے اُستاد مومن اور غالب کا کلام مالامال ہے۔ جس طرح غالب میر کی ادا و ان

مرتے تھے۔ شیفتہ بھی میرؔ کی سادگی کو رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور اپنے کلام میں میرؔ کی سی روش پیدا کرنے کے آرزومند تھے فرمایا ہی ؎

نرالی سب سے ہی اپنی روش اے شیفتہ لیکن + کبھی دل میں ہوائے شیوہ ہائے میر پھرتی ہے

اُن کے کلام کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنی کوشش میں کامیاب ہو گئے تھے۔ چنانچہ اپنے مقطع میں اُنھوں نے اپنی اُس کامیابی پر فخر کیا ہی۔ ؎

شیفتہ سادہ بیانی نے بہت چمکایا + ورنہ صنعت میں بہت لوگ ہیں بہتر ہم سے

سادہ اشعار سے جن میں میرؔ کی جھلک صاف نمایاں ہی شیفتہ کا دیوان بھرا پڑا ہی۔ مثلاً

شاید اسی کا نام محبت ہی شیفتہ + اک آگ سی ہی سینہ کے اندر لگی ہوئی

مرنے کا مرے نہ ذکر کرنا + قاصد وہ بہت الم کریں گے

دلّی میں تو شیفتہ ہی اُستاد + ہم قصد سوئے عجم کریں گے

اظہار عشق اس سے نہ کرنا تھا شیفتہ + یہ کیا کیا کہ دوست کو دشمن بنا دیا

دل لگانے کا ارادہ پھر ہی شاید شیفتہ + ایسی حسرت سے جو ہی گزری ہوئی الفت کی یاد

ہائے وہ شیفتہ کی بیتابی + تھام لینا وہ تیرے محمل کو

آخر میں متاخرین شعرا غالب۔ مومن۔ سالک۔ عارف۔ وغیرہ نے بھی یہ جدّت شروع کی تھی کہ قدما کے سید ھے خیالات اور معمولی اسالیب کو لفظی اور معنوی تصرف کے ساتھ ایک نئے سانچے میں ڈھال دیتے تھے اس قسم کی جدّت آفرینوں اور لطیف اور پاکیزہ تصرفات میں شیفتہ بھی اپنے اُستاد مومن خاں سے کچھ کم نہ تھے۔ ترکیبوں پر نظر ڈالی جائے تو وہ تراکیب جو مومن اور غالب کا خاص حصّہ تھیں سوائے شیفتہ کے کسی دوسرے کے یہاں مل ہی نہیں سکتیں مثلاً۔

فصل گل ہی میکدہ کا ساز و ساماں چاہیے + تو بہ ژولیدہ زیب طاقِ نسیاں چاہیے

بچتے ہیں اسقدر جو ادھر کی ہوا سے ہم + واقف ہیں شیوۂ دلِ شورش ادا سے ہم

اے مرگ آ کہ میری بھی رہجائے آبرو + باندھا ہی سوگ اُس نے عدو کی وفات کا

سب سے بڑی خوبی یہ ہی کہ اُن کے کلام میں سنجیدگی اور متانت کوٹ کوٹ کر بھری ہے اور اُن کی شاعری میں تہذیب کے پہلو کو کسی موقع پر نظر انداز نہیں کیا گیا ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ شیفتہ اپنے وقت کے اُستاد تھے اور اُنھوں نے جو کچھ کہا خوب کہا خود ہی فرماتے ہیں ؎

طرز سخن کیے وہ مسلّم ہے شیفتہ + دعوی زبان سے نہ کیے میں نے یا کیے

اس مختصر سوانح عمری کے ذیل میں شیفتہ کے کلام پر ریویو کی گنجائش نہیں نکل سکتی اس لیے ہم اس سوانح عمری کے آخر میں اُن کے کلام پر ایک نظر ڈالکر تصوف، پند و حکمت۔ حسن معانی شوخی و ظرافت وغیرہ کی علحدہ علحدہ مثالیں ناظرین کے سامنے پیش کریں گے جس سے وہ خود شیفتہ کی قادر الکلامی کا اندازہ کرسکیں گے۔

رقعات فارسی دیوان فارسی اور ریختہ کے علاوہ اس کلیات میں ہم نے حضرت شیفتہ کے رقعات فارسی کو بھی شامل کردیا ہے جس سے فارسی میں اعلیٰ انشا پردازی اور بلاغت کا اظہار ہوتا ہی یہ مکاتیب جا بجا تصوف سے مالامال ہیں۔

گلشن بیخار اس کلیات کے علاوہ ان کی ایک اور مبسوط تصنیف تذکرہ گلشن بیخار ہی۔ جو اُن کے سفر حجاز سے پہلے مکمّل ہوکر شائع ہو چکا تھا۔ یعنی ۱۲۴۸ھ ہجری میں اس کی تصنیف شروع ہوکر ۱۲۵۰ھ میں ختم ہوی اور وہ ۱۲۵۳ھ میں چھپکر شائع ہوا۔ اس تذکرہ میں اُس زمانہ کے شعرا کا اُردو کلام جمع کیا گیا ہی اور کلام سے پہلے ہر شاعر کا مختصر حال اور اُس کے کلام کی نسبت رائے فارسی زبان میں لکھی ہی۔ اس زمانہ میں چونکہ اُردو کو یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوا

تھا کہ اہلِ علم اُس کے ذریعہ سے اپنے خیالات کا اظہار کریں اس لیے جملہ تصانیف
حتیٰ کہ باہمی خط وکتابت کا کام بھی فارسی ہی سے لیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے
کہ شیفتہ نے بھی اُردو تذکرہ میں شعرا کا حال لکھنے کے لیے فارسی زبان کو پسند
کیا۔ شیفتہ کے زمانہ میں یا اُس کے قریب اور شعرا نے بھی تذکرے لکھے ہیں
لیکن گلشنِ بیخار میں ایک خصوصیت نظر آتی ہے جو اوروں میں نہیں پائی
جاتی وہ شعرا کے کلام پر آزادانہ نکتہ چینی ہے چونکہ اس سے پہلے لوگ تذکروں
میں سوائے تعریف کے تنقید دیکھنے کے عادی نہ تھے اس لیے بعض شعرا کے
مقلدین کو شیفتہ کی یہ طرز نہایت ناگوار گزری۔ نظیر اکبر آبادی کے ایک
شاگرد نے یہاں تک کیا کہ تذکرہ گلشنِ بیخار کے جواب میں ایک نیا تذکرہ
گلستانِ بیخزاں کے نام سے تصنیف کر ڈالا اور اُس میں یہ التزام کیا کہ نواب
شیفتہ نے جن شعرا کے کلام کی نسبت اچھی رائے دی تھی اُنھوں نے
اُن کی بُرائی لکھی اور شیفتہ نے جس کی نکتہ چینی کی تھی اُن کی تعریف کی۔
یعنی دن کو رات اور رات کو دن ثابت کرنے کی کوشش کی اور اب اس
آخر زمانہ میں جبکہ فنِ تنقید سے ہماری زبان خاصی طرح روشناس ہو چکی ہے
پروفیسر آزاد کے دلپر[۱] سیّد انشا کی نسبت شیفتہ کی آزادانہ رائے دیکھکر

[۱] پروفیسر آزاد کے الفاظ یہ ہیں: "نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ کا گلشنِ بیخار جب دیکھتا ہوں (بقیہ نوٹ صفحہ ۴۸ پر دیکھو)

کٹار کا زخم لگا ہی شیفتہ نے اگر سیّد انشا کی نسبت یہ لکھدیا کہ۔

"دیوانے دارد مشتمل بر اصناف سخن و ہیچ صنف را بطریقۂ راسخہ شعر انگفتہ۔ اما در شوخی طبع و جودت ذہنی او شکے نیست"

تو کیا گناہ کیا۔ مولانا آزاد نے سیّد انشا کی وکالت کا حق ادا کرتے ہوے دربار لکھنؤ کی حالت دکھاکر یہ ثابت کیا ہی کہ انشا ہزل گوئی پر مجبور تھے۔ گویا اس بات کو تسلیم کرلیا ہی کہ انشا کا کلام مجبوریوں کی وجہ سے ایسا ہوتا تھا جو پائے اعتبار سے ساقط سمجھا جاتا تھا۔ آخر میں انھوں نے اپنی بات کو میاں بیتاب کا یہ قول لکھکر ختم کیا ہے "سیدانشا کے فضل و کمال کو شاعری نے کھویا اور شاعری کو سعادت علی خاں کی مصاحبت نے ڈبویا" شیفتہ نے بھی تو یہی کہا ہی۔ کہ

"ہیچ صنف را بطریقہ راسخہ شعر انگفتہ" اب رہی یہ بات کہ سیّد انشا نے دوسرے اساتذہ کے خلاف روش کیوں اختیار کی اس کے وجوہ لکھنے سے کلام کی نوعیت میں فرق نہیں آسکتا۔ اور اس لیے ایک بے لاگ تذکرہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۴) تو خار نہیں کٹار کا زخم دل پر لگتا ہی (تذکرہ آب حیات صفحہ ۲۶۲)

نویس کو وجوہ کی تلاش میں سر کھپانے کی ضرورت نہ تھی۔ بہر حال تذکرہ گلشن بیخار کی بے لوث رائیں کسی خاص گروہ کی آنکھوں میں کھٹکیں لیکن وہ اپنی آزادانہ تنقید کی وجہ سے آج جبکہ اس کی اشاعت کو اسّی برس گذر چکے ہیں اسی وقعت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جس نظر سے اسے مرزا غالب[۱۵] جیسے شخص نے دیکھا تھا۔

بہ رہ آورد

اگر ہم نواب صاحب کے سفرنامہ حجاز کا ذکر نہ کریں جس کی مدد سے ہمیں آپ کی زندگی کے حالات معلوم ہوئے ہیں تو ناانصافی ہوگی یہ سفرنامہ موسومہ ترغیب السالک الی احسن المسالک یا "بہ رہ آورد" فارسی زبان میں

---

[۱۵] نواب صاحب نے اپنے مراسم کے لحاظ سے اس تذکرہ کا مسودہ چھپنے سے پہلے مرزا غالب کے دیکھنے کے لیے بھیجا تھا اس کو دیکھکر مرزا صاحب نے نواب صاحب کو جو خط لکھا تھا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انھوں نے اسے کسقدر پسند کیا تھا۔ مرزا صاحب کے الفاظ یہ ہیں "تذکرہ ترتیب یافتہ و مجموعہ فراہم آمدہ کہ پیش طاق بلند نامے را نقش و نگار است و نہال نکو سرانجامی را برگ و بار" مرزا صاحب نے اس تذکرہ کی تقریظ بھی لکھی تھی جس کا اقتباس یہ ہے "ہمانا نواب ہمایوں آثار والاشان و خان فرو ہیدہ فرہنگ پسندیدہ گفتار آمادہ و ارگرامی دانش اندوز و سخن گوی گرامی نہاد مبارک نفس دولت مہر پیشہ وفا گو ہر نواب مصطفی خاں بہادر کہ گلبن خیالش بہر شتہ بلبل است و چراغ فکرش پری پروانہ سخنش سر خوشی را بادہ بیغش و افسردگی را زہر ہلاہل رقمش لفصوۃ کدہ مہر و دست بال و بہ آشوب گاہ رشک و دشمن کاہ بہ فراہم آوردن تذکرہ ریختہ گویان قدسی انجمنی برآراستہ و از تار و پود میفمنی ازل و حیات ابد نو آئین نمطے بدان بزم در افگندہ"

اس موقعہ پر مفتی صدر الدین صاحب کی تقریظ کا اقتباس بھی درج کرنا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ ناظرین ان دونوں مشاہیر کی [illegible] کا اندازہ کرسکیں وہ لکھتے ہیں "وچگونہ چنیں نباشد کہ فراہم آمدہ و سر آمد (بقیہ نوٹ صفحہ ۴۷ پر ملاحظہ ہو)

لکھا گیا ہے اس کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نواب صاحب جس طرح فن سخن میں ید طولےٰ رکھتے تھے اسی طرح وقائع نگاری کے انداز کو بھی خوب جانتے تھے آپ کا سفرنامہ کس اصول پر لکھا گیا ہے اس کا حال آپ کے اس فقرہ سے معلوم ہوتا ہے جو سفرنامہ مذکور میں ایک بزرگ کے حالات دوران میں آپ نے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۶) سخنوران معنی گستر انتخاب مجموعہ کمال وہنر شاہ بیت سفینہ قابلیت و استعداد و بیت القصیدہ دیوان فضل و کمال عذار افاتحہ صحیفہ کاملہ دولت واقبال بسملہ نسخہ جامعہ محاسن شیم و مکارم خصال سواد خوانِ رموز و اسرار و سواد و بیاض گزین فیض یافتگان مبدار فیاض نسیم جانفزائے گلشن سخن طرازی بشمیم نافہ کشائی گلہائے چمن نکتہ پردازی والا فطرت بلند ہمت پاک نہاد نیکو روش قدسی نژاد صفوۃ منش پاکیزہ طینت روشن ضمیر کامل فرہنگ عدیم النظیر فہم مجسم ادراک مشکل نواب مصطفےٰ خاں بہادر متخلص بہ شیفتہ است لآلی منشور سخن طرازان را از نظم او پایہ بلنداست و ریاحین منشور نکتہ پردازان را از فراہمی او مایہ ارجمند" حضرت مومن نے اس تذکرہ کی داد ایک قطعہ تاریخ لکھکر دی تھی جو یہ ہے:-

کیا تذکرہ شیفتہ نے لکھا	ہے شیفتہ جس کے جانِ معنے
یوں نکتہ شناس ہیں پر ایسا	کوئی نہیں قدر دانِ معنے
افکار بلند سے بنایا	چرخ پر آسمانِ معنے!
ہر فقرۂ نثر جان مضموں	ہر شعر رواں روانِ معنے
کیا بات ہے منتخب کی تیری	اے منتخب جہانِ معنے
ہر لفظ انتخاب تیرا	خالِ رخِ دلبرانِ معنے
تیرے جو سخن سے ہے سرافراز	الفاظ کا پایہ شانِ معنے
معنے ہیں ثنا طرازِ الفاظ	الفاظ ہیں مدح خوانِ معنے
اے تازہ بہار باغِ مضموں	اے گلشن بے خزانِ معنے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۸ پر ملاحظہ ہو)

تحریر فرمایا ہے "ایک کامل العقیدت صائب الرائے نے اُن کی خرق عادت کی ایک نقل میرے سامنے بیان کی میں نے قصد کیا کہ اس کو لکھوں لیکن چونکہ میری عادت میں عجائبات لکھنے میں بہت احتیاط ہے لہذا میری طبیعت نے مجھکو لکھنے سے باز رکھا"

آخری زمانہ میں جبکہ اُن کے ہمعصروں کا شمار رفتہ رفتہ کم ہوتا چلا جاتا تھا آپ نے عزلت گزینی اختیار کرلی تھی اور سوائے یاد آلہی کے اور کچھ شغل نہ تھا اکثر مزارات پر حاضری کا معمول تھا چنانچہ سبزی منڈی دہلی میں ایک بڑے بزرگ کا مزار ہے جو حضرت شاہ آفاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے قریب واقع ہے وہاں اکثر حاضر ہوا کرتے تھے اور حضرت شاہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۷)

ہے تذکرۂ ریاض فردوس ÷ فردوس ہے یا جنانِ معنے
مومن نے جب اسمیں دیر تک کی ÷ سیر گل و ضیمرانِ معنے
آیا ہے خیالِ سالِ اتمام ÷ تھا وہ بھی تو باغبانِ معنے
غنچہ کی طرح سے سرفرو تھا ÷ یک چند وہ ہمزبانِ معنے
جب نغمہ سرا نہو سکا وہ ÷ دستان زن داستانِ معنے
ہاتف نے کہا ہو اس کی تاریخ ÷ گلدستہ گلستانِ معنے

۱۲۵۰ھ

باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ نور الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزارات پر اکثر تشریف لیجاتے تھے۔ یا دہلی کے مشہور علما سے صحبت رہتی تھی۔ دنیاوی معاملات سے قطعی دلچسپی باقی نہیں رہی تھی تمام ریاست کا کام اپنے فرزند اکبر نواب محمد علیخاں صاحب کے سپرد کر دیا تھا۔ ہندو روسار دہلی آپ سے نہایت خلوص رکھتے تھے اور وہ آپ کو اپنے یہاں شادیوں میں باصرار بلاتے تھے لیکن جس وقت آپ تشریف لیجاتے تھے تمام ناچ رنگ موقوف ہوجاتا تھا۔

معاصرین کی رائیں نواب صاحب اور مرزا کی فارسی دیوانوں میں بعض غزلیں ایک ہی قافیہ ور دیف میں ملتی ہیں جن کے مقطعوں میں دونوں نے ایک دوسرے کے کلام کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے۔ مثلاً نواب صاحب فرماتے ہیں۔

اے حسرتی! امپرسن غالب کہ از غزل ✣ آں کار می کند کہ بہ افسوں نہ کردہ کس

مرزا صاحب فرماتے ہیں۔

غالب ز حسرتی چہ سراید کہ در غزل ✣ چوں او تلاش معنی و مضموں کردہ کس

سچ تو یہ ہے کہ مرزا غالب نواب حسرتی کی سخن فہمی و سخن سنجی کے اسقدر معتقد تھے

کہ ان کے نزدیک نواب ممدوح کے پسند شعرا کے حسن و قبح کے معیار بھی فرماتے ہیں۔ ۵

غالب بہ فن گفتگو نازد بدیں ارزش کہ او + ننوشت در دیوان غزل تا مصطفےٰ خاں خوش نہ کرد

مرزا غالب مرحوم کی پنج آہنگ میں اُن کے بعض رقعات[۱] ملتے ہیں جو انھوں نے

---

۱ "حضرت سلامت۔ مرا کہ زبان درستایش بیقرار است و اندیشہ در سگالش گستاخ۔ امید کہ در آں پایہ بزمرۂ خوشامد گویاں شمردہ نشوم و بدیں مایۂ جرات بزہ مند نگردم۔ بنا میزد تذکرہ ترتیب یافتہ و مجموعہ فراہم آمدہ کہ پیش طاق بلند نامی را نقش و نگار است و نہال نکو سرانجامی را برگ و بار رہرو نظر چوں بہ پیدا ے کنارنا پیدا ے ذوق سخن گام تماشا بردارد توشۂ بہ ازیں برکر نتواند بست خضر با انہمہ جگر تشنگی کہ سکندر داشت لبش بر شحہ آبی تر نتوانست کرد و آں آب از دریا بخشیدن بود۔ شما گروہی را از دور و نزدیک سخن زندگانی جاوید بخشیدید و ایں لختی از عمر بکار دیگراں کردنست جاوداں زندہ باشید کہ سخن گویاں از شما زندۂ جاوید شدند و ہمکنارا بہ نکوئی نام بر آمد بارہی گہر سفتن و خامہ گوہرین نگشتن۔ نامہ در ردیف الف بنگارش اشعار پروین نثار حضرت آزردہ از چہ روست ہر چند ذکر خدام بر جبیں مقام در جریدۂ ایں فن نہ سزاوار شان فضیلت باشد لیکن اگر بمقتضائے فرط محبت جرائی بکار رفت گناہی نبود و در تلافی آں بپوزش نیاز نمی افتادہ ہم در ردیف الف درباب گذارش حال حضرت آشوب فرو ماندۂ کشاکش خیالم یعنی بدالنست نامہ نگار آشوب از اعیان سادات ایں دیار و نامش میرامداد علی و نام پدرش میر روشن علی خاں ست و دریں نسخہ با مداد علی بیگ مذکور شدہ چشم آں دارم کہ اندریں ہر دو باب بدل نشیں پاسخ نشاط اندوزم"

(رقعہ دیگر بقیہ نوٹ میں صفحہ ۵۱ پر ملاحظہ ہو)

نواب صاحب مرحوم کے نام لکھے تھے ان خطوط میں نواب حسرتی کی شاعری اور سخن سنجی کے متعلق مرزا نے اپنے دلچسپ ریمارک دیے ہیں علاوہ ازیں

(بقیہ نوٹ صفحہ ۵۰) "بنواب مصطفےٰ خاں بہادر۔

فرد ۔ مردم ز فرط ذوق تسلی نمی شوم + یارب کجا برم لب خنجر ستائی را

سحرگاہے کہ دلم انہ دہ وشانہ چنانکہ مومن مہر پیشہ از رنج ہمسایہ در آزار باشد بیقرار بود وستم از اشکم بیتابی دل رعشہ دار فرخندہ سروشی از در در آمد و بسپردن بہار سامان نامہ گل بجیب تمنا ریخت ہرچند نامہ سپاس امید را کیمیا و دیدہ جان را توتیا آورد و تارک اقبال را افسر و ہیکل آرزو را زیور بخشید۔ لیکن از انجا کہ آں قدسی مفاوضہ از شعر و غزل چوں نامہ اعمال زاہد از ذکرمی و شاہد سادہ بود دل سود ازدہ بداں نیاسود وخمارم بداں یک دو جرعہ صہبا نشکست گفتم ہر ہی بمژدہ دیدارے کہ دل بہ نشاط آں تواں بستن و نہ کرشمۂ غزلی کہ لب بزمزمہ آں تواں کشودن۔ ہرچند در از نفسے خواہش در آغاز حال بخروشم آوردہ بود و میخواست کہ خواہی نخواہی غبار نالہ بہ پردۂ گوش الہام نیوش نشاند۔ اما دور اندیشی فطرت باخودم درستیزہ انگند و پس ازاں کہ برافتادن پردہ از روے کار و آشکار گشتن راز نارسائی فہم و ناتمامی دانش من بہ ہم نقصانِ خاطر نشان من شد۔ مرا از آہنگ عربدہ باز آورد و مہر خموشی بر دہان نہاد"۔ .... (رقعہ دیگر)

"ولی نعمت طوطیان شکر خا سلامت۔ ہنوز گل افشانی گلبن التفات شش جہت را بہ غالیہ بیزی بوئے گل فراگرفتہ بود یعنی نشاط ورود بہارین صحیفہ از دل بدر نرفتہ بود کہ نخل برومند تفقد از افشاندن بار آغاز کرد ورسیدن ہشت سبد انبہ در روضہائے فردوس بروی آرزو باز کرد زہے انبہ ہاے پاکیزہ شیریں از برون سو بشیر شستہ و از درون سو بشکر انباشتہ بتازگی آب از چشمۂ خضر و با دانہ دم مسیح خوردہ و بشیرینی گوے از شکر و دل از خسرو بردہ بہ پاکیزگی گوہر آب روے (بقیہ نوٹ صفحہ ۵۲ پر ملاحظہ ہو)

ان خطوط سے نواب صاحب ممدوح کی زندگی کے متعلق بھی بعض حالات پر

(بقیہ نوٹ صفحہ ۵۱) خانزادہ ابر و ہوا - و بہ دلاویزی پیکر چشم و چراغ دودۂ برگ و نوا بر منیاں تا ازیں گراں ارز ثمر دست مزد عرق ریزی سعی بجست دفتر از حساب زیاں زدگیہای روزگار گہر سازی نتوانست شست انگور اگر در رسیدگی دانستی کہ آب گشتن و بادہ ناب گشتن دیگر است و چاشنی خدا آفرید ایں شیرۂ پاک دیگر ہرگز آب نخوردی و بار نیاوردی تا دریں ساختگی بر دم در دسر ندادی نیشکر اگر در آغاز کار و ار سیدی کہ بگونہ گون فشار در آمدن و بسعی دیگراں بصورت تنگ شکر برآمدن دیگر است و گوارائی ازل آورد - ایں میوہ نغز دیگر ہرگز سر از خاک برنگردی و با ندانہ درازی بالائے خویش بخاک فرو رفتی تا دریں نموداری بابلہی انگشت نما نشدی اینچہ خامۂ شکر فشاں بداں رفتہ کہ ازیں ثمرہائے بیسرش یک نیمہ پختہ و نیمہ دیگر ہنوز خام است - سبحان اللہ اگر میوۂ طوبی در پختگی بدیں رنگ و در خامی ایں چنیں غالیہ فام است مرغ جان من کہ بہشتیان ببادۂ طہور نگرایند و سبز پوشان آں روضہ نتوانند کہ دل از ہیچکس ربایند - گفتم اینچہ بہ پختگی زرد گردیدہ کرشمۂ کارسازی عنایت است کہ کار بے نوایان بفردا گزاشت و اینچہ پیش از رسیدن زردیدہ اشارہ بجز گرمی ذوق است کہ درنگ در دلجوی روا نداشت - دل گفت ہما نا اینچہ بہ پختگی زرد گردد نہایت شوق است کہ من بداں خرسندم و خورسندی من فراوان باد و اینچہ پیش از رسیدن رسد مژدۂ وصل است کہ من بداں آرزو مندم و دوست مرا بر زباں باد فقط"............ (رقعہ دیگر)

نامہ بنام نواب محمد مصطفٰے خاں بہادر - جان را از تن سپاس و خواجہ را از بندہ نیایش - روز ادینہ چوں شب شد بزم سخن آراستند ازاں رو کہ غزل نگفتہ بودم از شرم تہیدستی پیر در پیش داشتم و رفتن با انجمن مضمونی بود کہ ہرگز بخاطر نمی گزشت ناگاہ نواب ضیاء الدین خاں سلمہ اللہ تعالٰے دو فرشتہ برمن گماشتہ زین العابدین خاں عارف و غلام حسن خاں مجو یعنی ایں ہر دو ابرام پیشہ شام گاہ بخلوت کدۂ تنہائی من آمدند و فیل آوردند و بداں ساں کہ شیر را چوں شکار کنند بر فیل بار کنند مرا با انجمن بردند - دیدار مخدوم و معظم و صدر اعظم مولوی صدر الدین خاں بہادر تلافی رنج راہ کرد بارے صرفہ رہروان دراں بود کہ مولانا صہبائی قدم رنجہ نفرمودہ بودند غزل مولانا صہبائی در زمین طرحی دو سہ بیت دلنشین داشت بالجملہ چوں غزلخوانی سرآمد گرپیانم نمی آید در بحر ہزج مثمن سالم کردند از یاران بندہ میرزا زین العابدین خاں عارف و جواہر سنگھ جوہر در زمین طرح دو غزل خواندہ (بقیہ نوٹ صفحہ ۵۳ پر ملاحظہ ہو)

روشنی پڑتی ہے۔ سرسید[۱] احمد خاں مرحوم نے اپنی کتاب آثار الصنادید میں جہاں

(بقیہ نوٹ صفحہ ۵۲) نقش نغز گوئی بکرسی نشانند۔ من بغزلی کہ ہم در آں روز گفتہ بودم زمزمہ سرائے آمدم۔ غزل۔

صبح شد خیز کہ روداد اثر بنمائیم ٭ چہرہ آغشتہ بخوناب جگر بنمائیم فقط

نامہ نگار اسد اللہ نگاشتہ پنجشنبہ بست وسوم مارچ ہنگام نماز عصر کہ ابر قطرہ فشاں بود و ہوا تگرگ بار فقط

امید گاہا۔ دی آدینہ روز بود دلو بید بزم سامعہ افروز۔ شامگاہ ہماں دو فرخ سروش از در در آمدند و مرا

بانجمن بردند۔ میر نظام الدین ممنون و مولوی امام بخش صہبائی چوں رنجور بودند نیامدند کس بخدمت حضرت

آزردہ فرستادہ شد اگرچہ دیر آمدند اما آمدند۔ دلم را صفا و زبانم را نوا بخشیدند۔ ہفتہ را در زمین گلستن نگار من

قصیدہ اتفاق افتادہ بود۔ آں می سنجیدم کہ ورق را چوں برات نامقبول باز برم ریختہ گویاں را در دسر

ندہم۔ از آمدن حضرت آزردہ دل بخود بالید و زبان بزمزمہ دستوری یافت سحابی نیز ناخواندہ حاضر بود در

زمین گلستن غزلی انشا کردہ۔ چوں قصیدہ ما شنود خجل شد و از گفتہ خود لختی خواندہ درگذشت۔ امروز در

بند آں بودم کہ قصیدہ بر ورقے بنویسم بہ پرستاران در دولتکدہ فرستم تا نیمروز فرصت نگارش دست بہم

نداد ہنگام نماز پیشین بود کہ سحابی و فتاح باہم آمدند آنرا اگر بہ در آستیں و ایں را گلدستہ در دست برید

فرخندہ نامہ بمن سپرد و رفت و ابر باریدن آغاز کرد و ابر قطرہ می ریخت و من آرزوے نامہ گہر می سنجیدم تا اینکہ کلبہ

ام از آب و دامنم از گوہر نایاب پر شد زہے غزل و خوشا غزل پایہ ایں زمین را بآسماں بردہ اند و سخن

را بنوازش زمینیان از آسمان فرود آوردہ سخن سرودن حق شماست اگر ابروے ستودن داشتہ باشیم بر

خود نازمی توانیم کرد زیادہ زیادہ فقط"

رشک طالب و فخر غالب سلامت۔ قصیدہ گلستنی با آنکہ از دلم فرمان رسیدہ و از زبانم بدر نزادیدہ و ہمچناں

در دل جا دارد۔ بمشاہدہ غزلی کہ امروز بمن رسید ہم از دل رفت و ہم از نظر افتاد۔ زہے غزل و خوشا غزل

اگرچہ نارسا بیان و کج مج زبانم۔ اما اگر ہر بیت را جدا گانہ بیک قصیدہ (بقیہ نوٹ صفحہ ۵۴ پر ملاحظہ ہو)

[۱] سرسید مرحوم سے اور نواب صاحب سے ہمیشہ دوستانہ مراسم رہے علیگڑھ میں جب سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد سرسید نے رکھی تھی تو نواب صاحب بھی اس کے ممبر ہوئے تھے۔

شعرائے دہلی کا ذکر کیا ہے - نواب صاحب کا کلام بھی لکھا ہے اور ان کی ثنا و صفت

(بقیہ نوٹ صفحہ ۵۳) ستایم میتوانم آہ ازین مقطع و داد - ازین مقطع زبان ستایش این مقطع گر است با آنکہ در سخن
ہوا خواہ و آفرین گوی شما ستم مرا بر شما بر شک آورد و جادو داں مانید کہ پیکر سخن را جانید - دریں مشاعرہ کہ گزشت
خاک زمین گیر من غبار چشم ریختہ گویاں نگشت - غزل خود یک ہفتہ پیش از روز غزلخوانی گفتہ - بخدمت حضرت
آنسدہ دام بقاوہ فرستادہ ام و سراں داشتم کہ چوں بنامہ کامیاب گردم د آنرا پاسخ نگارشوم و در نگارش
ہماں غزل سرمایۂ من باشد امروز کہ اولا نامہ رسید ہمیں دم بپاسخ نگاری نشستم و تا ورق بپایان نرسید
نان نخورم ÷ فرد - دیدم آن ہنگامہ بیجا خوف محشر داشتیم ÷ خود ہماں شور است کاندر زیست در سر داشتیم "والسلام"
(رقعہ دیگر نظم)
ہاں خواجۂ بے پروا ÷ من بندہ کہ غم ناکم ÷ وز غصہ جگر چاکم ÷ خواہم سخنی گفتن ÷ آں روز کہ میرفتند ÷ آں نامہ فرستادید
کز دیدن آں خوں شد ÷ دل تا جگر از اندوہ ÷ گفتم چہ کنم غالب ÷ چوں کار دگرگوں شد ÷ می بایدم اینک
رفت ÷ تا عذر سخن خواہم ÷ چوں گرد و غباری بود ÷ رفتن نتوانستم ÷ امروز بشام آمد ÷ لا بلکہ سیہ تر شد
سر ماندہ ببالین بر ÷ چوں غم زدگاں خفتم ÷ ہی ہی چہ تواند خفت - آں خستہ کہ غم خوارش - بر زخم نمک
پاشد ÷ وز دیدہ بیدارش ÷ شورابہ رواں باشد - چوں از افق شرقی ÷ خورشید درخشندہ ÷
ناگاہ سری بر زد ÷ آتش بجہاں در زد ÷ مرغ سحری پر زد ÷ رفتم بجگر کاوی ÷ واں راز نہانی را ÷
اندل بزبان دادم ÷ در خلوت تنہائی ÷ بے پردہ چو ہمرازاں ÷ سنے آمد و ہمدم شد ÷ چندانکہ دم
اندر نی ÷ از مہر دمیدم من ÷ چوں من بنوا آمد ÷ واں نالہ کہ بر لب بود ÷ از باطن نے سر زد ÷ آنزم
کہ نفس بانی ÷ زیں گونہ کشاکش کرد ÷ یک کاغذ نانوشتہ ÷ بود است بدستم در ÷ چوں نالہ نمودی داشت ÷
زاں شعلہ کہ دوری داشت ÷ بر صفحہ نشاں ماند ÷ گفتم مگر ایں صفحہ ÷ عمنامۂ رادستی ÷ فہرست نیارستی ÷
باید کہ فرو پیچم ÷ وانگہ بنشان سندی ÷ نزد خواجہ رواں سازم ÷ کوتاہ کنم گفتن ÷ آں نامہ کہ من گفتم ÷ حجاب دیدہ الا
بروند و رواں کردند ÷ ہر چند در اندیشہ ÷ پیداست کہ خوش باشد ÷ با خواجگی استغنا - با ایں ہمہ خوش
بنمود ÷ پوزش نپذیرفتن ÷ دیروز سحر گاہاں ÷ روشن گہر آں نیر ÷ کش روح رواں دانم ÷ بل خوشتر از آں
دانم ÷ دیوان نظامی را ÷ آورد بسوئے من ÷ زیں گونہ نواہا بود ÷ در پردۂ گفتارش - کز ذوق بہ نگارش ÷ ایں
زمزمہ سر کردم ÷ لا لا گہر اکبر خاں خوانند سلام از من" فقط - (ماخوذ از پنج آہنگ غالب)

میں جو نثر لکھی ہی وہ اگرچہ مبالغہ شاعرانہ سے پُر اور خیالات کی بلند پروازی سے مملو ہی لیکن چونکہ وہ اگلے وقتوں کی اُردو زبان کا نمونہ ہی اور اس طرز کی اُردو میں غالباً سرسید کی یہ سب سے آخری تصنیف ہے اس لیے تبرکاً اس کا وہ اقتباس جو نواب صاحب کے متعلق ہے درج ذیل کرتے ہیں۔

"باوجودِ نازونعم وثروت کے مشق سخن کو اس مرتبہ پر پہنچایا ہی کہ قلم تردد سے نہیں آسودہ ہوتا اور فکر تلاش سے بلبل کی سجع خوانی اور قمری کی فصیح بیانی اُنھیں کی نستعلیق گوئی سے مستفاد ہی - یہ پایہ فصاحت کا اور سرمایہ بلاغت کا خداداد ہی - اگر رنگینی مضامین کی گل کو رنگ - اور لطافت عبارت کے گوہر کو آب نہ دے - بلبل کا عشق کامل اور تاج سلاطین کی زینت تمام نہ ہو - انتخاب اُن کے کلام بلاغت نظام کا اس مقام پر سرمایۂ فرحت ارباب نظر ہی۔"

تذکرۂ شعرائے ہند میں جو مولوی کریم الدین مرحوم نے ۱۲۶۲ ہجری میں تالیف کیا تھا نواب صاحب کا ذکر الفاظ ذیل میں کیا گیا ہی:-

"شیفتہ تخلص نواب مصطفےٰ خاں خلف الصدق عظیم الدولہ سرفراز الملک

نواب مرتضےٰ خاں بہادر کا ہی۔ یہ صاحب ذکی و ذہین ہیں۔ امرائے شاہجہان آباد سے بڑے امیر ہیں۔ شاگرد حکیم مومن خاں کے اکثر اشعار ان کے بہت اچھے ہوتے ہیں۔ ایک تذکرہ گلشن بیخار انھوں نے شعرائے اُردو کا اس طور پر لکھا ہے کہ حال سب شاعروں کا فارسی میں شعر اُس کے اُردو ہیں۔

یہ تذکرہ ۱۲۵۰ھ ہجری میں تیار ہوا تھا۔ دو دفعہ مولوی محمد باقر کے چھاپہ خانہ میں چھپ چکا ہے۔ ایک دیوان بھی اُن کا میں نے سُنا ہی کہ تیار ہوا ہی"

تذکرہ گلستانِ سخن میں جو مولانا امام بخش صہبائی کے شاگرد شہزادہ مرزا قادربخش صاحب کی تالیف سے ہی۔ نواب صاحب کا حال اس طرح لکھا گیا ہے۔

بہ درویشی ثنائے مصطفےٰ خاں مسکنی آرے + خوشامد گو نہ تار و حشمت درمیاں بینی

علوم رسمی سے کماینبغی آگاہ۔ اور فنون متداولہ میں کامل دستگاہ۔ اصناف سخن میں قدرت تمام۔ اور فنون سپہگری میں مہارت تام کمال مرتبہ شناسی سے ہر سخن اپنے موقع میں اور ہر نکتہ اپنے مکان میں جلوہ گر۔ جس طرح تیغ ہندی

ریختہ شاہدان شنگول کے غمزہ سے زیادہ تر ناخن بدل زن ہی۔ اسی طرح
بادہ شیراز فارسی خوبان سیاہ مست کی چشم سے زیادہ تر خمار شکن ہی اور جیسے اُس تیغ آبدار
کے سلخ شور اس شہسوار ہنر کو شیفتہ نام سے مشہور کرتے ہیں۔ اس بادۂ صاف کے سرمست اُس می
گسار کمال کو حسرتی کے اسم سے مذکور کرتے ہیں۔ جو کثرتِ اوصاف مہر دہاں اور وفور محامد
بند زبان ہی۔ ناگزیر نظر بر اوصاف اور ذکر مدایح سے تحریر افکار گوہر نثار پر قناعت
کرتا ہوں۔

وفات | ۱۸۶۹ء میں جبکہ عمر گرامی کا ترسیٹھواں[۶۳] مرحلہ تھا آپ کا وصال ہوا اور دہلی میں
حضرت سلطان المشائخ مولانا سید نظام الدین محبوب الٰہی بدایونی رحمتہ اللہ علیہ کے جوار میں
اپنے جد امجد کے مزار کے قریب دفن ہوئے۔ ذیابیطس کا مرض پہلے سے تھا وقت آخر
ہاتھ میں ایک کالا دانہ نکلا تھا وہی موت کا بہانہ ہوا۔ اپنا کفن بیت اللہ شریف
سے ہمراہ لائے تھے اُسی میں کفنائے گئے۔ وفات کے دن جس روز سفر آخرت
درپیش تھا اعزا علاج میں مصروف تھے ڈاکٹر نے ایک نسخہ تجویز کیا جس میں پورٹ وائن
شامل تھی جس وقت یہ نسخہ لکھا جارہا تھا نواب صاحب نے فوراً ہی آنکھ کھولی اور حاضرین
سے کہا کہ میری روح کو اس وقت بڑا صدمہ ہورہا ہی۔ سچ بتاؤ کیا معاملہ ہی؟ اس پر
صاحبزادہ محمد علیخاں صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ہم سے ایک گستاخی ہوئی ہی یعنی

ایک ایسا نسخہ لکھوایا گیا ہی جس میں پورٹ وائن شامل ہو فرمایا کہ" الحمد للہ وقت پہ اطلاع ہو گئی۔ اور موقعہ نہ ملا کہ اس نسخہ کا استعمال کیا جائے" اور یہ بھی فرمایا کہ تم اللہ کا شکر کرنا کہ اُس نے آخری وقت میں تمھارے باپ کو گمراہی سے بچا لیا۔ کہ اُسے اپنی صحت کے لیے احکام شرعی کی خلاف ورزی کا موقعہ نہ ملا"

آپکی وفات[1] کی تاریخ کلام پاک (سورۂ دہر) کی اس آیت سے برآمد ہوتی ہے۔

وَجزاهم بما صبروا جنة وحريرا "یہ مادہ تاریخ مولانا حالی مرحوم و مغفور نے اسی زمانہ میں نکالا تھا جو آپ کے مزار مبارک پر کندہ ہی۔ فقط خاکسار

نظامی بدایونی

۲۲- نومبر ۱۹۱۵ء

[1] آپ کی وفات کے متعلق دیگر و متعلقات تاریخ ہمیں مولانا شاہ محمد یعقوب صاحب مجددی پانی پتی مدظلہ سے ملے ہیں جو یہ ہیں۔

(از جناب خواجہ کرامت علی صاحب مرحوم انصاری پانی پتی)

چو رفت از جہاں مصطفےٰ خاں امیر ✣ کہ بود اصل پاکیزہ و پاک فرع
خداوند تقوےٰ خداوند زہد ✣ فقیر آشنا سالک راہ شرع
شد از فوت آں بے سرو پا تمام ✣ وقار - کرم - بذل و - تقوےٰ و - ورع

۲۰۰ ۔ ۱۰۶ ۔ ۱۲۸۶ھ

(از جناب خواجہ امداد حسین صاحب مرحوم تخلص بہ مظہر پانی پتی)

چوں رئیس ابن رئیس نامدار ✣ کرد رحلت زیں جہان بے بقا
سال تاریخ وفاتش فی البدیہہ ✣ ملہم غیبی بمن کردہ عطا
کز سرِ رازی بباید گفت ایں ✣ رحمت حق بر محمد مصطفےٰ

۱۲۸۶ھ

کلام ریختہ پر ایک نظر

نواب صاحب کا دیوان ریختہ محض غزلیات کا ایک مختصر مجموعہ ہی اصناف نظم میں سے کوئی اور صنف اس میں نہیں ہی اس کی وجہ یہ ہی کہ آپ نے ریختہ کو اپنا خاص فن نہیں بنایا تھا کہ ہر صنف پر توجہ فرماتے۔ جو کچھ کہا گیا ہے صحبت احباب کا نتیجہ اور عہد شباب کا تحفہ ہی۔ جب سے حلقۂ صوفیہ باصفا میں داخل ہوے تو اشغال وافکار باطنی نے فکر سخن سے دل سرد کر دیا اور اس فن کو تضیع اوقات کا موجب سمجھنے لگے۔ اثنائے غزل میں کہیں کہیں قطعہ بند اشعار بھی آگئے ہیں ان میں سے دو قطعے یہ ہیں۔ جن سے بیان کی وسعت ظاہر ہوتی ہی اور سلسلۂ سخن ایسا مربوط ہے کہ جب تک نتیجہ نہیں سن لیتا سامع کی توجہ قائم رہتی ہی۔

(۱)

کہا کل میں نے اے سرمایۂ ناز	تلوّن سے بھی تمکو مدّعا کیا
کبھی مجھپر عتاب بے سبب کیوں	کبھی بے وجہ غیروں سے وفا کیا
کبھی محفل میں وہ بے باکیاں کیوں	کبھی خلوت میں یہ شرم و حیا کیا
کبھی تمکین صولت آفریں کیوں	کبھی الطاف جرأت آزما کیا

کبھی وہ طعنہ ہائے جاں گزا کیوں
کبھی یہ غمزہ ہائے جاں فزا کیا

کبھی شعر و غزل سے ہے یہ نغمہ سازی
کبھی کہنا کہ یہ تم نے کہا کیا

کبھی بے جرم یہ آزردہ ہونا
کہ کیا طاقت جو پوچھوں میں خطا کیا

کبھی اس دشمنی پر بہرِ تسکیں
پئی ہم جلوہ ہائے دل ربا کیا

یہ سب حال اُس نے سُن کر بے تکلف
جواب اک مختصر مجھکو دیا کیا

ابھی اے شیفتہ واقف نہیں تم
کہ باتیں عشق میں ہوتی ہیں کیا کیا

(۲)

ساقی کو میکدہ میں سرِ ناو نوش ہی
صوفی کو خانقہ میں سرِ وجد و حال ہی

عاشق کو اضطراب ہی عجز و نیاز سے
معشوق کو غرور ہی غنج و دلال ہی

منظور ہی حکیم کو ہر شی کی معرفت
حالانکہ اپنی معرفت اُس کو محال ہی

ہر کام فلسفی کا سفاہت کے ساتھ ہی
ہر بات منطقی کی مراءِ جدال ہی

اربابِ حکمتِ نظری کو عمل نہیں
اہلِ کلام کو ہوسِ قیل و قال ہی

جن کو کہ دستگاہ ہی فنِ نجوم میں
عمران کی صرف زائچۂ ماہ و سال ہی

ہیں بعض لوگ درپئے اسراف رات دن
بعضوں کو روز و شب سرِ توفیر مال ہی

بعضوں کو ہی مذاق میں فخر نسب لذیذ
بعضوں کو ذوق دعوئ فضل وکمال ہی

مفلس کو فکر ہی کہ کسی ڈھب سے کچھ ملے
منعم غزلوں لجتہ بیم و زوال ہی

جو ہیں حریص سیر چمن ان کو بزم میں
ذکرِ شجر کبھی کبھی فکر نہال ہی

جی میں کسی کے خواہش آرایش لباس
دل میں کسی کے حسرتِ جاہ جلال ہی

کوئی طلب میں اشہبِ گلگوں نفیر کی
کوئی اسیر شوق شکارِ غزال ہی

کوئی فدائے قامتِ آفت خرام ہی
کوئی خراب نرگسِ جادو مثال ہی

ناحق کسی کو شکر کسی کو شکائیتں
بے وجہ کوئی خوش ہی کسی کو ملال ہی

کس واسطے ہم آئے ہیں دنیا میں شیفتہ
اس کا جو دیکھیے تو بہت کم خیال ہی

طرز مومن خانی

اگرچہ حضرت شیفتہ کو کلام ریختہ میں مومن خاں مرحوم سے نسبت تلمذ تھی لیکن انداز سخن میں استاد کے مقلد نہیں ہیں بلکہ ایک طرز خاص رکھتے ہیں چنانچہ خود فرماتے ہیں ؎

نرالی سب سے ہی اپنی شیفتہ اپنی روش لیکن
کبھی دلمیں ہوائے شیوۂ ہا ہیر پھرتی ہی

پھر بھی استاد کی روش خاص پیا جو کچھ فرمایا ہے وہاں دونوں کے کلام میں فرق

دشوار ہی۔

شمیمِ زلف یہ ہی ہی تو وحشتِ دل لے
کب انتظار کیا موسمِ ریاحیں کا

یکتا کسی کو ہم نے نہ دیکھا جہان میں
طولِ امل جواب ہی زلفِ دراز کا

آپ جو ہنستے رہے شب بزم میں
جان کو دشمن کی میں رویا کیا

یاں سے حرفِ ملامت اور اُن کہاں عرضِ نیاز
سخت جاں میں کب نہ تھا اور نازنیں تم کب نہ تھا

اُن سے نازک کو کہاں گرمیٔ صحبت کی تاب
بس کلیجا نہ پکا اے طمعِ خام اپنا

اپنے جوار میں ہمیں مسکن بنا دیا
دشمن کو اور دوست نے دشمن بنا دیا

دامن تلک اس کے ہائے نہ پہنچا کبھی وہ ہات
جس ہات نے کہ جیب کو دامن بنا دیا

لگتی نہیں پلک سے پلک جو تمام شب
ہی ایک شعبدہ مژۂ نیم باز کا

کب ہمیں حاجتِ پرہیز پڑی
غم نہ کھایا تھا کہ سم یاد آیا

اُس سے میں شکوہ کی جا شکرِ ستم کر آیا
کیا کروں تھا مرے دل میں سو زباں پر آیا

نہ دیا ہائے مجھے لذتِ آزار نے چین
دل ہوا رنج سے خالی بھی تو جی بھر آیا

وہ صبح جلوہ جلوہ گر باغ تھا جو رات
مرغِ سحر نے دھوم مچائی تمام شب

میرے آنے سے تم اُٹھ جاتے ہو
بزمِ دشمن میں نہ آؤں کیوں کر

زندگانی سے خفا ہوں اپنی
پھر کہو تم کو سناؤں کیوں کر

وضع حفظ ہی تو عشرتِ صحبت معلوم	بزمِ اغیار سے کم محفلِ احباب نہیں
ننگیں ہی بیگناہوں کے خوں سے سوادِ شہر	حالانکہ واں ہنوز سرِ امتحاں نہیں
ہر چند کہ ہی آپ سے ملنے کی تمنا	پر آپ سے ملنے کی تمنا نہیں رکھتے
بے عذر وہ کر لیتے ہیں وعدہ یہ سمجھکر	یہ اہلِ مروّت ہیں تقاضا نہ کریں گے
کہا کہ تنگ ہوں اتنی بھی بدگمانی سے	کہا جو ڈر ہی مجھے ایسی مہربانی سے

تصوف

تصوف بھی مضامین غزل کا ایک دلاویز عنصر ہے۔ بعض شعرا اس مضمون میں تقلیداً و رسماً طبع آزمائی کرتے ہیں۔ لیکن حضرت شیفتہ کا یہ خاص مشرب ہی اور اس باب میں جو کچھ فرمایا ہی اُس سے رنگ تحقیق تراوش کرتا ہی غالباً کوئی غزل مضامین تصوف سے خالی نہیں۔ اُس میں سے چند شعر اس موقع پر ہدیۂ ناظرین ہیں۔

پیمانِ ترک جاہ لیا پیر دہر نے	پیمانہ دے کے بادۂ عنبر شمیم کا
وہ طرفہ حال کہ جس سے جماد رقص کرے	نہ رنگ ہی متغیر ہوا اہلِ تمکین[1] کا

[1] صوفیہ کرام کی اصطلاح میں اہل تمکین وہ ہیں کہ ایک حال پر قائم ہوجاتے ہیں اور اہل تلوین وہ ہیں جن کی حالت واردات کے موافق متغیر ہوجاتی رہتی ہے۔ ۱۲

تیرے گدا کو سلطنتِ جم سے کیا کہ ذوق	ہی کاسۂ شکستہ میں جامِ دو نیم کا
یاں خارِ جنس کو بے ادبی سے نہ دیکھنا	ہاں عالمِ شہود ہی آئینہ ذات کا
کہاں پھر وہ نایاب پایا جسے	غلط شوق ہی جنس نایاب کا
کل نغمہ گر جو مطرب جادو ترانہ تھا	ہوش و حواس عقل و خرد کا پتا نہ تھا
کل شیفتہ سحر کو عجب حال خوش میں تھے	آنکھوں میں نشہ اور لبوں پر ترانہ تھا
وجد کو زمزمۂ مرغ سحر کافی ہے	شیفتہ نازِ مغنی و مزامیر نہ کھینچ
جو بات میکدے میں ہی اک اک زبان پہ	افسوس مدرسے میں ہی بالکل نہاں ہنوز

میکدہ یا میخانہ سے حلقۂ مردانِ خدا مراد ہوتا ہے اور میکش سے سالک اور مے و بادہ سے کیفیات قلبی - ۱۲

اکثر ہوا ہے مجکو سفر در وطن مگر	لایا نہ دوستوں کے لیے ارمغاں ہنوز
اک شب ہوا تھا جلوہ نما چرخ پر وہ ماہ	مدہوش ہیں ملائکۂ آسماں ہنوز

اس شعر میں لفظاً کوئی صراحت نہیں لیکن حقیقت میں یہ نعت ہی رسول کریم صلعم کی - ۱۲

میخانہ میں تمام جوانی بسر ہوئی	لیکن ملا نہ منصبِ پیرِ مغاں ہنوز
اے تابِ برق تھوڑی سی تکلیف اور بھی	کچھ رہ گئے ہیں خار و خس آشیاں ہنوز

برق سے تجلیات جلال و جمال مراد ہیں اور خار و خس سے تعلقات کونی - ۱۲

عبث ہے شیفتہ ہر اک سے پوچھتے پھرنا
ملے گا بادہ کشوں سے نشان بادہ فروش

وجد میں لائے اہلِ درد ہمیں
باد کے ساتھ خاک ہے رقاص

قسمت اُس کی خبر نہ ہو جس کو
عام اس دور میں ہے بادۂ خاص

اہلِ طریق کی بھی روش سب سے ہے الگ
جتنا زیادہ شغل زیادہ فراغ بال

پیرِ مغاں کے فیض توجہ سے شیفتہ
اکثر شراب پیتے ہیں روحانیوں میں ہم

کچھ درد ہے مطربوں کی لَے میں
کچھ آگ بھری ہوئی ہے نَے میں

بدمست جہان ہو رہا ہے
ہے یار کی بو ہر ایک شے میں

میخانہ نشیں قدم نہ رکھیں
بزمِ جم بارگاہ کَے میں

مطرب بدیع نغمہ و ساقی پری جمال
کیا شرح حالتِ دلِ درد آشنا کروں

ڈر ہے کہ ہو نہ شوق مزامیر شیفتہ
ورنہ کبھی سماع مجرد سُنا کروں

جام مے دے کہ وہاں کام پڑا ہے مجھکو
کہ صبا کو بھی جہاں دخل سفارت میں نہیں

ہم ہیں ایسے فراخ رو درویش
محفلِ بادشہ سے عار نہیں

ہر شغل میں اہم ہے نگہبانیِ نفس
اس سے سوا جہان میں شغلِ اہم نہیں

واقفِ اسرارِ معانی سے
جز حریفانِ بادہ خوار نہیں

ہم آئے ہیں جہاں سے اُسی کا خیال ہے
جز شاخ سدرہ ہم کو سرِ آشیاں نہیں

قطع نظر جو نقش و نگارِ جہاں سے ہو
دیکھو وہ آنکھ سے جو نہ دیکھا ہو خواب میں

اُس صوتِ جاں نواز کا ثانی بنا نہیں
کیا ڈھونڈھتے ہو بربط و عود و رباب میں

پائی ہی بوے دوست عنادل نے باغ میں
پروانوں پہ ہوئی ہی تجلّی چراغ میں

حجابِ منظرِ مقصود ہی طلسمِ خودی
جو یہ طلسم نہ ٹوٹے تو فتح یاب نہ ہو

بہت ہی دھوم مچاتے ہیں میکدے میں رند
مجھے یہ ڈر ہی کہیں مدرسہ خراب نہ ہو

صدق و صفا و مہر و وفا واں نہ ڈھونڈھنا
جس شہر و دیہہ میں کہ سرائے مغاں نہ ہو

اے مرگ آکہ میری بھی رہجائے آبرو
باندھا ہی اُس نے سوگ عدو کی وفات کا

کیا وہ متاع جس کے نہ ہو کوئی گھات میں
ڈرتا ہوں میں جو زد پسِ کارواں نہ ہو

نغمہ پہ درد ہی شورش سے افاقت معلوم
بادہ پُرزور ہی کیا نشہ کی شدت معلوم

جو کہ ہوا محو تجلّیِ ذات
خاکِ در اُس شخص کی اکسیر ہے

شیفتہ وہ کہ جس نے ساری عمر
دینداری و پارسائی کی

آخر کار می پرست ہوا
شان ہی اُس کی کبریائی کی

راز پوشیدہ پوچھیے کس سے
بے خبر ہی جو باخبر کچھ ہی

پند و حکمت

حضرت شیفتہ کے کلام میں پند و حکمت کا عنصر بھی پایا جاتا ہے اور یہ قدماکی روش ہی۔

تم کو نہیں جو عُجب تعجب ہی شیفتہ
نفسِ سرکش کی کسی ڈھب سے رعونت کم ہو

منع کی حرص پر انسان ہوا ہی مجبول
یہ ہی نصیحتِ پیرانِ کارِ اُفتادہ

اپنا ٹوٹا گھر بہت مرغوب ہی
واعظ کے قول خوب ہیں ندوں کے فعل خوب

فعلِ حکیم عینِ صلاح و صواب ہی
ہی فی زمانا یہ سرشتِ کرام میں

چاہتا ہوں وہ صنم جبیں محبت کم ہو
ناصحو! دوست اگر ہو تو نصیحت کم ہو

کہ بدبلا ہی جوانی ڈرو جوانی سے
بارگاہِ ثابت و سیّار سے

وہ اُس سے سیکھ لیجے یہ اُن کو سکھائیے
ساقی اگر شراب نہ دے سرگراں نہ ہو

اُردو کے ساتھ عربی جملوں کو نظم کرنے کی قدرت

حضرت شیفتہ چونکہ عربی فارسی اور ریختہ تینوں زبانوں میں قدرت سخن گوئی رکھتے تھے۔ اس لیے کلام ریختہ میں کہیں کہیں عربی جملوں کی تضمین نہایت پُرلطف واقع ہوئی ہی اس روش میں بالکل خواجہ حافظ سے مماثلت پیدا ہو گئی۔ اور بعض

غزلوں میں برسم شعرائے عرب محض قافیہ پر قناعت کی ہے۔

کیا مزا تم سے آشنائی کا	بیت	ما شربتم مداہنۃ الاخلاص
شیفتہ نے ہماری داد نہ دی	″	سچ ہے القاص لا یحب القاص
کیا کچھ وہاں سے منزل مقصود پاس ہے	″	یا ایہا الذین سکنتم علی الجبال
ہم اگلے عشق والوں کی تقلید کیوں کریں؟	″	اے خردہ گیر نحن رجال و ہم رجال

حُسنِ معانی

ضوابط نظم اور قواعد شعر سے بالاتر ایک حسن معنوی اور تاثیر مخفی ایسی ہوتی ہے جس کا لطف وجدان صحیح و ذوق سلیم ہی پا سکتا ہے۔ ایسے اشعار بھی حضرت ممدوح کے کلام میں جستہ جستہ نظر آتے ہیں۔

نالے فائدہ ہے وہم کہ کیوں بے خبر آیا ؟	اس راہ سے جاتا تھا ہمارے بھی گھر آیا
اپنی محفل سے یہ آزردہ اُٹھایا مجھکو	کہ منانے کے لیے آپ مرے گھر آیا
وہ مجھسے خفا ہے تو اُسے یہ بھی ہے زیبا	پر شیفتہ میں اُس سے خفا ہو نہیں سکتا
میں بے جرم رہتا ہوں خائف کہ واں	جفا میں نہیں دخل اسباب کا
صحرا بنا رہا ہے وہ امنوس شہر کو	صحرا کو جس کے جلوہ نے گلشن بنا دیا

مشاطہ کا قصور سہی سب بناؤ میں
کھیل نہیں کچھ۔ کہ دکھا دوں تمھیں
تکلیف شیفتہ ہوئی تم کو مگر حضور!
اس نوبہارِ حسن کو بدنام مت کرو

دھوکا مجھی کو صرف نہیں میل پایہ کا
کہوں میں کیا کہ کیا دردِ نہاں ہے؟
اس لیے ہی کیا نگہ کو پُر فن بنا دیا
فرض کیا آہ میں تاثیر ہے
اس وقت اتفاق سے ہیں وہ عتاب میں
تھی شیفتہ کے پہلے ہی شورش دماغ میں
دیکھا بڑے بڑوں کو اسی اشتباہ میں
تمھارے پوچھنے ہی سے عیاں ہے

پہلا مصرعہ ایک معمولی بات ہے مگر دوسرے مصرعہ نے اس کا رتبہ بہت ہی بلند کر دیا ہے۔ یعنی تمھارا پوچھنا ہی دردِ نہاں کی حقیقت کا ثبوت ہے۔ ۱۲

ہم سے وہ ناحق جو خفا ہو گئے
بھڑک گئی نم شبنم سے اور آتش گل
اُن کی باتیں اُس نے بھی چھپ کر سنیں
شیفتہ کچھ اپنی ہی تقصیر ہے
یہ کیسی آگ ہے دونی ہوئی جو پانی سے؟
آج ناصح کو نصیحت ہو گئی

شوخی و ظرافت

نواب صاحب کی طبیعت میں متانت و سنجیدگی کا مادہ زیادہ تھا۔ اس لیے شاعرانہ شوخی و ظرافت ان کے کلام میں کم پائی جاتی ہے۔ پھر بھی جو کچھ ہے

نہایت خوب ہے۔

وہ شیفتہ کہ دھوم تھی حضرت کے زہد کی
میں کیا کہوں کہ رات مجھے کس کے گھر ملے

جلد منگواؤ شراب گل رنگ
شیفتہ ساقی گل فام آیا

پانی وضو کو لاؤ رخ شمع زرد ہے
مینا اٹھاؤ وقت اب آیا نماز کا

اس شعر میں محض شاعرانہ شوخی ہی نہیں بلکہ ایک پہلو تصوف کا بھی ہے یعنی مینا سے وہ اذکار و اشغال مراد ہیں جو سالکان طریقت کے ذوق و شوق و وجدان کو بڑھاتے ہیں اور ان اشغال کا وقت قبل نماز صبح ہے۔

ہم طالب شہرت ہیں ہمیں ننگ سے کیا کام
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

کمی تھی حالت رندی میں اس کو کیا یارو؟
کوئی یہ پوچھے کہ کیوں شیفتہ بنا واعظ؟

رند فارغ بھی ہوئے جام سحرگاہی سے
اور زاہد ابھی آہنگ طہارت میں نہیں

پارسا کیا ہوئے تم شیفتہ سادے بھی ہوئے
باغ کو چلتے ہو اور ساتھ مئے ناب نہیں

پیری میں سیر باغ کی تقریب شیفتہ
معشوقہ ساتھ ہے نہ خلل ہے دماغ میں

شیفتہ اک رند مشرب شخص ہے
کس سے لوگوں کو عقیدت ہوگئی

شیفتہ وہ کہ جس نے ساری عمر
دینداری و پارسائی کی

آخر کار مے پرست ہوا
شان ہے اس کی کبریائی کی

کمبخت گالیاں بھی نہیں تیرے واسطے		جس لب کے غیر بوسے لیں اُس لب سے شیفتہ

اس قطعہ میں منشائے شوخی محض لفظ مرپرست ہے جس سے صوفیہ کی اصطلاح میں کیفیات باطنی کا ذوق وشوق مقصود ہے۔ ۱۲

محاورہ بندی

بعض شعرا کے اشعار کی بنیاد محض محاورات پر ہوتی ہے اگرچہ نواب صاحب کا شیوہ خاص معاملہ بندی ہے لیکن جہاں کہیں محاورات و امثال کو باندھا ہے اس کی بندش بے تکلف اور بامزا ہے۔

دل ہوا رنج سے خالی بھی تو جی بھر آیا		نہ دیا ہائے مجھے لذتِ آزار نے چین
جان کو دشمن کی ہیں رو دیا کیا		آپ جو ہنستے رہے شب بزم میں
منہ میں بھر آتا ہے پانی۔ جام مینا دیکھکر		میں کمین تو بیہوں آپ لیکن کیا کروں
گھی کے جلیں گے آج تو دشمن کے گھر چراغ		ہے شمع انجمن وہ مہ آتشیں عذار
بگڑی ہے تیرے دور میں ایسی ہوائے گل		بلبل کو بھی نہیں ہے دماغ صدائے گل
کہ مجھکو اپنے پرائے سبھی جلاتے ہیں		چراغ وقف محبت نے کر دیا افسوس
منہ لگاتا ہے کون سائل کو		بوسۂ لب نہ مانگنا اے دل

غیر سے کب ہوا ہی ترک کلام
ڈوب مرنے کی جگہ ہی غسل صحت ہجر میں
کیوں کر مجھے خط رقم کریں گے
ذکر وصال غیر و شب ماہ و بادہ سے
مُنہ بنائے ہوئے اُس کو سے گزر کرتا ہی
ناصح تری زبان ترے بس میں جب نہو

باتیں تم ہم سے بھی بنانے لگے ؟
روئے دیتا ہوں احبا کی بہار کہا دے سے
کیا غیر کا سر قلم کریں گے
ایسے لیے گئے - ہمیں طعنے دیا کیے
ابتو لو غیر بھی دل میں مرے گھر کرتا ہی
انصاف کر کہ دل پہ مرا زور کیا چلے ؟

دیوان فارسی ایک نظر

اس دیوان میں سات قصیدے - متعدد قطعے اور باقی تمام تر غزلیات ہیں - ان سات قصیدوں میں سے چھ قصیدے نعت سرور کائنات میں ہیں اور ایک جناب علی مرتضےٰ کی منقبت میں -

نواب صاحب نے امرا و ملوک کی مداحی کبھی نہیں کی - نہ ان کی طبیعت کے مناسب تھی - قصیدہ کا جو انداز رائج ہوگیا ہی وہ حقیقت میں بھٹئی ہے - نواب صاحب جیسے دیندار - صوفی منش - کی شان سے بعید تھا کہ شاعری کے اس میدان میں طبع آزمائی کرتے - نہ اُن کو صلہ کی حاجت تھی نہ شاد

امرا کی حضور میں رسوخ کی پروا۔ سیر و سلوک باطن نے نام و نمود کی ہوس بھی مٹا دی تھی۔ لہذا اس صنف پہ قلم نہ اٹھانا بالکل بجا تھا۔

قصیدہ اول

گر سر بر آشتی و مدارا بر آورم — پرخاش از سکندر و دارا بر آورم

از قید نہ رواقِ نگارین بر آورم — یوسف ز ہفت کاخِ زلیخا بر آورم

اول ز آب چشمہ کوثر وضو کنم — وانگہ نفس بنعت مزکّی بر آورم

قصیدہ دوم

رستم از ہجر و بمنزل گہ جاناں رفتم — جانبِ گل کدہ از دشتِ مغیلاں رفتم

نورِ من شمعِ رہِ خضر شد اندر ظلمات — کہ شبِ تار بسرِ چشمۂ حیواں رفتم

خود ندانی اثرِ فیضِ مزارِ شاہ ست — کہ بہم پائیِ دل ناصیہ سایاں رفتم

آں بدریائے رسالت گہرِ یک دانہ — کہ ز فیضش نہ بدریوزہ عماں رفتم

مطلع قصیدہ سوم

کارے بحسب خواہشِ دل در جہاں مخواہ	تغییر رسم کہنۂ ہفت آسماں مخواہ

مطلع قصیدۂ چہارم

اے در حسد بہ بزم تو از ساغر آفتاب	با آنکہ اشرف ست ز ہر اختر آفتاب

مطلع قصیدۂ پنجم

زیں بعد ما و در غمِ دل ناگریستن	گشت آشنائے نرگس شہنا گریستن

مطلع قصیدۂ ششم

نسیم صبح آمد سوے من از ساحتِ گلشن	پر از ریحان و گل جیب۔ آستیں از لالہ و سوسن

مطلع قصیدۂ ہفتم

دوش کاں رشک ماہِ کنعانی	ہم چو خور کرد پرتو افشانی
بحر جود و کرم علی کہ کفش	در فشاند چو ابر نیسانی

غزلوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کلام میں سلاست، روانی۔
سنجیدگی۔ بندش کی چستی مشق و مہارت کا نتیجہ اور شیرینی و لطافت خداداد ہر
معنوی نزاکت اور اسلوب بیان کی تازگی آپ کی فکر سلیم کا خاصہ ہر۔

افسوس ہر کہ اس زمانہ میں زبان فارسی کی کساد بازاری ہوگئی۔ ورنہ حسرتی
کے دیوان کی قدر و شہرت اساتذہ ماضی کے دواوین سے غالبًا کم ہوتی۔
بعض غزلوں کے مقطعے اس طرف اشارہ کرتے ہیں کہ نواب صاحب کو نظیری
کی روش بہت پسند تھی چنانچہ کہتے ہیں ؎

جز حسرتی بپایۂ او کس نمیرسد   در حیرتم کہ کار نظیری کجا رسید

نظیری متاخرین میں غزل کا استاد مانا گیا ہے اور اُس کا کلام معنوی نزاکتوں
کے لیے مسلم ہر۔

مولانا حالی مرحوم فرماتے تھے کہ اواخر عمر میں نواب صاحب کو فکر سخن کا
اتفاق ہوتا تو خواجہ حافظ کی روش پر کہتے تھے۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ آخری کلام
دیوان میں داخل نہیں ہوا۔

زیادہ حصہ نواب صاحب کے کلام کا صوفیانہ خیالات سے پُر ہر اور یہی آپ کا مشرب
خاص تھا۔ عاشقانہ اشعار جو غزل کی اصل و بنیاد ہیں ان میں بھی تصوف کا پہلو اکثر

اکثر نمایاں ہے بعض اشعار حکمت و موعظت یا اخلاق سے متعلق ہیں۔ البتہ شوخی و ظرافت کا مضمون شاذ ہے۔

بعض غزلوں میں ایک دو شعر صوفیانہ و عاشقانہ مذاق کے ایسے بھی ملتے ہیں جو مطالعہ کرنے والے کے دل پر وجد کی کیفیت پیدا کرتے ہیں۔ اور حقیقت میں یہی شاعری کا اعجاز ہے۔ مندرجہ ذیل اشعار مثال کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں جن کے مطالعہ سے ناظرین یہ اندازہ کر سکیں گے کہ حسرتؔ اپنے جذبات اور خیالات کو نظمِ فارسی میں ظاہر کرنے پر اسی طرح قادر تھے جس طرح ریختہ میں فرماتے ہیں :—

اے فیضِ تو بکشودہ زباں ما بہ بیاں ہا	[illegible]	حمدِ تو فرو بستہ۔ بیاں ہا بزباں ہا
در پردہ چو بودی ہمہ در کتمِ عدم بود	=	اشباح منور شدہ از لمعۂ جاں ہا (ابسام ۱۲)
در دہر جز خرابات جائے دگر نیابی	[illegible]	آنجا کہ خندہ آید بر بادشہ گدا را
بجز امید کہ ایمانِ عشق کیشان ست	[illegible]	کسے نداد تسلی۔ دل زلیخا را
مرید پیرِ مغاں شو۔ کہ از اطاعتِ او	[illegible]	گزیر نیست۔ جوانانِ بادہ پیما را
دی سوختہ ایں سخنِ لغز بمن گفت	=	کز آتشِ دل خشک کنی دامنِ تر را
خندہ چہ خوش شیوہ ایست از پسِ خشم و عتاب	[illegible]	لذتِ دیگر دہد زخمِ نمک سود را

خلوت خوش است ساقی و مطرب نے بزم را	تصوف	از گل پیالہ خواہ و ز بلبل ترانہ را
آں بس سادہ رخاں را تکلف آئین است	تغزل	گر زینت ز آرائشِ لباس مرا
بہ آبروئے محبت نگر کہ بنشاند	=	فرازِ مسندِ دیبا۔ بایں پلاس مرا
امشب کہ تکلفی نہ کردم	=	مہر ست چراغ محفلِ ما
از رفتنِ ہر دوست شد آخر	۔	کاشانۂ غیر۔ منزلِ ما

ہر کس کہ قتیل غمزہ اش شد
ای حسرتی! اوست قاتلِ ما

یہاں رشک و رقابت کا مضمون نہایت عمدہ الفاظ میں ادا ہوا ہے دوسرے معنے مذاق صوفیہ میں یہ ہو سکتے ہیں کہ "مقتول غمزۂ دوست ہی میرا قاتل ہو سکتا ہے۔ یعنی اہل فنا ہی مرتبہ اہل فنا میں پہنچا سکتے ہیں۔

"اقتلونی اقتلونی۔ یا ثقاۃ
ان فی قتلی حیاۃ فی حیاۃ"

ما حسرتی! ز شیوۂ غالب گرفتہ ایم	تصرف	آمیختن بہ بادۂ ہمانی۔ گلاب را
وہ کہ ز ما رہ وا نشد۔ کارِ کسے بزندگی	تصوف عاشقانہ	کاش بر ند بعدِ مرگ۔ بہرہ ز سنگ و خشتِ ما
چشم انہزار ناز تو پوشد کسے چرا	تغزل	دل را بیک کرشمہ فروشد کسے چرا

رحم ست بر کسے کہ دراں کوے می رود در دست نامۂ من و بر لب سلام ما		ناصر علی

ملک بیکار دشمن را بسویش التجا آرد	[illegible]	اگر بہ بند جراحت ہائے مژگان در آغوشش را
ای بیخبر چہ فائدہ؟ از استراق سمع	نعمت	بے حرف و صوت نیز بیاید خبر مرا
راز نہفتہ گفتم اگر ساقیا! مرنج	=	می گفتمت کہ بادہ مدہ این قدر مرا
ز لالہ دیدن لالہ گریت ہوس است بخواب	ہمت	بہار قدرت صانع چو دیدنی ست مخسپ
دور نبود اگر آں مرد سبکتاز رسد	نعمت	کہ سرآمد رہ و پیوند است کہ آغاز نہ ہست
آنچہ خواہند و بیابند۔ نخواہند آنرا	=	این سخن شمۂ از ہمت درویشان ست
پوشیدہ خورم بادہ و آہ ہمہ کنم وجد	=	در اہل خرابات رہ و رسم ریا نیست
گر بام بلند است۔ کمند دگر آور	ہمت	واماندگی از سعی روا نیست روا نیست
در چارۂ او کوش کہ دیوانہ است امروز	ناصر علی	از نکہت گل بوے ترا باز ندانست

یہ مضمون نہایت لطیف و تازہ ہے کہ عاشق دیوانہ بوئے گل و بوئے یار میں تمیز نہیں کرتا۔

از بیم تو شب حسن تی نزار ہمی کرد	نعمت	زین گونہ صدا ہا۔ کہ کس آواز ندانست
چشم وصل ست کہ می میرم و نتوانم مرد	=	پاس راز ست کہ می سوزم و نتوانم سوخت

ذوقِ این نغمہ از خویش بُردم آورد — تصوف — می سرایند کہ دل دادہ و دلداریکی است

اضطرابِ وگر افزود۔ دلِ شیدا را — = — التفاتِ تو کہ ما نا بمدارا ے ہست

یعنی اہلِ عشق و محبت حصول مراد و مقصد سے نہایت خائف رہتے ہیں اور اسکو وادیِ عشق کے عقبات سے سمجھتے ہیں۔

مشاطہ را بگو کہ بہ بزمِ ہوس رود — نتیجہ — در چشمِ عشق زلفِ تو بے شانہ خوشتر است

یعنی ناظرینِ مناظرِ حسن وقدرت عاشق زار اور مصنوعی خوبیوں کے دلدادہ ہوس کار ہیں۔

کُشت او مرا و ہیچ شنیدی چگونہ کشت ؟	نتیجہ	زاں پیشتر کہ تیغ کشد۔ خوں بہا گرفت
نگاہ کاوشِ غارتگرا فتاد	=	مسلمانانِ غمِ ایمان ضرور است
کار ہمت نہ باندازۂ طاقت باشد	نتیجہ	مرغِ بسمل شدہ را ہم سرِ پروازے ہست
دمِ جاں پرورِ او ہر چہ کہ دانم دانم	=	از ادب گرچہ نگوییم کہ اعجازے ہست
دُردی کشاں چو سوئے خرابات رو کنند	=	اوّل بآبِ چشمۂ حیواں۔ وضو کنند
صد پردہ۔ بروئے دوست بستند	=	زان جملہ۔ یکے۔ جمال باشد
جُز من زِ مانِ قتل۔ بقاتل دعا کہ کرد ؟	=	گو مُزد سہل بود۔ ولیکن ادا کہ کرد ؟
پہلوے غیر بہ بزمش نکنم جائے کہ نیست	نتیجہ	چشم آنم کہ نگاہِ غلط اندازکند

فریاد ز تقوے کہ بنروش نتواں رفت	عاشقانہ	آہ! از روشِ او کہ بسر بام نیاید
فتنہ را از قدِ رعنائے تو امداد رسد	=	چرخ را از نکہتِ نسخۂ بیداد رسد
طبعِ چالاکِ ترا می بسر خشم آورد	=	آہ! زاں لحظہ کہ آتش بکفِ باد رسد

گر بمستی آں بہاراں - جلوہ گل یاد آورد

داغِ غمے گل گردد و - بلبل بفریاد آورد

خدایا! حشر برپا کن - ہنگامے کہ عاشق را

بدل حسرت - بگردن دشنہ - برلب آفریں باشد

قطعہ

حسرتی! ایں تازہ گل باشد نثارِ دوستی

بو کہ ما را از نسیم کوئے خود یاد آورد

غالب آں رنگیں نوا بلبل کہ ذوقِ نغمہ اش

عندلیبانِ گلستاں را - بفریاد آورد

میفروشد رائگاں در کوچۂ پیرِ مغاں

ہر متاعے را کہ دل از کوئے زہاد آورد

روزِ وصال ناز بمعشوقہ می کنم — آرزے چنیں کند کہ بدولت گدا رسد

یہاں منتہائے عشق سے خبر دی ہے کہ حبیب عاشق درجۂ محبوبیت پر فائز ہو جاتا ہے۔

جز حسرتی بپایۂ اوپیش نمی رسد	در حیرتم کہ کار نظیری کجا رسد؟
بیا و طاعتِ مقبول را ابیضا بر	خلل بکار دعاہائے مستجاب انداز
گرت ہواست کہ چوں حسرتی نوا سنجی	بزیرِ شاخِ گلے۔ در قدح شراب انداز
چو یادِ دوست کنی۔ غیر را فراموش کن	چو نامِ عشق بری از سرِ نشاں برخیز
براں سرم کہ زہر نیک و بد کنارہ کنم	خورم شراب و برخِ نیکواں نظارہ کنم
بُتِ ہوائے مرا شیخ صومعہ بشکست	بیا کہ خدمتِ رندِ شراب خوارہ کنم

رند۔ اصطلاح صوفیہ میں ارباب فقر و فنا کو کہتے ہیں۔

شوقِ صد منصور را در جلوہ گاہِ یار بُرد	تضمین	ماہہا در بندِ فالِ سبحۂ صد دانہ ایم
حسرتی با عشقِ مجازی را حقیقی کردہ ایم	″	یا ہوا نا آشنا و از ہوس بیگانہ ایم
بازم از رشکِ میاز ار کہ در محفلِ تو	″	خویش را دوش بصد حیلہ و فن آوردم
مرا بخشید و گاہے جز بدی نیکی ندید از من	تضمین [illegible]	نمی دانم۔ کدامیں جرم۔ ایزد برگزید از من
از پیشِ من رود بشتابی کہ فی المثل	تضمین	یوسف ز ہفت کاخِ زلیخا بر آمدہ

از مُردنِ خود نیست غم۔ امّا غمِ اینست	تضمین	گویند کہ معشوقِ تو امّا وفا دار انست
اگرچہ حسّانی! از اہلِ زہد و پرہیزم	=	ولے زشاہدِ وسے نیز احترازم نیست
از پئے صیدِ تو۔ صد دام بہر جائے ہست	تشبیہ	جرم من چیست؟ مرا نیز تمنائے ہست
سحری بود طلب وعدہ و اثق فرمود	=	می شناسد کہ کرا حدِ تقاضائے ہست
جائے من تنگ۔ بہر جائے ز رسوائی من	تضمین	جز خرابات کہ آنجا ہمہ را جائے ہست مجلس ارباب فقر سے مراد ہے

قطعہ

ضیمیے۔ صبح برآمد بتفرج ز کنشت	تضمین	بسرِ وقت من افتاد گذارے سرکشت
گفتمش کیستی؟ اینجا بچہ کار آمدہ		اے رخ و طرۂ تو سنبل و ریحان بہشت
گفت۔ دارم سخنی چند بپرسش درخور		خوب و رو ہرچہ آمدہ کمتر از زشت؟
گفتم۔ این سترِ ملوک است۔ بدیہا مگر اے		گفت سنجیدہ شمر دی سخن اے نیک سرشت
گفت۔ رمزے است خرد سوز کہ دارد بیتاب		التہاب شررا و جگرِ خستہ برشت
بر سرِ مورِ ضعیف اینہمہ بار از چہ فتاد؟		گفتمش ز آنکہ دلِ خود بمحبت بسرشت
گفت من ہم سخنِ نادرہ گفتن خواہم		گرچہ طبع تو بگیتی سخنِ نغز نہشت
لطفِ او مومن و کافر نگزارد محروم		پرتو او بہ حرم۔ نکہت گیسو بہ کنشت

دوش ایں طرفہ غزل خاطرِ من انشا کرد
حسرانی ۔ خامہ و آمد طلبید و بنوشت

مقابلہ و موازنہ کلام حسرانی ۔ باکلام شعرائے دیگر

حسرانی

روے تو بسکہ بود پیش نظر ہر ساعت
می تواں دید مثالِ تو در آئینۂ ما

از پئے جلوۂ شوخی کہ پری عاجز اوست
شوق شوخیِ پری داشتہ در سینۂ ما

داغ صہبائے ریا ۔ رونقِ پشمینۂ ما
مے در آدینہ بہ از طاعتِ آدینۂ ما

در حریمِ دلِ اصحابِ صفا ۔ جا داریم
وائے آنکس کہ بود در دلِ او کینۂ ما

کار ساقی و مغنی ہمہ می کرد ۔ حبیب
حسرانی بود چہ خوش صحبتِ دوشینۂ ما

غالب

محوکن نقشِ دوئی از ورقِ سینۂ ما
ای ز آہت الف صیقلِ آئینۂ ما

وقفِ تاراجِ غمِ تست ۔ چہ پیدا چہ نہاں
ہمچو رنگ از رخ مارفت ۔ دل از سینۂ ما

عرصہ بر الفتِ اغیار چہ تنگ آمدہ است
خوش فرورفتہ مطبوع تو خوشا کینۂ ما

غالب امشب ہمہ از دیدہ چکیدن دارد
خونِ دل بود مگر ۔ بادۂ دوشینۂ ما

نظیری

آنکہ بر مارِ قلم کیں زدہ از کینۂ ما ‌ ‌ ‌ نقش آئینۂ خود دید در آئینۂ ما

عیدِ نوروز بود مکتبِ ما را ہر روز ‌ ‌ ‌ بجست گزر و سینہ و آدینۂ ما

زاں زرا ہے کہ بدنبالۂ چشمت نرسید ‌ ‌ ‌ خوں فرو میچکد از خرقۂ پشمینۂ ما

طرفہ شورِ سحر از سینہ نظیری برخاست ‌ ‌ ‌ ساخت کارِ ہمہ را گریۂ دوشینۂ ما

حسرتی

امشب کم از قیامت ہنگامۂ ندیدم ‌ ‌ ‌ فردا مگر بہ بینم - دیدارِ آشنا را

در دہر جز خرابات جاے دگر نیابی ‌ ‌ ‌ آنجا کہ خندہ آید بر بادشہ گدا را

بے مستیِ شبانہ لطفِ صبوح نبود ‌ ‌ ‌ پیرِ مغاں سحرگہ این نکتہ گفت ما را

نظیری

در پردہ رہ ندادند وقتِ سخن صبا را ‌ ‌ ‌ من نیک می شناسم پیغامِ آشنا را

با فقرِ تنگ دستی نحوستِ عجب و مستی ‌ ‌ ‌ در کشورِ غیوراں نخوت کُشد گدا را

حسرتی

بجز امید کہ ایمانِ عشق کیشاں است ‌ ‌ ‌ کسے نداد تسلّی - دلِ زلیخا را

مریدِ پیرِ مغاں شو کہ از اطاعتِ او ‌ ‌ ‌ گزیر نیست جوانانِ بادہ پیما را

عجب نہ نرگسِ مخمورِ اوست خود داری — حجاب و شرم کجا مستِ بے محابا را
ہزار شکوۂ تلخ مرا فرو بُردی — بجانِ من ز کہ آموختی مدارا را

نظیری

دراں نظارہ کہ بر تیغ و کف شعور نبود — ز رشک سوختہ بود آگہی زلیخا را
گر از ورع بگدا زاہداں قدح ندہند — چہ مانع است حریفانِ بادہ پیما را
گذشت شوق ز اندازہ۔ گوشۂ نظری — کہ مے خموش کند مستِ بے محابا را
نوازشِ عرضِ کرم می کند محبت نیست — تواں شناختن از دوستی مدارا را

حسرتی

اگر زاں طرۂ مشکیں صبا بو آورد ما را — برم صد خرمنِ گل نذر سمرقند و بخارا را
فلاطون فطرتاں از رازِ گیتی بیخبر رفتند — حکیمِ معنوی باید۔ کشادِ ایں معّما را

حافظ۔ شیرازی ؒ

اگر آں ترکِ شیرازی بدست آرد دلِ ما را — بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را
حدیث از مطرب و مے گو و رازِ دہر کمتر جو — کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معّما را

حسرتی

اُفتاد رشحہ از لبِ ساقی بجامِ ما — مستی نمیرسد بتمامِ دوامِ ما

ساقی بباده - جادۂ ما را نشاں دہد نے دام عوش - نہ دانہ خوش - امّا ز اتفاق		مطرب بنغمہ باز نماید مقامِ ما ہر بار شاہبازِ دَر افتد بدامِ ما

نظیری

مستی ربودہ از کفِ ہستی زمامِ ما خرمن بباد رفت دریں دشتِ پُرفریب		مطرب نمی دہد خبرے از مقامِ ما مرغے نشود گوشۂ بالے - بدامِ ما

حافظ شیرازیؒ

ما در پیالہ عکسِ رخِ یار دیدہ ایم		ای بیخبر ز لذّتِ شربِ مدامِ ما

حسرتی

جاں بتن میدمد - ترانۂ ما دیگرم نیست داوری باچرخ		غم ز دل می برد فسانۂ ما گرترا - آورد بخانۂ ما
حرفِ شیریں شود فراموشش کبکِ کہسار و - بلبلِ گلزار دریں فروشانِ - خانہ بردوشیم	[illegible]	خسرو ار بشنود فسانۂ ما گوش دارند بر ترانۂ ما دلق و دستار باست - خانۂ ما

حسرتی

کام دربخش آمدہ از عشق مجوے		عیش مخصوص بکفرست ز ایماں مطلب

	نظیری	
فرض و سنت بتماشائے نواز یادم رفت		پردہ برے دفگن - از من ایمان مطلب

	حسرتی	
زلالہ دیدنِ لالہ گرت ہواست بخواب دمِ صلوٰۃ وصبوحی احسرانیؔ برخیز		بہارِ قدرتِ صانع چو دیدن ست مخسپ بہ نعمتِ دوجہاں گر رسیدن ست مخسپ

	غالب	
نشانِ زندگیِ دل دویدن ست بایست بذکرِ مرگ شبی - زندہ داشتن ذوقے است		جلائے آئینۂ چشم - دیدن ست مخسپ گرت فسانۂ غالب شنیدن ست مخسپ
ہمانکہ منعِ من از بادہ مے نمود مدام دلت بحسنِ بتاں از چہ مائل افتادہ است بشب چو مہر بیاید - سحر چو با درود ہر آنکہ یافت ز اہلِ صفا نظر داند دعا بکعبہ پذیرند - لیک حیرانم	حسرتی	شبش بمیکدہ دیدم کہ غافل افتادہ است بغیرِ ہستیِ حق - ہر چہ باطل افتادہ است فغاں کہ مہر مرا - برق حاصل افتادہ است کہ انکشافِ حقیقت - چہ مشکل افتادہ است امیدوار ز میخانہ - سائل افتادہ است

	خرد ز مانہ بنرخِ کمال نقصانش کہ حسرتی بفنِ خویش کامل افتادہ است	

نظیری

شکستہ بر ورقِ جبہہ تو خامہ حکیم — کہ ابروانِ ترا عقدہ مشکل افتادہ است

یکے بگورِ غریبانِ شہر سیری کن — ببین کہ نقشِ امل ہا چہ باطل افتادہ است

گدائے پیرِ مغاں شو کہ بادشاہ و فقیر — بر آستانہ میخانہ سائل افتادہ است

غالب

زمن گسستی و پیوند مشکل افتادہ است — مرا بگیر بجوئے کہ در دل افتادہ است

حسرتی

چہ خوش است! با تو بزمے بنہفتہ ساز کردن — درِ خانہ بند کردن سرِ شیشہ باز کردن

تو و رقص و می پرستی من و وجد و جوشِ مستی — تو و نغمہ ہائے دلکش من و نالہ ساز کردن

سرِ من فدائے نازت ز عدو دگر چہ خواہی — تو و عشوہ ساز کردن من و دل نیاز کردن

دلِ زاہداں مرنجاں بنہفتہ حسرتی خور — تو اگر نمی توانی ز مے احتراز کردن

بیخودی

چہ خوش است اند ویکدل سرِ حرف باز کردن — سخنِ گذشتہ گفتن گلہ را دراز کردن

تو اگر بجور سوزی ز جفا کشاں نیاید — بجز از دعائے جانت ز سرِ نیاز کردن

بخناں گرفتہ جا بمیان جان شیریں — کہ تواں ترا و جاں را ز ہم امتیاز کردن

ز خمار مے ندارم سر و برگ سجدہ بت — دل و خاطرِ پریشاں نتواں نماز کردن

تو بخویشتن چه کردی که بما کنی نظیری	بخدا که واجب آمد ز تو احتراز کردن

غالب

چه غم ار به بدگرفتی ز من احتراز کردن	نتوان گرفت از من بگزشته ناز کردن
تو و درکنار شوقم گره از جبین کشودن	من و سیر رخ دو عالم در دل فراز کردن
بفشار رشک بربت بچنان گداخت گلشن	که میانه گل و مل نرسد امتیاز کردن
هله تازه گشته غالب روش نظیری از تو	سزد اینچنین غزل را بسفینه ساز کردن

حسرانی

تا کجا بر طمع وصل شکر خند کنی	عشق آمیختهٔ زهر هوس چند کنی
بنده را نیست بمیلان طبیعت کاری	کارها بر نمط امر خداوند کنی
ای محبت ز تو خوش بوالعجبی ها آمد	طفل را فتنهٔ پیران خردمند کنی
سعی در کار نما و به جهان کار مدار	دو جهان از تو اگر کار بر آن بند کنی

نظیری

بهتر از صحبت ارباب خرد بگزینی	ترک هم بزمی پرشور و سر چند کنی
خجل از کردهٔ خود تا نشوی می باید	حلم را بر غضب و خشم خداوند کنی
طبع نادان سبکسار نگیرد هرگز	وزن خود راست بمیزان خردمند کنی

ہم نے سطور بالا میں غالبؔ، نظیریؔ اور حافظ شیرازی کی چند ہم طرح غزلوں کو حسرتیؔ کے کلام کے مقابلہ میں صرف اس خیال سے پیش کیا ہی کہ نکتہ رس طبائع مختلف شعرا کی جولانیٔ طبع کو ایک ہی زمین میں دیکھکر لطف حاصل کریں اور ارباب ذوقِ سلیم موازنہ کریں کہ سب سے پچھلا سخنور جو میدان سخن میں آیا ہے اُس نے اپنے متقدمین کی روش کو کس درجہ ترقی دی ہی اور باوجود ہندوستانی نژاد ہونے کے فارسی زبان پر اُس کو کس قدر قدرت حاصل ہی۔ فقط

تمام شد

صحت نامہ متعلق حالات حضرت شیفتہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹	۲۹	تمر	ثمر	۱۹	۵	میسائید	میسائیدند
۱۰	۱۳	بیابند	بیا بند	"	۶	رسیدند	رسیدن
"	۱۴	بما یند	نمایند	۲۰	۹	بادا	باده
"	۱۵	ہاخوانند	دعاخوانند	"	۱۵	حدیث پرشور	حدیث پرشور [illegible]
۱۶	۱۴	بگزد	بگزرد	۲۱	۷	درا	دراں
"	۱۵	ترشیده	ترسیده	۲۲	۶	گرندی	گزندے
۱۷	۵	ود	دو	۲۴	۱۱	مسحد	مسجد
"	۶	اشرب	اشرف	۲۵	۱۲	امرشں	امرزشں
"	۹	وشازده	وشانزده	۳۰	۱۲	تاریخ دہی	تاریخ
۱۸	۱	خواند	خوانند	"	۱۳	مفتی صاحب	نیر مرحوم
"	۲	چو	چوں	۳۱	۹	گلشن بیخار میں آپ کا ذکر	گلشن بیخار میں مفتی صاحب کا ذ
"	۱۲	کم	گُم	۳۲	۱۶	ازبان	اززبان
۱۹	۳	آوازگیست	آوار گیست	۴۱	۴	آفرینون	آفرینیوں

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۵	۷	پاے اعتبار	پایۂ اعتبار
۴۷	۱۹	طران	طراز
۴۸	۱۳	سرفرو	سرخرو
۵۷	۵	نظرر	نظر
۶۱	۴	جاہ جلال	جاہ وجلال
۶۵	۸	جسم	جم و
۶۶	۲	ہرلبط	بربط
۷۲	۷	دیوان فارسی	دیوان فارسی پر
۷۴	۱	تغیر	تغیّر
۷۷	۲	آین	آئین
۷۸	۹	اہمہ	آہستہ
۸۲	۶	ضیمے	صنمے
۸۸	۴	شکل	مشکل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواہاں ہوں بوئے باغ تنزہ شمیم کا
یارب ادھر بھی بھیجدے جھونکا نسیم کا

تیرے گدا کو سلطنتِ جم سے کیا کہ ذوق
ہے کاسۂ شکستہ میں جامِ دونیم کا

نیرنگ جلوہ بارقۂ ہوش سوز ہے
کیا امتیاز رنگ سے کیجے شمیم کا

تیری نسیمِ لطف سے گل کو شگفتگی
وابستہ تیرے حکم پہ چلنا نسیم کا

واجب کی حکمت آئے گی ممکن کی عقل میں
کتنا دماغ ہے خلل آگیں حکیم کا

دقّت سے پہلے عجز سلامت کی راہ ہے
کیسا سپاسدار ہوں عقلِ سلیم کا

میری فنا ہے مشغلۂ محفلِ بقا
پروانہ ہوں میں پرتوِ شمعِ قدیم کا

گر تیرے شوق میں ہیں یہی بیقراریاں
لے لوں گا بوسہ پایۂ عرشِ عظیم کا

طاعت اگر نہیں تو نہو یاس کس لیے
وابستہ سبب ہے کرم کب کریم کا

جس وقت تیرے لطف کے دریا کو جوش آئے
فوارۂ جناں ہو زبانہ جحیم کا

اے شیفتہ عذابِ جہنّم سے کیا مجھے
میں امتی ہوں نار و جناں کی قسیم کا

یہ فیضِ عام شیوہ کہاں تھا نسیم کا
آخر غلام ہوں میں تمہارا قدیم کا

پیمانِ ترکِ جاہ لیا پیرِ دیر نے
پیمانہ دیکے بادۂ عنبر شمیم کا

کیا ڈھونڈھتی ہے قوم کہ آنکھوں میں قوم کی
خلدِ بریں ہے طبقۂ اسفل جحیم کا

اس شوخ کج ادا سے نہ آئی موافقت
کیونکر گلہ نہو مجھے طبعِ سلیم کا

شکوے یہ اب جو ہوتے ہیں باہم نئے نہیں
انداز ہم میں اُن میں یہی ہے قدیم کا

اُس وقت ہم گنے گئے احباب خاص میں
آیا جو تذکرہ کبھی لطفِ عمیم کا

بدمستیاں کبھی کبھی مستوری و عفاف
دستور ہے طبیعتِ نامستقیم کا

اُس رشکِ گل کی بسترِ گل سے ہے احتراز
ممنون ہوں عدو کے مزاجِ سقیم کا

اے جانِ بیقرار ذرا صبر چاہیے
بیشک ادھر بھی آئے گا جھوکا نسیم کا

جسکی سرشت صاف نہو آدمی نہیں
نیرنگ و عشوہ کام ہے دیو رجیم کا

اب جستجو ہے اُن کو ہماری تو کیا حصول
باقی نہیں اثر بھی عظامِ رمیم کا

عاشق بھی ہم ہوئے تو عجب شخص کے ہوئے
جو ایک دم میں خون کرے سو ندیم کا

ہم نے کئے قواعدِ وحشت جو منضبط
اہلِ جنوں میں ہمکو لقب ہے حکیم کا

ہی کارنامہ جب سے بیاضِ اپنی شیفتہ
تقویم سالِ رفتہ ہے دیواں کلیم کا

جب سے عطا ہوا ہمیں خلعت حیات کا
کچھ اور رنگ ڈھنگ ہوا کائنات کا

شیشہ اُتار شکوے کو بالائے طاق رکھ
کیا اعتبار زندگی نے ثبات کا

لڑتے ہو جب رقیب سے کرتے ہو مجھ سے صلح
مشتاق یہاں نہیں کوئی اس التفات کا

گر تیرے تشنہ کام کو دے خضر مرتے دم
پانی ہو خشک چشمۂ آبِ حیات کا

یہاں خار و خس کو بے ادبی سے نہ دیکھنا
ہاں عالمِ شہود ہے آئینہ ذات کا

کہتے ہیں جان جانتے ہیں بیوفا مجھے
کیا اعتبار ہے اُنھیں دشمن کی بات کا

واعظ جنونِ دوں سے نہیں باز پرس حشر
بس آپ فکر کیجئے اپنی نجات کا

جوشِ سرشکِ خوں کے سبب سے دمِ رقم
نامہ نہیں رہا یہ ورق ہے برات کا

اے مرگ آکہ میری بھی رہجائے آبرو
رکھا ہی اُس نے سوگ عدو کی وفات کا

ایسے کے آگے شیفتہ کیا چل سکے جہاں
احسان ایک عمر ہے ایک رات کا

کیا فائدہ نصیحتِ ناسودمند کا
کیا خوب پند گو بھی ہے محتاج پند کا

جب میں نہیں پسند تو پھر اور آ چکی
عاشق ہوں اُسکی خاطرِ مشکل پسند کا

اے بادِ صبح تا بہ کجا اہتزازِ گل
گوشہ اُلٹ دے یار کے منہ سے پرند کا

اُس ماہ وش کو غیر سیہ رو سے کام کیا
ہی فیض اپنے اخترِ بختِ نژند کا

اُس کوچہ میں ہی عزت خسرو گدا سے کم
کیوں ناز مستمند سہی ارجمند کا

نالہ تو نارسا نہیں کیونکہ گلہ کروں
ہیں شکوہ سنج ہوں ترے کاخِ بلند کا

دیوان کو ہمارے بتوں کی نگاہ میں
اے **شیفتہ** وہ رتبہ ہی جو بید و زند کا

کچھ انتظار مجھکو نہ می کا نہ ساز کا
ناچار ہوں کہ حکم نہیں کشفِ راز کا

لگتے نہیں پلک سے پلک جو تمام شب
ہی ایک شعبدہ مژۂ نیم باز کا

دشمن پئے صبوح جگاتے ہیں یار کو
یہ وقت ہی نسیم سحر اہتزاز کا

ایمن ہیں اہلِ جذبہ کہ رہبر ہی اُنکے ساتھ
سالک کو ہی خیال نشیب و فراز کا

پھنسنے کے بعد بھی ہے وہی شگفتگی
کیا خوب جال ہے نگہِ جاں نواز کا

تقوی مرا شعار ہی عصمت سرشت دوست
پھر مجھسے کونسا ہی سبب احتراز کا

بارے عجیب بات تو پھیلی جہان میں
پایا کسی نے گوہر افشائے راز کا

ساقی کے ہیں اگر یہی الطاف کیا عجب
ارض و سما میں ہوش نہو امتیاز کا

پیرِ مغاں نے رات کو وہ کچھ دکھا دیا
ہرگز رہا نہ دھیان بھی حسنِ مجاز کا

دیتا ہے داغ رشک پرندِ سپہر کو
جلوہ تمہاری معجزِ گوہر طراز کا

پانی وضو کو لاؤ رخِ شمع زرد ہی
مینا اُٹھاؤ وقت اب آیا نماز کا

یکتا کسی کو ہم نے نہ دیکھا جہان میں
طولِ امل جواب ہی زلفِ دراز کا

جورِ اجل کو شوخیٔ بیجا کہا کیا
تھا محو **شیفتہ** جو کسی مستِ ناز کا

نہ اس زمانہ میں چرچا ہی دانش و دیں کا
نہ شوق شعرِ تر و بذلہ ہائے رنگیں کا

شمیمِ زلف یہی ہی تو وحشتِ دل نے
کب انتظار کیا موسمِ ریاحیں کا

بناتِ نعش نے کس واسطے اُبھار رکھیں
نہیں ستارہ گہر خاندان پرویں کا

ازل میں دیکھتے ہی ہم سخن کو سمجھے تھے
کہ مشتری نہیں اس گوہرِ نو آئیں کا

نما نما ہی نہایت خلاف شیوۂ عشق
غلط ہی شوق ہمیں گریہ ہائے رنگیں کا

وہ طرفہ حال کہ جس سے جماد رقص کرے
نہ رنگ بھی متغیّر ہوا اہلِ تمکیں کا

ہزار مرتبہ فرہاد جان شیریں دے
وہی ہی حق نمکِ عشوہ ہائے شیریں کا

عجیب حال میں ہی **شیفتہ** معاف کرو
جو کچھ قصور بھی ہو اس غلامِ دیریں کا

ہائے اس برق جانسوز پہ آنا دل کا
سمجھے جو گرمیٔ ہنگامہ جلانا دل کا

ہی تیرا سلسلۂ زلف بھی کتنا دلبند
پھنسنے سے پہلے بھی مشکل تھا چھٹانا دل کا

دیکھتے ہم بھی کہ آرام سے سوتے کیونکر
نہ سُنا تم نے کبھی ہائے فسانا دل کا

ہمسے پوچھیں کہ اسی کھیل میں کھوئی ہی عمر
کھیل جو لوگ سمجھتے ہیں لگانا دل کا

عاقبت چاہِ ذقن میں خبر اُس کی پائی
مدتوں سے نہیں لگتا تھا ٹھکانا دل کا

کس طرح درد محبت میں جتاؤں اُس کو
بھید لڑکوں سے نہیں کہتے ہیں دانا دل کا

ہم یہ سمجھے تھے کہ آرام سے تم رکھوگے
لائیے تمکو ہی منظور ستانا دل کا

ہم بھی کیا سادہ ہیں کیا کیا ہیں توقع اُس سے
آجتک جس نے ذرا حال نجانا دل کا

جلوہ گاہ غم وشادی دل وشادی کمیاب
کیوں نہو شکوہ سرا ایک زمانا دل کا

شکل مانند پری اور یہ افسوں وفا
آدمی کا نہیں مقدور بچانا دل کا

شیفتہ ضبط کرو ایسی ہی کیا بیتابی
جو کوئی ہو تمھیں احوال سُنانا دل کا

ہم پر ہے التفات ہمارے حبیب کا
گیرا مگر نہیں ہی نفس عندلیب کا

اب وہ ہی جلوہ ریز لباسِ سپاس میں
جو عہد کودکی میں گلہ تھا ادیب کا

اچھا جو اس کو سونگھے تو آجائے اُسکو غش
اچھا اثر ہے زلف معنبر کی طیب کا

تیری گلی سے آگے نہ ہرگز ہوا چلے
کوچہ سے تیرے پاؤں نہ اُٹھے غریب کا

مصروف ہی بہت وہ ہمارے علاج میں
ہم بھی ذرا علاج کریں گے طبیب کا

تسلیم سے وفاق رضا سے ہی اتفاق
نے چرخ کا گلہ نہ گلہ ہے نصیب کا

ہم پانوں پھونک پھونک کے رکھتے ہیں کیا کریں
اس بزم میں ہی دخل سراسر رقیب کا

ہو جائے کاسہ لیس شگرفانِ میکدہ
جسکو کہ اشتیاق ہی حالِ عجیب کا

سنتے ہی نام دشمنِ صد سالہ ہو گیا
پوچھا جو مجھ سے نام کسی نے حبیب کا

اُس رشکِ گل نے لی ہی جو بلبل تو شیفتہ
دیکھے چمن میں شور کوئی عندلیب کا

محو ہوں میں جو اُس ستمگر کا
ہے گلہ اپنے حالِ ابتر کا

حال لکھتا ہوں جانِ مضطر کا
رگِ بسمل ہے تارِ مسطر کا

آنکھ پھرنے سے تیرے مجھکو ہوا
گردشِ دہر دورِ ساغر کا

شعلہ رو یار شعلہ رنگ شراب
کام یہاں کیا ہے دامنِ تر کا

شوق کو آج بیقراری ہے
اور وعدہ ہے روزِ محشر کا

نقشِ تسخیر غیر کو اُس نے
خوں لیا تو مرے کبوتر کا

میری ناکامی سے فلک کو حصول
کام ہے یہ اُسی ستمگر کا

اُس نے عاشق لکھا عدو کو لقب
ہائے لکھا مرے مقدر کا

آپ سے لحظہ لحظہ جاتے ہو
شیفتہ ہے خیال کس گھر کا

سب حوصلہ جو صرف ہوا جور یار کا
مجھ پر گلہ رہا ستم روزگار کا

تھا کیا ہجوم بہر زیارت ہزار کا
گل ہو گیا چراغ ہمارے مزار کا

جور و جفا بھی غیر پہ اے یار دلشکن
کچھ بھی خیال ہے دل امیدوار کا

کھلنے لگے ہیں از سر نو غنچہائے زخم
یہ فیض ہے صبا کی دم مشکبار کا

گر چاہتے ہو جامہ نہو چاک ناصحو
منگوا دو پیرہن مجھے اُس گلعذار کا

ہر کوچہ میں کھلی ہے جو دُکان میفروش
کیا فضل ہے شراب کی موسم بہار کا

گھبرا کے اور غیر کے پہلو سے لگ گئے
دیکھا اثر یہ نالۂ بے اختیار کا

وہ آتے آتے غیر کے کہنے سے تھم گئے
اب کیا کروں علاج دل بیقرار کا

آزاد ہے عذاب دو عالم سے شیفتہ
جو ہے اسیر سلسلۂ تابدار کا

اُس بزم میں ہر جنس سے کمتر نظر آیا
وہ حسن کہ خورشید کے عہدے سے بر آیا

بیفائدہ ہے وہم کہ کیوں بے خبر آیا
اس راہ سے جاتا تھا ہمارے بھی گھر آیا

کچھ دور نہیں اُن سے کہ نیرنگ بتا دیں
کیا فائدہ گر آنکھ سے لخت جگر آیا

گو کچھ نہ کہا پر ہوئے دل میں متاثر
شکوہ جو زباں پر مری آشفتہ تر آیا

بے طاقتیٔ شوق سے میں اٹھ ہی چکا تھا
ناگاہ وہ بیتاب مری قبر پر آیا

بے قدر ہے مفلس شجرِ خشک کی مانند
یہاں درہم و دینار میں برگ و ثمر آیا

حالِ دلِ صد چاک پہ کٹتا ہے کلیجا
ہر پارہ اک الماس کا ٹکڑا نظر آیا

دیکھے کہ جدائی میں ہے کیا حال وہ بدظن
اس واسطے شب گھر میں مرے بے خبر آیا

کیا دیر ہے ای ساقیٔ گلفام سحر ہے
کیا عذر ہے ای زاہدِ خشک ابر تر آیا

روداد میں ہیں شیفتہ کے مختلف اقوال
پوچھیں گے وہاں سے جو کوئی معتبر آیا

جب رقیبوں کا ستم یاد آیا
کچھ تمہارا بھی کرم یاد آیا

کب ہمیں حاجتِ پرہیز پڑی
غم نہ کھایا تھا کہ سم یاد آیا

نہ لکھا خط کہ خطِ پیشانی
مجھکو ہنگامِ رقم یاد آیا

شعلۂ زخم سے ای صید فگن
داغ آہوئے حرم یاد آیا

ٹھہرے کیا دل کہ تیری شوخی سے
اضطرابِ پئے رم یاد آیا

خوبیٔ بخت کہ پیمانِ عدو
اس کو ہنگامِ قسم یاد آیا

کھل گئی غیر سے الفت اسکی
جامِ مے سے نہ مجھے جم یاد آیا

وہ مرا دل ہے کہ خود بینوں کو
دیکھ کر آئینہ کم یاد آیا

کس لیے لطف کی باتیں ہیں پھر
کیا کوئی اور ستم یاد آیا

ایسے خود رفتہ ہوئے شیفتہ کیوں
کہیں اُس شوخ کا رم یاد آیا

قبر پر وہ بت گلفام آیا
بارے مرنا تو مرے کام آیا

دو قدم یہاں سے وہ کوچہ ہی مگر
نامہ بر صبح گیا شام آیا

مر گئے پر نہ گیا رنج کہ وہ
گور پر آئے تو آرام آیا

خیر باد اے ہوسِ کام کہ اب
دل میں شوقِ بت خود کام آیا

شمع کی طرح اُٹھے ہم بھی جب
دشمنِ تیرہ سر انجام آیا

جب مری آہ فلک پر پہنچی
تب وہ مغرور سرِ بام آیا

جلد منگواؤ شرابِ گلرنگ
شیفتہ ساقیٔ گلفام آیا

اُس سے میں شکوہ کی جا شکر ستم کر آیا
کیا کروں تھا مرے دل میں سو زباں پر آیا

قبر سے اُٹھ کے یہی دھیان مکرر آیا
وہ تو آئے نہیں میں آپ میں کیونکر آیا

وعدہ کس شخص کا اور وہ بھی نہایت کچا
ہم بھی کیا خوب ہیں سچ مچ ہمیں باور آیا

مجھ سے وہ صلح کو اس شان سے آئے گویا
جنگ کے واسطے دارا سے سکندر آیا

جذبۂ شوق کی تاثیر اسے کہتے ہیں
سن کے قاصد کی خبر آپ وہ در پر آیا

خاک ہونے کا مرے ذکر نہ آیا ہو کہیں
آج اُس بزم سے کچھ غیر مکدر آیا

اُڑ گئے ہوش کہ پیغام اجل ہی یہ جواب
کوچۂ یار سے زخمی جو کبوتر آیا

دلِ صد چاک میں ہی کاکلِ مشکیں کا خیال
کہ مجھے گریہ جو آیا تو معطر آیا

اے اجل نیم نگہ کی تو مجھے مہلت دے
اہلِ ماتم میں یہ چرچا ہے کہ دلبر آیا

اپنی محفل سے یہ آزردہ اُٹھایا مجھکو
کہ منانے کے لیے آپ مرے گھر آیا

نہ دیا ہائے مجھے لذتِ آزار نے چین
دل ہوا رنج سے خالی بھی تو جی بھر آیا

آپ مرتے تو ہیں پہ جیتے ہی بن آئے گی
شیفتہ ضد پہ جو اپنی وہ ستمگر آیا

رات واں گل کی طرح سے جسے خنداں دیکھا
صبح بلبل کی روش ہمدمِ افغاں دیکھا

کوئی بے جان جہاں میں نہیں جیتا لیکن
تیرے مہجور کو جیتے ہوئے بیجاں دیکھا

میں نے کیا جانیے کس ذوق سے دی جان دمِ قتل
کہ بہت اُس سے ستمگر کو پشیماں دیکھا

نہ ہوا یہ کہ کبھی اپنے گلے پر دیکھیں
یوں تو سو بار ترا خنجرِ برّاں دیکھا

اس طرف کو بھی نگہ تا سرِ مژگاں آئی
بارے کچھ کچھ اثرِ گریۂ پنہاں دیکھا

پانی پانی ہوئے مرقد پہ مری آکے وہ جب
شمع کو نعش پہ پروانہ کی گریاں دیکھا

قطعہ

غم غلط کرنے کو احباب ہمیں جانب باغ — لیگئے گل تو عجب رنگ گلستاں دیکھا
ورد میں خاصیت اخگرِ سوزاں پائی — نسترن میں اثرِ خارِ مغیلاں دیکھا
ایک نالے میں ستم ہائے فلک سے چھوٹے — جسکو دشوار سمجھتے تھے سو آساں دیکھا
کون کہتا ہی کہ ظلمت میں کم آتا ہے نظر — جو نہ دیکھا تھا سو ہم نے شبِ ہجراں دیکھا

شیفتہ زلف پریرو کا پڑا سایہ کہیں
میں نے جب آپکو دیکھا تو پریشاں دیکھا

جفا و جور کا اُس سے گلا کیا — جو پوچھے مہربانی کیا وفا کیا
وہ بے پروا جوابِ نامہ لکھے — خدا جانے کہ دشمن نے لکھا کیا
دیا کیوں ہم نے اُس بدخو پہ عاشق — ہمارا دوست کوئی بھی نہ تھا کیا
شمیم گل نہیں بوئے پیرہن ہے — غلط ہی یہ کہ احسانِ صبا کیا
نہ لکھنا تھا غمِ ناکامیٔ عشق — جوابِ نامہ نے مدعا کیا
ہمیں تھا آپ قصد عرض احوال — جو وہ خود پوچھتے ہیں پوچھنا کیا
تماشا ہی جلے گر خانۂ غیر — وہ کہتے ہیں کہ آہِ شعلہ زا کیا
فنائے عاشقاں عینِ بقا ہی — دیت زندوں کی کیسی خوں بہا کیا

اگر ہی بوالہوس تو قتل کر چک
عدو سے وعدۂ شوق آزما کیا

قطعہ

کہا کل میں نے اے سرمایۂ ناز
تلوّن سے ہی تمکو مدّعا کیا

کبھی مجھ پر عتاب بے سبب کیوں
کبھی بے وجہ غیروں سے وفا کیا

کبھی محفل میں وہ بیباکیاں کیوں
کبھی خلوت میں یہ شرم و حیا کیا

کبھی تمکین صولت آفریں کیوں
کبھی الطاف جرأت آزما کیا

کبھی وہ طعنہ ہائے جانگزا کیوں
کبھی یہ غمزہ ہائے جانفزا کیا

کبھی شعروں سے میری نغمہ سازی
کبھی کہنا کہ یہ تمنے کہا کیا

کبھی بے جرم یہ آزردہ ہونا
کہ کیا طاقت جو پوچھوں میں خطا کیا

کبھی اس دشمنی پر بھی تسکیں
پئے ہم جلوہ ہائے دلربا کیا

یہ سب طول اس نے سنکر بے تکلف
جواب اک مختصر مجھکو دیا کیا

ابھی اے **شیفتہ** واقف نہیں تم
کہ باتیں عشق میں ہوتی ہیں کیا کیا

وہ پریوش عشق کے افسوں سے مائل ہوگیا
مفت میں مشہور ہیں لوگوں میں عامل ہوگیا

میں نہیں فرہاد وہ خسرو نہیں پھر کیا سبب
غیر کا مائل جو وہ شیریں شمایل ہوگیا

اشکباری ہمکناری کی ہوس میں رات تھی
قلزمِ گریہ کو اُسکا دھیان ساحل ہو گیا

زخم میرے خنجرِ خونریز تھے اغیار کو
بیوفائی سے خجل کسوقت قاتل ہو گیا

اہلِ وحشت کو مری شورش سے لازم ہی خطر
میں وہ مجنوں ہوں کہ مجنوں کے مقابل ہو گیا

رشکِ خسرو بے تصرف نازِ شیریں نے اثر
سینۂ فرہاد مثلِ بےستوں سِل ہو گیا

ہی خراشِ ناخنِ غم میں بھی کیا بالیدگی
جو ہلالِ غرہ تھا سو ماہ کامل ہو گیا

عید کے دن ذبح کرنا اوربھی اچھا ہوا
حلقۂ اسلام میں وہ شوخ داخل ہو گیا

اُس کے اُٹھتے ہی یہ ہلچل پڑ گئی بس بزم میں
طورِ روزِ حشر سب کو طورِ محفل ہو گیا

ہوش تو دیکھو کہ سُنکر میری وحشت کی خبر
چھوڑ کر دیوانہ پن کو قیس عاقل ہو گیا

ہاتھ اُٹھایا اُس نے قتلِ بیگنہ سے میرے بعد
طالعِ اغیار سے جلّاد عادل ہو گیا

حسن کے اعجاز نے تیرے مٹایا کفر کو
تیرے آگے نقشِ مانی نقشِ باطل ہو گیا

تیر غمزے نے دم جوہر دیا وہ بڑی تسخیر تھی
آبِ چشمِ یار آبِ چاہِ بابل ہو گیا

ہی عدم میں بھی تلاشِ سرمہ و مشک و نمک
شیفتہ تیغِ نگہ سے کس کی گھائل ہو گیا

یار کو محرومِ تماشا کیا
مرگِ مفاجات نے یہ کیا کیا

آپ جو ہنستے رہے شب بزم میں
جان کو دشمن کی میں رویا کیا

عرضِ تمنا سے رہا بیقرار
شب وہ مجھے میں اُسے چھیڑا کیا

سرد ہوا دل وہ ہی غیروں سے گرم
شعلے نے الٹا مجھے ٹھنڈا کیا

مہرِ قمر کا ہی اب اُن کو گماں
آہ فلک سیر نے یہ کیا کیا

اُنکو محبت ہی میں شک پڑ گیا
ڈر سے جو شکوہ نہ عدو کا کیا

دیکھیے اب کون ملے خاک میں
یار نے گردوں سے کچھ ایما کیا

حسرتِ آغوش ہی کیوں ہمکنار
غیر سے کب اُس نے کنارا کیا

چشمِ عنایت سے بچی جان مجھے
نرگسِ بیمار نے اچھا کیا

غیر ہی کو چاہیں گے اب **شیفتہ**
کچھ تو ہی جو یار نے ایسا کیا

اُس جنبشِ ابرو کا گلا ہو نہیں سکتا
دل گوشت ہی ناخن سے جدا ہو نہیں سکتا

کچھ تو ہی اثر کر ترے قربان خموشی
نالوں سے تو کچھ کام مرا ہو نہیں سکتا

گر غیر بھی ہو وقفِ ستم تو ہے مسلم
کچھ تم سے بجز جور و جفا ہو نہیں سکتا

کھولے گرہ دل کو ترا ناخنِ شمشیر
یہ کام اجل سے بھی روا ہو نہیں سکتا

سبقت ہو مجھے راہ میں اُس کوچہ کی مجھ پر
زنہار یہ اے راہ نما ہو نہیں سکتا

میں نے جو کہا ہمدم اغیار نہ ہو جے
تو چین بجبیں ہو کے کہا ہو نہیں سکتا

یہ رازِ محبت ہی نہ افسانۂ بلبل
محرم ہو مری بادِ صبا ہو نہیں سکتا
کب طالعِ خفتہ نے دیا خواب میں آنے
وعدہ بھی کیا وہ کہ وفا ہو نہیں سکتا

وہ مجھ سے خفا ہی تو اُسے یہ بھی ہی زیبا
پر شیفتہ میں اُس سے خفا ہو نہیں سکتا

صبح ہوتے ہی گیا گھر مہِ تاباں میرا
پنجۂ غیر نے کیا چاک گریباں میرا
گرم گرم اُس رُخِ نازک پہ نظر کس نے کی
رشک گلریز ہی کیوں دیدۂ گریاں میرا
وادیٔ نجد کو دلّی سے نہ دینا نسبت
ہی وہ مجنوں کا بیاباں یہ بیاباں میرا
دیکھکر میری طرف ہنس کے کہا یہ دمِ قتل
آج تو دیکھ لیا آپ نے پیماں میرا
نہ گھر آیا نہ جنازہ پہ نہ مرقد پہ کبھی
حیف صد حیف نہ نکلا کوئی ارماں میرا
چارہ ساز و کوئی رہتا ہی بجز چاک ہوئے
آپ سو بار سئیں ہیں یہ گریباں میرا

اُسکی زلفوں کا نہو دھیان تو ای شیفتہ پھر
اس شبِ ہجر میں ہی کون نگہباں میرا

گو میں یادِ قدِ یار نے سونے نہ دیا
فتنۂ حشر کو رفتار نے سونے نہ دیا
واہ اے طالعِ خفتہ کہ شبِ عیش میں بھی
وہمِ بیخوابیٔ اغیار نے سونے نہ دیا
وا رہیں صورتِ آغوش سحر تک آنکھیں
شوقِ ہمخوابیٔ دلدار نے سونے نہ دیا

یاس سے آنکھ بھی جھپکی تو توقع سے کھلی
صبح تک وعدۂ دیدار نے سونے نہ دیا

طالعِ خفتہ کی تعریف کہاں تک کیجے
پاؤں کو بھی خلشِ خار نے سونے نہ دیا

دردِ دل سے جو کہا نیند نہ آئی تو کہا
مجھکو کب نرگسِ بیمار نے سونے نہ دیا

شبِ ہجراں نے کہا قصۂ گیسوئے دراز
شیفتہ تو بھی دلِ زار نے سونے نہ دیا

آج ہی کیا آگ ہی سرگرم کیں تو کب نہ تھا
شمع ساں مجبورِ خوئے آتشیں تو کب نہ تھا

آج ہی دعویٰ ہی کیا تجھکو بتانِ دہر سے
غیرتِ غلمان و رشکِ حورِ عیں تو کب نہ تھا

آج ہی ہر بات پر بیوجہ کیا رکتا ہے تو
اے ستمگر برسرِ پرخاش و کیں تو کب نہ تھا

آج ہی تیری جگہ کچھ سینہ و دل میں نہیں
مثلِ تیرِ غمزۂ ظالم دلنشیں تو کب نہ تھا

آج ہی کیا شرم و شوخی کو ملایا ہے بہم
غیر سے بیباک مجھ سے شرمگیں تو کب نہ تھا

آج ہی کیا ہی فلک پر شکوۂ فریادِ خلق
اے ستمگر آفتِ روئے زمیں تو کب نہ تھا

آج ہی کیا دشمنوں سے قتل کی تدبیر ہے
ای جفاجو درپئے جانِ حزیں تو کب نہ تھا

آج ہی باتیں بنائی یہاں کے آنے میں نہیں
حیلہ گر تو کب نہ تھا عذر آفریں تو کب نہ تھا

آج ہی اٹھکر یہاں سے کیا عدو کے گھر گیا
مہروش شب کو کہیں دن کو کہیں تو کب نہ تھا

آج ہی ٹیکا لگانے سے لگے کیا چار چاند
نے تکلف بے تکلف مہ جبیں تو کب نہ تھا

آج ہی کچھ سوزِ ہجراں سے نہیں پروانہ وار
شیفتہ بیتاب ہے رو آتشیں تو کب نہ تھا

میں پریشاں گرد اور محفل نشیں تو کب نہ تھا
ہر کہیں کس دن نہ تھا میں ہر کہیں تو کب نہ تھا

یہاں سبک حرفِ ملامت واں گراں عرضِ نیاز
سخت جاں میں کب نہ تھا اور نازنیں تو کب نہ تھا

ناصح و واعظ کی طعنوں ای صنم ہم کب نہ تھے
آفتِ جان و بلائی عقل و دیں تو کب نہ تھا

انتہا کی بات ہی یہاں ابتدائے عشق ہے
ہم نہ تھے کب عجز گستر خشمگیں تو کب نہ تھا

جستجو میں سرمۂ تسخیر کی ہم کب نہ تھے
چشمِ افسوں ساز سے سحر آفریں تو کب نہ تھا

تجھکو شک الفت میں اپنے ہمکو وہم ربطِ غیر
بدگماں ہم کب نہ تھے اور بے یقیں تو کب نہ تھا

ناشکیبا مضطرب وقفِ ستم ہم کب نہ تھے
بیمروت بیوفا مصروفِ کیں تو کب نہ تھا

تیری ان باتوں پہ ہم طعنے اٹھاتے کب نہ تھے
ای ستمگر شیفتہ کا ہمنشیں تو کب نہ تھا

میں وصل میں بھی شیفتہ حسرت طلب رہا
گستاخیوں میں بھی مجھے پاسِ ادب رہا

تغیرِ وضع کی ہے اشارہ وداع کا
یعنی جفا پہ خوگرِ الطاف کب رہا

میں رشک سے چلا تو کہا بے سبب چلا
اس پر جو رہ گیا تو کہا بے سبب رہا

دم بھر بھی غیر پہ نگہِ لطف کیوں ہے اب
اک عمر میں ستم کشِ چشمِ غضب رہا

تھا شیب تو آہ میں بھی اثر جذب دل نہیں بھی
کیونکر نہ آئے شیفتہ مجھکو عجب رہا

بسکہ آغاز محبت میں ہوا کام اپنا
پوچھتے ہیں ملک الموت سے انجام اپنا

عمر کٹتی ہی تصور میں رخ و کاکل کے
رات دن اور ہی لے گردش ایام اپنا

وہاں یہ قدغن کہ نہ آواز فغاں بھی پہنچے
یہاں یہ شورش کہ گذرا ہو لب بام اپنا

ان سے نازک کو کہاں گرمی صحبت کی تاب
بس کلیجا نہ پکا اے طمع خام اپنا

تپش دل کے سبب سے ہی مجھے خواہش مرگ
کون ہی جس کو نہ منظور ہو آرام اپنا

بادہ نوشی سے ہماری جو لہو خشک ہوا
خون اغیار سے لبریز ہے کیا جام اپنا

لطف سمجھوں تو بجا جور بھی سمجھوں تو درست
تم نے بھیجا ہی مرے پاس جو ہمنام اپنا

ذکر عشاق سے آتی ہی جو غیرت اسکو
آپ عاشق ہی مگر وہ بت خود کام اپنا

تاب بوسہ کی کسی شیفتہ وہ دیں بھی اگر
کر چکے کام یہاں لذت دشنام اپنا

جی داغ غم رشک سے جل جائے تو اچھا
ارمان عدو کا بھی نکل جائے تو اچھا

پروانہ بنا میرے جلانے کو وفادار
محفل میں کوئی شمع بدل جائے تو اچھا

کس چین سے نظارہ ہر دم ہو میسر
دل کوچہ دشمن میں بہل جائے تو اچھا

تم غیر کے قابو سے نکل آؤ تو بہتر	حسرت یہ میرے دل کی نکل جائے تو اچھا

سودا زدہ کہتے ہیں ہو شیفتہ افسوس
تھا دوست ہمارا ابھی سنبھل جائے تو اچھا

پلا جام ساقی مے ناب کا	کہ کچھ حظ اُٹھے سیر مہتاب کا
دل زار کا ماجرا کیا کہوں	فسانہ ہی مشہور سیماب کا
کہاں پھر وہ نایاب پایا جسے	غلط شوق ہی جنس نایاب کا
نکیجو غل اے خوشنوایان صبح	یہ ہی وقت اُنکے شکر خواب کا
محبت نہ ہرگز جتائی گئی	رہا ذکر کل اور ہر باب کا
دم سرد سے لا نہ طوفان باد	نہ سن ماجرا چشم پر آب کا
وہاں بیخودوں کی خبر کون لے	جہاں شغل ہو بادہ ناب کا
وہاں تیرہ روزوں کی پروا کسے	جہاں شوق ہو سیر مہتاب کا
وہ تشخیص شخصی بھی جاتی رہی	کنارا اُلٹتے ہی جلباب کا
میں بے جرم رہتا ہوں خائف کہ واں	جفا میں نہیں دخل اسباب کا
پڑے صبر آرام کی جان پر	مری جان نے صبر بیتاب کا
لب لعل کو کس کے جنبش ہوئی	ہوا میں ہی کچھ رنگ عناب کا

نہ کرنا خطا پر نظر شیفتہ
کہ اغماض شیوہ ہی احباب کا

تقلید عدو سے ہمیں ابرام نہوگا
ہم خاص نہیں اور کرم عام نہوگا

صیّاد کا دل اُس سے پگھلنا متعذر
جو نالہ کہ آتش فگن دام نہوگا

جس سے ہی مجھے ربط وہ ہی کون کہاں ہے
الزام کے دینے سے تو الزام نہوگا

بیداد وہ اور اُس پہ وفا یہ کوئی مجھ سا
مجبور ہوا ہی دلِ خود کام نہوگا

وہ غیر کے گھر نغمہ سرا ہونگے مگر کب
جب ہم سے کوئی نالہ سرانجام نہوگا

ہم طالبِ شہرت ہیں ہمیں ننگ سے کیا کام
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہوگا

قاصد کو کیا قتل کبوتر کو کیا ذبح
لیجاے مرا اب کوئی پیغام نہوگا

جب پردہ اُٹھا تب ہی عدو دوست کہاں تک
آزار عدو سے مجھے آرام نہوگا

یہاں جیتے ہیں امید شبِ وصل پہ اور وہاں
ہر صبح توقع ہے کہ تا شام نہوگا

قاصد سے ہے عبث منتظرِ وقت کہاں وقت
کس وقت اُنھیں شغلِ مے و جام نہوگا

دشمن پسِ دشنام بھی ہی طالبِ بوسہ
محوِ اثرِ لذّتِ دشنام نہوگا

رخصت بس اب ای نالہ کہ یہاں ٹھہر چکی ہی
نالہ نہیں جو آفتِ اجرام نہوگا

برق آئینۂ فرصت گلزار ہے اُس پر
آئینہ نہ دیکھے کوئی گلفام نہوگا

اے اہلِ نظر ذرہ میں پوشیدہ ہی خورشید
ابضلح سے حاصل بجز ابہام نہو گا

اس ناز و تغافل میں ہی قاصد کی خرابی
بیچارہ کبھی لائقِ انعام نہو گا

اُس بزم کے چلنے میں ہو تم کیوں متردد
کیا شیفتہ کچھ آپ کا اکرام نہو گا

دیکھوں تو کہاں تک وہ تلطف نہیں کرتا
آرے سے اگر چیرے تو میں اُف نہیں کرتا

تم دیتے ہو تکلیف مجھے ہوتی ہی راحت
سچ جانیے میں اسمیں تکلف نہیں کرتا

سب باتیں اُنھیں کی ہیں تو سچ بولیو قاصد
کچھ اپنی طرف سے تو تصرف نہیں کرتا

سو خوف کی ہو جائے مگر رند نظر باز
دل جلوہ گہہ لا تشف وشف نہیں کرتا

شوخی سے کسی طرح سے چین اُسکو نہیں ہی
آتا ہی مگر آکے توقف نہیں کرتا

اُس شوخ ستمگر سے پڑا ہی مجھے پالا
جو قتل کئے پر بھی تاسف نہیں کرتا

جو کچھ ہی انا میں وہ ٹپکتا ہے انا سے
کچھ آپ سے میں ذکر تصوف نہیں کرتا

تسکین ہو کیا وعدہ سے معشوق ہی آخر
ہر چند سُنا ہی کہ تخلف نہیں کرتا

کیا حال تمھارا ہی ہمیں بھی تو بتاؤ
سنے وجہ کوئی شیفتہ اُف اُف نہیں کرتا

اپنی جوار میں ہمیں مسکن بنا دیا
دشمن کو اور دوست نے دشمن بنا دیا

مشاطہ نے مگر عملِ سیمیا کیا — گل برگ کو جو غنچۂ سوسن بنا دیا

دامن تک اُس کے ہائے نہ پہنچا کبھی وہ ہاتھ — جس ہاتھ نے کہ جیب کو دامن بنا دیا

دیکھا نہ ہو گا خواب میں بھی یہ فروغِ حُسن — پردے کو اُس کے جلوے نے چلمن بنا دیا

تم لوگ بھی غضب ہو کہ دل پر یہ اختیار — شب موم کر لیا سحر آہن بنا دیا

پروانہ ہے خموش کہ حکمِ سخن نہیں — بلبل ہے نغمہ گر کہ نوازن بنا دیا

صحرا بنا رہا ہے وہ افسوس شہر کو — صحرا کو جسکے جلوہ نے گلشن بنا دیا

مشاطہ کا قصور سہی سب بناؤ میں — اُس نے ہی کیا نگہ کو بھی پُرفن بنا دیا

اظہارِ عشق اُس سے نہ کرنا تھا شیفتہ
یہ کیا کیا کہ دوست کو دشمن بنا دیا

کیا لائقِ زکوٰۃ کوئی بے نوا نہ تھا — انفاسِ باد میں نفسِ آشنا نہ تھا

اس قوم کی سرشت میں ہی کم محبتی — شکوہ جو اُس سے تھا مجھے ہرگز بجا نہ تھا

تاثیرِ نالہ نکتہ بعد الوقوع ہے — یہاں غیرِ رسم اور کوئی مدعا نہ تھا

وحشت تھی مجھکو پہلے بھی پر یہ تپش نہ تھی — شورش بھی تھی مجھکو پہلے بھی پر یہ مزا نہ تھا

اُنکی نگاہِ ناز عجب تازیانہ تھی — معذور پھر اُدھر نظرِ شوق کا نہ تھا

افسوس وہ مظاہرِ کونی میں پھنس گیا — جو عالمِ عقول سے ناآشنا نہ تھا

شرمانے اسقدر رہے کیوں آپ رات کو
مدت میں گو ملے تھے مگر میں نیا نہ تھا

بے پردہ اُنکے آنے سے حیرت ہوئی مجھے
وصلِ عدو کی رات تھی روزِ جزا نہ تھا

نان و نمک کی تھی ہمیں توفیق شیفتہ
سازو نوا کے واسطے برگ و نوا نہ تھا

کل نغمہ گر جو مُطرب جادو ترانہ تھا
ہوش و ہواس و عقل و خرد کا پتا نہ تھا

یہ بُت کہ جائے شیب ہی جب تھا نقاب میں
عہدِ شباب اور بتوں کا زمانہ تھا

معلوم ہی ستاتے ہو ہر ایک بہانہ سے
قصداً نہ آئے رات حنا کا بہانہ تھا

حسرت سے اُسکے کوچہ کو کیونکر نہ دیکھئے
اپنا بھی اس چمن میں کبھی آشیانہ تھا

کیا میکدوں میں ہی کہ مدارس میں وہ نہیں
البتہ ایک واں دلِ بے مدعا نہ تھا

ساقی کی بے مدد نہ بنی بات رات کو
مطرب اگرچہ کام میں اپنے یگانہ تھا

پھر آج اُنکی بزم میں بے ڈھب ہے بند و بست
آلودہ مے سے دامنِ بادِ صبا نہ تھا

دشمن کے فعل کی تھیں توجیہ کیا ضرور
تم سے فقط مجھے گلۂ دوستانہ تھا

کل شیفتہ سحر کو عجب حال خوش میں تھے
آنکھوں میں نشا، اور لبوں پر ترانہ تھا

تھا غیر کا جو رنجِ جُدائی تمام شب
نیند اُنکو میرے ساتھ نہ آئی تمام شب

شکوہ مجھے نہو جو مکافات حد سے ہو
وہاں صلح ایک دم ہے لڑائی تمام شب

یہ ڈر رہا کہ سوتے نہ پائیں کہیں مجھے
وعدے کی رات نیند نہ آئی تمام شب

سچ تو یہ ہی کہ بول گئے اکثر اہلِ شوق
بلبل نے کی جو نالہ سرائی تمام شب

دم بھر بھی عمر کھوئی جو ذکرِ رقیب میں
کیفیت وصال نہ پائی تمام شب

تھوڑا سا میرے حال پہ فرما کیا التفات
کرتے رہے وہ اپنی بڑائی تمام شب

وہ آہ تار و پود ہو جسکا ہوائے زلف
کرتی ہی عنبری و صبائی تمام شب

وہ صبح جلوہ جلوہ گرِ باغ تھا جو رات
مرغِ سحر نے دھوم مچائی تمام شب

افسانے سے بگاڑ ہے ان بن ہی خواب سے
ہی فکرِ وصل و ذکرِ جدائی تمام شب

جس کے شمیم زلف پہ میں غش ہوں شیفتہ
اُس نے شمیم زلف سنگھائی تمام شب

یوں بزمِ گلرخاں میں ہی اس دل کو اضطراب
جیسے بہار میں ہو عنادل کو اضطراب

نیرنگ حسن و عشق کے کیا کیا ظہور ہیں
بسمل کو اضطراب ہی قاتل کو اضطراب

آجائے ہمنشیں وہ پری وش تو کیا نہو
دیوانہ وار ناصحِ عاقل کو اضطراب

سیماب وار سارے بدن کو ہی یہاں طپش
تسکین ہو سکے جو ہو اک دل کو اضطراب

وہ با ادب شہید ہوں میرا جو نام لے
قاتل تو پھر نہو کسی بسمل کو اضطراب

افسوس باد آہ سے ہل بھی نہ جائے اور
یوں ہو ہولسے پردۂ محمل کو اضطراب

میں جاں بلب ہوں اور خبرِ وصل جان طلب
کیا کیا نہیں دہندہ و سائل کو اضطراب

لکھا ہی خط میں حال دلِ بیقرار کا
ہو گا ضرور شیفتہ حامل کو اضطراب

کیا اُٹھ گیا ہی دیدۂ اغیار سے حجاب
ٹپکا پڑے ہی کیوں نگۂ یار سے حجاب

لاؤ نغم نہیں جو تمنائے وصل پر
انکار سے حجاب ہی اقرار سے حجاب

تقلید شکل چاہیے سیرت میں بھی بجھے
کب تک رہے مجھے ترے اطوار سے حجاب

دشنام دین عجب بوسہ میں ابرام ہم کریں
طبع غیور کو ہے پر اصرار سے حجاب

رندی میں بھی گئی نہ یہ مستوری و صلاح
آتا ہی مجھکو محرم اسرار سے حجاب

وہ طعنہ زن ہی زندگی ہجر پر عبث
آتا ہی مجھکو حسرت دیدار سے حجاب

جوشِ نگاہ دیدۂ حیراں کو کیا کہوں
ظاہر ہے روئے آئینہ رخسار سے حجاب

روز و شبِ وصال مبارک ہو شیفتہ
جورِ فلک کو ہی ستم یار سے حجاب

دشمن سے ہی میرے دلِ مضطر کی شکایت
کیونکر نہ کروں شوخیٔ دلبر کی شکایت

دیوانۂ الفت ادب آموز خرد ہے
سودے میں نہیں زلف معنبر کی شکایت

تاخیر نہ کر قتل شہیدانِ وفا میں
ہر ایک کو ہی تیزیٔ خنجر کی شکایت

تاثیر ہو کیا اُن لب و دنداں کا ہوں ہمسایہ
نے لعل کا شکوہ ہی نہ گوہر کی شکایت

کیوں بوالہوس سے دلِ عاشق کا گلا ہے
غیروں سے بھی کرتا ہی کوئی گھر کی شکایت

اب ظلم سرشتوں کی نگہ سے ہوں مقابل
ہوتی تھی کبھی کاوشِ نشتر کی شکایت

یہاں کانٹوں پہ بھی لوٹنے میں چین نہیں ہے
وہاں غیر سے ہی پھولوں کے بستر کی شکایت

تعلیم بد آموز کو ہم کرتے ہیں یعنے
ہی شکر وفا جورِ ستمگر کی شکایت

نے پردہ وہ آئیں گے تو کیسے مجھے ہو گی
اے شیفتہ ہنگامۂ محشر کی شکایت

اُس وفا کی مجھ سے پھر امیدواری ہی عبث
دلفریبی کی لگاوٹ یہ تمھاری ہی عبث

دشمنی کو جو کہ احساں جانتا ہو ناز سے
اُس ستم ایجاد سے امیدیاری ہی عبث

غمزہ ہائے دوست بعد از مرگ بھی نظروں میں ہیں
وہم راحت سے عدو کو بیقراری ہی عبث

سرو میں کب پھل لگا تاثیر کیا ہو آہ میں
چشم تر کی صورتِ ابر اشکباری ہی عبث

ہم نے غافل پا کے تجھکو اور کو دل دیدیا
اے ستمگر اب تری غفلت شعاری ہی عبث

ہجر میں چرخ و اجل نے گر نہ کی یاری تو کیا
دشمنوں سے شیفتہ امیدواری ہی عبث

نہ کر فاش رازِ گلستاں عبث ‏— نہو بلبلِ زار نالاں عبث

کفایت تھی مجھکو تو چینِ جبیں ‏— کیا قتل کا اور ساماں عبث

مقدم ہے ترکِ عدو کی قسم ‏— وگرنہ یہ سب عہد و پیماں عبث

جو آیا ہے وادی میں تو صبر کر ‏— شکایاتِ خارِ مغیلاں عبث

تکبّر گدائی خرابات سے ‏— نہ اے خواجہ کھو جانِ ایماں عبث

وہاں صوتِ مینا و آوازِ ساز ‏— خوش آہنگیٔ مرغِ شب‌خواں عبث

وہاں دس بجے دن کو ہوتی ہے صبح ‏— سحر خیزیٔ عندلیباں عبث

دمِ خضر ہے چشمۂ زندگی ‏— سکندر سرِ آبِ حیواں عبث

پری کا وہاں مجھکو سایہ ہوا ‏— نہیں اشتیاقِ دلبستاں عبث

طلبگار راحت ہیں نا دردمند ‏— اگر درد ہے فکرِ درماں عبث

یہ نازک مزاجوں کا دستور ہے ‏— خشونت سے اندوہ و حرماں عبث

شکایت کو اُس نے سنا بھی نہیں ‏— کھلا غیر پر رازِ پنہاں عبث

مرے غم میں گیسوئے مشکیں نہ کھول ‏— نہو خلق کا دشمنِ جاں عبث

محبت جتاتا ہوں ہر طور سے ‏— اثر کی نظر سوئے افغاں عبث

نہ سمجھا کسی نے مجھے کل نہ صبح ‏— ہوا ٹکڑے ٹکڑے گریباں عبث

نہ مجھے یوں بٹھاتے وہ کب بزم میں	اُٹھائے رقیبوں نے طوفاں عبث

یہ انداز دلکش کہاں شیفتہ
جگر کا دیِ مرغِ بستاں عبث

اے شیفتہ نوید شبِ غم سحر ہے آج	ہمتاب آفتاب فروغِ قمر ہے آج
آہنگ دلپذیر سے مطرب ہی جاں نواز	آہِ جگر خراش کا ظاہر اثر ہے آج
دل سے کشادہ تر نہو کیونکر فضائے بزم	تنگیٔ خانہ حلقۂ بیرونِ در ہے آج
فانوس میں نہ شمع نہ شیشہ میں ہی پری	ساغر میں جیسی بہار سے می جلوہ گر ہے آج
پروانوں کا دماغ بھی ہے آسماں پہ	نورِ چراغ میں جو فروغِ قمر ہے آج
ہر سمت جلوہ گر ہیں جوانانِ لالہ رو	گلزار جسکو کہتے ہیں وہ اپنا گھر ہے آج
ساماں وہ کہ آئے نہ چشمِ خیال میں	آ اے رقیب دیکھ کہ پیشِ نظر ہے آج
وہ دن گئے کہ ربطِ سر و سنگ تھا بہم	شکرانہ کے سجود میں اور اپنا سر ہے آج

اسباب عیش یہ جو مہیا ہی شیفتہ
کیا پردہ تم سے آینکی اُنکی خبر ہی آج

شیفتہ ہجر میں تو نالۂ شبگیر نہ کھینچ	صبح ہونے کی نہیں خجلتِ تاثیر نہ کھینچ
ای ستمگر رگ جاں میں ہی مری پیوستہ	دم نکل جائیگا سینہ سے مرے تیر نہ کھینچ

حد پر بھی کوئی کرتا ہے عمل دنیا میں
رنج بیہودہ بس اے عاملِ تسخیر نہ کھینچ

عشق سے کیا ہی بجھے شکل تری کھنچتی ہے
حُسن تقریر کو آہیں دمِ تقریر نہ کھینچ

ہے یہ سامان صفائی کا عدو سے کیونکر
دستِ مشّاطہ سے یوں زلف گرہ گیر نہ کھینچ

اے ستم پیشہ کچھ امید تلافی تو ہے
دستِ نازک سے مرے قتل کو شمشیر نہ کھینچ

چارہ گر فکر کر اس میں کہ مقدر بدلے
ورنہ بیہودہ اذیّت سے پے تدبیر نہ کھینچ

کون مجرم ہے جو شایقِ تعزیر نہیں
شوق تعزیر سے تو حسرتِ تقصیر نہ کھینچ

وجد کو زمزمۂ مرغِ سحر کافی ہے
شیفتہ نازِ مغنّی و مزامیر نہ کھینچ

ناصح تپاں ہے شیفتہ ترنیم جاں کی طرح
کیا دل میں چبھ گئی نگہ جاں نستاں کی طرح

بہتر ہے آپ غیر سے دل کھول کر ملیں
آخر تو یہ بھی میرے ہی ہے امتحان کی طرح

اُس شمع رو کی بزم میں مانع نہ تھا کوئی
ہم ہی سبک جو نالۂ آتش فشاں کی طرح

کیوں ہر نفس ہے شہد خموشی سے بند لب
بھائی ہے دلکو کونسے شیریں بیاں کی طرح

لڑنے میں آشتی نہ تغافل میں التفات
یہ جور کی نکالی ہے تمنے کہاں کی طرح

خمیازہ بند بند گسل ہے خمار سے
بدمست کر گئی یہ کس ابرو کماں کی طرح

ہر ہر قدم پہ رشک سے جلتی ہے شمع فند

چلتا ہی وہ بھی شیفتہ میری زباں کی طرح

دیا ہی بوسہ مجھے جبکہ میں ہوا گستاخ
غلط ہی بات کہ کم رزق ہی گدا گستاخ

تمھاری بزم میں افسردہ میں نہ بیٹھونگا
نسیم باغ میں چالاک ہی صبا گستاخ

کہاں ہی غیرت شوخی کہ جائے غیرت ہی
نگاہ یار سے ہر وقت ہی حیا گستاخ

سفیہ جیسے کہ خدمت سے چل نکلتے ہیں
غرور مہر و وفا نے مجھے کیا گستاخ

لبوں سے جان ہی گستاخ ذوق بیحد سے
زبان بوسہ نے مجھ تو نہ کیوں کیا گستاخ

قبول کیوں نہوئی خواہش ہم آغوشی
کہ آشناؤں سے ہوتے ہیں آشنا گستاخ

عنان ضبط کوئی شیفتہ سے تھمتی ہی
کہ ہر کرشمہ ہی چالاک وہر ادا گستاخ

روز غم میں کیا قیامت ہی شب عشرت کی یاد
اشک خوں سے آگئیں رنگینیاں صحبت کی یاد

میری حالت دیکھ تو تغیر کتنے ہو چکی
وصل کے دن دم بدم کیوں شیشہ ساعت کی یاد

میں ہوں بیکس اور بیکس پر ترحم ہے ضرور
حسن روزافزوں دلا دینا مری حالت کی یاد

طاقت جنبش نہیں اس حال پر قصد عدم
مر گئے پر بھی رہے گی اپنی اس ہمت کی یاد

غالبًا ایام حرماں بیخودی میں کٹ گئے
آتی ہی پھر آرزو بھولی ہوئی مدت کی یاد

دل لگانے کا ارادہ پھر ہی شاید شیفتہ

ایسی حسرت سے جو ہی گذری ہے تری الفت کی یاد

طلب بوسہ پر اُس لب سے شکر آب لذیذ
تند ہی تلخ ہی لیکن ہی مئے ناب لذیذ

کچھ مزا تو نہ سمجھ خضر امورِ عشرت
سب مزاجوں میں نہیں ایک سے اسباب لذیذ

سم کی تاثیر کرے ہجر میں آبِ حیواں
مئے گلگوں کے سوا وصل میں ہی آب لذیذ

زودرنجا دسہی پر نہیں مقبول فغاں
تا نہ معلوم ہو تلخیٔ مئے ناب لذیذ

شیفتہ ذوق سحر اُس نے کہاں دیکھا ہی
وہ جو کہتا ہی کہ ہی آخرِ شب خواب لذیذ

وصل کے لطف اُٹھاؤں کیوں کر
تاب اُس جلوے کی لاؤں کیوں کر

گرمجوشی کا کروں شکوہ کہ وہ
کہتے ہیں تجھکو جلاؤں کیوں کر

کیا کروں ہائے میں بیتاب وہ شوخ
چین سے پاس بٹھاؤں کیوں کر

ہر بنِ مو سے دھواں اُٹھتا ہے
آتشِ غم کو چھپاؤں کیوں کر

میرے آنے سے تم اُٹھ جاتے ہو
بزمِ دشمن میں نہ آؤں کیوں کر

یاد نے جس کی بھلایا سب کچھ
اُس کی میں یاد بھلاؤں کیوں کر

آپ بھایا سنے مجھے رونا اپنا
کہتے ہیں ہائے میں جاؤں کیوں کر

چارۂ عجز سے فرصت ہی نہیں
دردِ دل اُس کو سناؤں کیوں کر

زندگانی سے خفا ہوں اپنی
اُس کے آتے ہی بھڑک اُٹھی اور

پھر کہو تمکو مناؤں کیوں کر
آتشِ دل کو بجھاؤں کیوں کر

شورِ محشر ابھی چونک اُٹھے گا
شیفتہ کو میں جگاؤں کیوں کر

شیفتہ آیا ہوں میں کسکا تماشا دیکھکر
رہ گئے حیران مجھکو سب خود آرا دیکھکر

شوقِ خوباں اُڑ گیا حوروں کا جلوہ دیکھکر
بیخ دُنیا مٹ گیا آرام عقبےٰ دیکھکر

ہی وہ آتش جلوہ اشک افشاں ہمارے شور سے
شمع رو دیتی ہی پروانہ کو جلتا دیکھکر

خیر جو گذری سو گذری پر یہی اچھا ہوا
خط دیا تھا نامہ بر نے اُسکو تنہا دیکھکر

سائلِ مبرم کی پھبتی مجھ پہ فرمانے لگے
آرزوئے شوق کا گرمِ تقاضا دیکھکر

ہی وہاں کُستی طلب میں جا یہاں ہماری نہیں
کام کرتے ہیں مزاجِ کارفرما دیکھکر

ہیں تو دونو سخت لیکن کوسنا ہی سخت تر
اپنے دلکو دیکھیے میرا کلیجا دیکھکر

گاؤں بھی ہمکو غنیمت ہی کہ آبادی تو ہی
آئے ہیں ہم سخت پُر آشوب صحرا دیکھکر

اب کسے لاؤں گواہی کے لیے روزِ جزا
میرے دشمن ہو گئے اُس کو احبّا دیکھکر

ہیں کمینِ توبہ میں ہوس آپ لیکن کیا کروں
مُنہ میں بھر آتا ہی پانی جام و مینا دیکھکر

التماسِ وصل پر بگڑی تھی بیڈھب رات کو
کچھ نہ بن آئی مگر جوشِ تمنّا دیکھکر

دوستی کرتے ہیں ارباب غرض ہر اک سے
تیرے عاشق ہیں عدو اب ربط اُس کا دیکھکر

بے نقط مجھکو سناؤ گے جو دیکھو گے ستم
آپ عاشق تو ہوئے ہیں شوق میرا دیکھکر

پھر کہو گے اُس کو دل تو نادانی ارباب دل
جو نہو بیتاب و مضطر روئے زیبا دیکھکر

یار پہلو میں نہیں مے جام و مینا میں نہیں
تم ہوئے حیران مجھکو ناشکیبا دیکھکر

ناگہاں بادِ موافق **شیفتہ** چلنے لگی
جان پر کل بن رہی تھی شورِ دریا دیکھکر

تھا قصد بوسہ نشہ میں سرشار دیکھکر
غش آگیا مجھے انھیں ہشیار دیکھکر

کچھ بیم قتل سے نہیں آنکھوں میں اشک سُرخ
کھاتا ہی جوش خوں تری تلوار دیکھکر

جاتے ہیں اور منع کی طاقت نہیں مگر
رہجائیں آپ وہ مجھے ناچار دیکھکر

سر دہ کسی کا یاد نہ بے پردگی ہی یاد
غش ہوگیا میں کعبہ کی استار دیکھکر

سرخیل عاشقاں مجھے کہتے ہیں بوالہوس
عاشق کا اُس کو مائل آزار دیکھکر

آتی ہیں یاد کاکل و دل کی حکایتیں
روتا ہوں دام و مرغ گرفتار دیکھکر

کیا بن گیا ہوں صورت دیوار دیکھنا
صورت کسی کی میں سرِ دیوار دیکھکر

رحم ایسی سادگی پہ ستمگر ضرور ہے
عاشق ہوئے ہیں ہم تجھے پرکار دیکھکر

کم رغبتی سے لیتے ہیں دل ہوشیار ہیں
بڑھتا ہی ہول شوق خریدار دیکھکر

کہتا تھا وقت مرگ کے ہر اک سے شیفتہ
دنیا کسیکو دل تو وفادار دیکھکر

یوں پاس بوالہوس ہیں چشم غضب سے دور
یہ بات ہی بری دل عاشق طلب سے دور

دیوانہ میں نہیں کہ انا لیلی لب پہ آئے
باتیں خلاف وضع ہیں اہل ادب سے دور

مجھکو سنا کے کہتے ہیں ہمدم سے یاد ہے
اک آدمی کو چاہتے تھے ہم بھی اب سے دور

جو لطف میں بھی پاس پھٹکنے نہ دے کبھی
رکھیو الٰہی ایسے کے مجھکو غضب سے دور

کیونکر میں انجمن میں تمھاری شریک ہوں
اسباب رنج رہتے ہیں اہل طرب سے دور

ہم سے اُسسے معاملہ تھا جان و جسم کا
ہرگز ملا نہ گاہ ہوا ہاے جب سے دور

تو بھی جو میرے پاس نہ آئے تو کیا کروں
تیرے ہی پاس سے تو میں رہتا ہوں سب سے دور

میں غیر بوالہوس نہیں ڈرتے ہو کس لیے
مجھسے نہ رکھو بوسہ ہیں تم لب کو لب سے دور

بوس و کنار کی نہ کرونگا ہوس کبھی
یہ خواہشیں ہیں عاشق حسرت طلب سے دور

آغاز عمر ہی میں ہے ہمکو خیال حج
دلی جو شیفتہ ہے دیار عرب سے دور

ہم بے نشان اور وفا کا نشاں ہنوز
ہے خاک تن ہوا و ہوا خوں فشاں ہنوز

بیت الحزن میں نغمہ شادی بلند ہے
نکلا ہی پاے عمر سے ہی کارواں ہنوز

صبحِ شبِ وصال نئی صبح ہے مگر
پروین ہنوز جلوہ گرِ کہکشاں ہنوز

ہرگز ابھی شکایتِ دشمن نہ چاہیے
ہم پر بھی یار خوب نہیں مہرباں ہنوز

کیونکر کہیں کہ چھٹ گئے ہم بندِ جسم سے
اُس زلف پیچ پیچ میں اُلجھی ہے جاں ہنوز

جو بات میکدہ میں ہے ایک ایک زبان پر
افسوس مدرسہ میں ہے بالکل نہاں ہنوز

ضبط و شکیب یہاں ہے نقابِ جمالِ شاہد
بیوجہ وہاں نہیں ہے سرِ امتحاں ہنوز

مدت ہوئی بہارِ جہاں دیکھتے ہوئے
دیکھا نہیں کسی نے گلِ بےخزاں ہنوز

اکثر ہوا ہے مجھکو سفر در وطن مگر
لایا نہ دوستوں کے لیے ارمغاں ہنوز

اک شب ہوا تھا جلوہ نما چرخ پر وہ ماہ
مدہوش ہیں ملائکہ آسماں ہنوز

نا آشنا رقیب سے ہے آشنا ابھی
نا آشنا ہے لب سے ہماری فغاں ہنوز

آشفتہ زلف چاک قبا نیمباز چشم
ہیں صحبتِ شبانہ کی ظاہر نشاں ہنوز

اے موجۂ نسیم ذرا اور ٹھہر جا
ہے خاک پر ہمارے وہ دامن فشاں ہنوز

میخانہ میں تمام جوانی بسر ہوئی
لیکن ملا نہ منصبِ پیرِ مغاں ہنوز

اے تابِ برق تھوڑی سی تکلیف اور بھی
کچھ رہ گئے ہیں خار و خسِ آشیاں ہنوز

آتا ہوں میں وہیں سے ذرا صبر شیفتہ
سونے کے قصد میں بھی نہیں پاسباں ہنوز

ہند کی وہ زمیں ہے عشرت خیز / کہ نہ زاہد جہاں کریں پرہیز

وجد کرتے ہیں پی کے مے صوفی / مست سوتے ہیں صبح تک شب خیز

رند کیا یاں تو شاہد و مے سے / پارسا کو نہیں گزیر و گریز

سخت مشکل ہے ایسی عشرت میں / خطر حشر و بیم رستاخیز

ہے غریبوں کو جرأت فرہاد / ہے فقیروں کو عشرتِ پرویز

عیش نے یہاں بٹھا دیا ناقہ / غم نے کی یہاں سے رخش کو مہمیز

کوئی یہاں غم کو جانتا بھی نہیں / جز غم عشق سوئے عیش آمیز

بادِ صرصر یہاں نسیم چمن / نارِ عنصر ہے آتشِ گل تیز

بوستاں کی طرح یہاں صحرا / دل کشا دلپذیر دل آویز

کوئی پامال جورِ چرخ نہیں / کتنی ہے یہ زمین راحت خیز

اثرِ زہرہ اُس میں یہاں پایا / وہ جو مریخ ہے بڑا خونریز

شیفتہ تھام لو عنانِ قلم / یہ زمیں گرچہ ہے ہوس انگیز

دور رہنا ہم سے کب تک اور بیگانے کے پاس / ہیں قریب مرگ کیا اب بھی نہیں آنے کے پاس

جلوہ آرا اسکے تھا وہ شمع سیمابات کو / ہم بھی مر کر رہ گئے مجلس میں پروانے کے پاس

آفریں طغیانِ وحشت مرحبا جوشِ جنوں
غیر سے کھوائیں یاد و رسے سمجھوائیں گے ہم

وہ یہ کہتے ہیں کہ کیونکر جائیں دیوانے کے پاس
دیکھ لیں گے پھر کہ تم کیونکر نہیں آنے کے پاس

شیفتہ نے قصۂ مجنوں سُنایا رات کو
آگیا میرا اُنہیں سنتے ہی افسانے کے پاس

اُٹھے نہ چھوڑ کے ہم آستانِ بادہ فروش
طلسم ہوش ربا ہے دُکانِ بادہ فروش

کھُلا جو پردۂ روئے حقایقِ اشیا
کھُلی حقیقتِ رازِ نہانِ بادہ فروش

فسردہ طینتی و کاہلی سے ہم نے کبھی
شباب میں بھی نہ دیکھی دُکانِ بادہ فروش

یقین ہے کہ مئے ناب مفت ہاتھ آئے
یہ جی میں ہے کہ بنوں مہمانِ بادہ فروش

قدح سے دل ہے مرا اور مے سے عشق غرض
میں وہ نہیں کہ نہ سمجھوں زبانِ بادہ فروش

عجب نہیں کہ کسی روز وہ بھی آ نکلیں
کہ ہے گذرگہ خلق آستانِ بادہ فروش

مے و سرود کے اسرار آپ آ کر دیکھ
نہ پوچھ مجھ سے کہ ہوں رازدانِ بادہ فروش

شراب دیکھ کہ کس رنگ کی پلاتا ہے
جز اس کے اور نہیں امتحانِ بادہ فروش

تری شمیم نے گلزار کو کیا برباد
تری نگاہ نے کھولی دُکانِ بادہ فروش

عبث ہے شیفتہ ہر اک سے پوچھتے پھرنا
ملیگا بادہ کشوں سے نشانِ بادہ فروش

ان کو دشمن سے ہی محبت خاص
یہ ہمارا ہے ثمرۂ اخلاص

وجد میں لائے اہل درد ہمیں
باد کے ساتھ خاک ہی رقاص

دل کے ٹکڑے اڑا انہیں ہے گناہ
نفس کو قتل کر نہیں ہی قصاص

حسن باطن نہ بونی ظاہر
ہے مئے ناب اور جام رصاص

کیا مزا تم سے آشنائی کا
ماسشر بتم مداہنۃ الاخلاص

ہجر زہر اور وصل ہے تریاق
زہر و تریاق کا جدا ہی خواص

قسمت اس کی خبر نہ ہو جسکو
عام اس دور میں ہی بادۂ خاص

دام سے تیرے موسم گل میں
بلبلوں کو نہیں ہوا ہے خلاص

شیفتہ نے ہمارے داد نہ دی
سچ ہے القاص لایحب القاص

ہی دلکو یوں ترے دمِ اعجاز اثر سے فیض
غنچہ کو جیسے موجۂ بادِ سحر سے فیض

عشاق سے نگاہ نہ رکھو دریغ تم
پاتے ہیں لوگ خدمتِ اہلِ نظر سے فیض

ہی عالمِ کبیر میں بھی یوں ہی جس طرح
دل سے جگر کو فیض ہی دلکو جگر سے فیض

آزردۂ جفائے دی و تیر کو نہیں
یک ذرہ آب و آتش لعل و گہر سے فیض

اپنے نہاد میں نہیں احسان فراموشی
پایا ہی ہم نے صاعقہ کا ابر تر سے فیض

زر کسب کر کے عشرتِ خسرو نصیب ہو
فرہاد کو سنا ہی ہوا جو ہنر سے فیض

لگتے ہیں اُس کے سینۂ و بر سے مدام ہم
ہوتا ہی ہمکو روزِ مہِ سیمبر سے فیض

ارباب خانقاہ ہیں محتاج اغنیا
کافی ہی ہمکو پیرِ مغاں تیرے در سے فیض

بلبل ہمارے گھر وہ خود آتے ہیں رحم سے
افزوں ہی نے پری ہیں یہاں بال و پر سے فیض

خرم نہاد میکش و زاہد شگفتہ دل
ہے شیفتہ ہر ایک کو وقتِ سحر سے فیض

لازم ہے بیوفا تجھے اہلِ وفا سے ربط
کیسا ہی دیکھ عکس اُو اکو ادا سے ربط

یہ ناخن و خراش میں بگڑی کہ کیا کہوں
اک دم ہوا جو عقدۂ بندِ قبا سے ربط

ناصح مری ملامتِ بیجا سے فائدہ
بے اختیار دلکو ہی اُس دلربا سے ربط

اُس سرد مہر کو ہوا اثر پہ جو ہو سکے
کام وہاں کو ہے دمِ شعلہ نما سے ربط

کہتے گر اُن سے شکوۂ انجام کارِ عشق
کہتے ہیں مجھکو تم سے نہ تھا ابتدا سے ربط

دو دن میں تنگ ہو گئے جورِ سپہر سے
اس شعلہ پہ کہتے تھے اُسکی جفا سے ربط

کیا تجھے بدگمانی ابرو کا دھیان ہے
کرتے وگرنہ ہجر میں تیغِ قضا سے ربط

تیرے ستم سے ہی یہ دعا لب پہ دمبدم
یارب نہو کسی کو کسی بیوفا سے ربط

صبحِ شبِ فراق کا کیا لطف مرگ سے
کیا دیر میں ہوا ہمیں اُس آشنا سے ربط

فریاد نزع کان تک اُس کے نہ جا سکے
تھا شیفتہ ہمیں نفسِ نارسا سے ربط

ترے فسوں کی نہیں میرے دل میں جا واعظ
کسی صنم نے مگر آپ کو جلایا ہے
تمھارے حسن جہاں سوز سے میں جلتا ہوں
ملا کے دیکھیں کہ ہی خوب کون دونوں میں
ترے فسونِ اثر ریز سے رسا تر سی

صنم پرست نہ ہو بندۂ ریا واعظ
نہیں تو حور و نکی کیوں اسقدر تنا واعظ
کہ ہیں رقیب مرے شیخ و پارسا واعظ
ہم اُس کو لاتے ہیں تو حور کو بُلا واعظ
فغان نے اثر و آہ نارسا واعظ

کمی بھی حالتِ رندی میں اُسکو کیا یارو
کوئی یہ پوچھے کہ کیوں شیفتہ بنا واعظ

خورشید کو اگرچہ نہ پہنچی ضیائے شمع
اس تیرہ روزگار میں مجھسا جگر گداز
روزِ فراق میں ہی قیامت جمالِ گل
پروانے کیا خجل ہوے دیکھا جو صبح کو
اُس رشک شمع و گل کی ہی کچھ آب و تاب اور
دیتی ہی اور گرمیٔ پروانہ داغِ رشک

پروانہ کو پسند نہیں پر سوائے شمع
مشعل جلا کے ڈھونڈھے اگر تو نہ پائے شمع
شب ہائے ہجر میں ہی مصیبت لقائے شمع
تھا شب کو اُسکی بزم میں خورشید جائے شمع
دیکھے ہیں جلوہ ہائے گل شعلہ ہائے شمع
شب ہائے ہجر میں کوئی کیونکر جلائے شمع

کیا حاجت آفتاب کے گھر میں چراغ کی
اُس لعل بے بہا سے کہاں تاب ہمسری
خورشید جس کے جلوہ سے ہو شمع صبح دم
اس تیرہ شب میں جائیں گے کیونکر عدو کے گھر
آتے ہیں وہ جو گور پہ میری تو بہر زیب
گل پر لگا کے آپ سے پہنچیں گے بے طلب

ہی حکم شب کو بزم میں کوئی نہ لائے شمع
روشن ہی سب پہ قیمت گل اور بہائے شمع
کیا ٹھہرے اُسکے سامنے نور و ضیائے شمع
بیزار رقیب وہ ہی جو اُنکو دکھائے شمع
کوئی نہ لائے پھول نہ کوئی منگائے شمع
آئیگی اپنے پاؤں سے یہاں بن بُلائے شمع

ڈر ہی اُٹھا نہ دے کہیں وہ بزم عیش سے
کیا تاب ہی کہ **شیفتہ** آنسو بہائے شمع

کیا عیب تھا کہ شب کو نہ تھا جلوہ گر چراغ
کیا لطف آہ صبح شب ہجر مہروش
پروانہ گر نہ جائے تو بیجا ہے لاف عشق
حسرت یا کرے طریقہ پروانہ اختیار
پروانہ ہو گیا ہے رقیب کتاں کہ ہی
گستاخیوں کی تاب کسی اُس کی بزم میں
ہی شمع انجمن وہ مہ آتشیں عذار

رہتا ہی ورنہ گھر میں ترے تا سحر چراغ
کیا فائدہ جو بجھئے روشن سحر چراغ
روشن ہی میرے نالوں سے افلاک پر چراغ
اُس تاب رُخ سے بجھئے روشن اگرچہ چراغ
اُس مہروش کے جلوے کے آگے قمر چراغ
بیباکی نسیم سے ہرگز نہ ڈر چراغ
گھی کے جلیں گے آج تو دشمن کے گھر چراغ

کرتا ہوں فکر شعر جو میں شب کو شیفتہ
رہتا ہے خواب گہ میں مری رات بھر چراغ

وہاں ہوا پردہ اُٹھانا موقوف
یہاں ہوا راز چھپانا موقوف

غیر کو رشک سے کیا آگ لگی
کہ ہوا میرا جلانا موقوف

ذکر شیریں کی اگر بندی ہے
کوہکن کا بھی فسانا موقوف

اب کس امید پہ وہاں جائے کوئی
کہ ہوا غیر کا آنا موقوف

رم آہو سے وہ رم یاد آیا
دشت و صحرا میں بھی جانا موقوف

بد دماغ آج ہوا وہ گل رو
شیفتہ عطر لگانا موقوف

پابندی وحشت میں ہیں زنجیر کے مشتاق
دیوانے ہیں اُس زلف گرہ گیر کے مشتاق

بیرحم نہیں جرم وفا قابلِ بخشش
محروم ہیں کس واسطے تعذیر کے مشتاق

رہتے تھے بہم جن سے مثالِ ورق و حرف
اب اُنکی رہا کرتے ہیں تحریر کے مشتاق

لکھتا ہوں جو میں آرزوئے قتل میں نامے
ہیں میرے کبوتر بھی ترے تیر کے مشتاق

کیوں قتل میں عشّاق کے اتنا ہے تغافل
مرجائیں گے ظالم دم شمشیر کے مشتاق

اے آہ ذرا شرم کہ وہ کہتے ہیں اکثر
مدت سے ہیں ہم آہ کی تاثیر کے مشتاق

سیماب تھا دل جلکے سو اب خاک ہوا ہے
لیجائیں مری خاک کو اکسیر کے مشتاق

کیا ہجر کے دن آنے میں ہی عذر سنیں تو
ہم ہیں ملک الموت کی تقریر کے مشتاق

دل سرد ہوا اس کے ترے نالۂ موزوں
تھے شیفتہ ہم حسن تاثیر کے مشتاق

رہ جائے کیوں نہ ہجر میں جاں آ کے لب تلک
ہم آرزوے بوسہ پہ پیغام اب تلک

کہتے ہیں ہو وفات مجھے میں سنے جو یہ کہا
مرتے رہیں گے آپ پہ جیتے ہیں جب تلک

تمکین حسن ہے کہ نہ بیتاب ہو سکا
خلوت میں بھی کوئی قلق بے ادب تلک

آجائے کاش موت ہی تسکین ہو نہ ہو
ہر وقت بیقرار رہے کوئی کب تلک

وہ چشم التفات کہاں اب جو اس طرف
دیکھیں کہ ہی دریغ نگاہ غضب تلک

ایسے کریم ہم ہیں کہ دیتے ہیں بے طلب
پہنچاؤ یہ پیام اجل جاں طلب تلک

مایوس لطف سے نہ کرے دشمنی شعار
امید سے اٹھاتے ہیں ہم جور اب تلک

یہاں عجز نے لے رہا ہی نہ وہاں ناز دلفریب
شکر بجا رہا گلہ نے سبب تلک

ایسی ہی بیقراری رہی متصل اگر
اے شیفتہ ہم آج نہیں بچتے شب تلک

طالع خفتۂ دشمن نہ جگانا شب وصل
دیکھ اے مرغ سحر غل نہ مچانا شب وصل

اُن کو منظور نہیں نیند کا آنا شبِ وصل
اس لیے کہتے ہیں غیروں کا فسانا شبِ وصل

صبر پروانے کا مجھ پر نہ پڑے ڈرتا ہوں
ماہرو شمع کو ہرگز نہ جلانا شبِ وصل

خواہشِ کام دل اتنی نہ کر اے شوق کہ وہ
ڈھونڈھتے ہیں چلے جانے کو بہانا شبِ وصل

آپ منت سے بُلانے مجھے کیونکر آؤں
غیر کے گھر میں ہی تیرا تو ٹھکانا شبِ وصل

شان میں صحبتِ ناکس سے خلل آتا ہے
صبحِ ہجراں کو عبث اب منہ نہ لگانا شبِ وصل

تیرگیٔ بختِ سیہ سے مری لیجا کہ ضرور
جلوہ اُس مہرلقا کا ہی چھپانا شبِ وصل

روزِ ہجراں میں اُٹھے جاتے ہو کیوں دنیا سے
شیفتہ اور بھی تم لطف اُٹھانا شبِ وصل

اصحابِ درد کو ہی عجب تیزیٔ خیال
مثلِ زبانِ نطق قلم کی زبانِ حال

عہدِ وفا کیا ہے نباہیں گے شک عبث
وعدہ کیا ہے آئیں گے بیجا ہے احتمال

کیا کچھ وہاں سے منزلِ مقصود پاس ہی
یا ایہا الذین سکنتم علی الجبال

ناز و غرور ٹھیک ہی جور و جفا درست
کس کے ہو النصیب یہ حسن اور یہ جمال

ساقی پلا وہ بادہ کہ غفلت ہو آگہی
مطرب سنا وہ نغمہ کہ ہو جس سے قال حال

ہم لگلے عشق والوں کی تقلید کیوں کریں
اے جوزدہ گیر نحن رجال و ہم رجال

اہلِ طریق کی بھی روش سب سے ہی الگ
جتنا زیادہ شغل زیادہ فراغ بال

ہنگام عہد کام میں لائے وہ ایسے لفظ
جن کو معانی متعدد پر اشتمال

ما و التنهبن و انتن فی البیوت
ما و التقلتن و انتن فی الجبال

ق

یہ بات تو غلط ہے کہ دیوان شیفتہ
ہے نسخۂ معارف و مجموعۂ کمال

لیکن مبالغہ تو ہے البتہ اس میں کم
ہاں ذکر خد و خال اگر ہے تو خال خال

یہاں کے آنے میں نہیں انکو جو تمکین کا خیال
غالباً کچھ تو ہوا ہے مری تسکیں کا خیال

کفِ افسوس ملے سے بھی پڑے ہاتھ میں نقش
بسکہ ہے دل میں مرے دست نگاریں کا خیال

گو ہے مجھے عاشقِ مفلس وہ کہیں طعنہ سے
تو بھی کیونکر نہ رکھوں ساعدِ سیمیں کا خیال

تعزیت کو مری وہ آئے تو کیا ذلت ہے
اہلِ ماتم کو نہیں بزم کی تزئیں کا خیال

کیوں نہو دست مژہ ماتمیوں کا رنگیں
مرتے دم تھا مجھے اُس پنجۂ رنگیں کا خیال

سخنِ عشق ہے پتھر کی لکیر اے پرویز
دلِ فرہاد سے کیونکر مٹے شیریں کا خیال

کیا مسلمان ہیں ہم شیفتہ سبحان اللہ
دل سے جاتا نہیں دم بھر بت بیدیں کا خیال

بلبل کو بھی نہیں ہے دماغِ صدائے گل
بگڑی ہے تیرے دور میں ایسی ہوائے گل

ہنگام عشق جو غیر کو اُس نے سنگھائے گل
جنت میں لپٹی مری جاں کو بوئے گل

ایما ہے بعد مرگ بھی ہم بیوفا رہے
اس واسطے مزار پہ میرے چڑھائے گل

مرتی ہیں گل کے نام ہی پر بلبلیں کہ اب
پھرتی ہیں ساتھ ساتھ مرے جب سے کھائے گل

کھٹکوں عدو کی آنکھ میں تا بعد مرگ بھی
کانٹے مرے مزار پہ رکھنا بجائے گل

کس کس طرح سے کھوئے گئے غیر کیا کہوں
روز جزا ابھی سینہ پہ میرے جو پائے گل

جلتی ہی تیرے حسن جہاں سوز سے بہار
نکلیں گے شعلے خاک چمن سے بجائے گل

آخر دورنگی اُس گلِ رعنا پہ کھُل گئی
لوگوں کو دیکھکر جو عدو نے چھپائے گل

عاشق سے پہلے راہ محبت میں جان دی
کیونکر نہ عندلیب کرے جان فدائے گل

خاموش عندلیب کہ طاقت نہیں رہی
ہیں چاک پردے کان کے مثلِ قبائے گل

شاید دکھانے لائیگا اُسکو کہ غیر نے
بستر پہ میرے کانٹوں کے بدلے بچھائے گل

جس گل میں ہی ادا وہ چمن میں بھلا کہاں
ای بلبلو تمھیں کو مبارک ادائے گل

میرا اُنھیں کو غم ہی کہ بلبل کی آہ پر
کرتا ہی کون چاک گریباں سوائے گل

جنت میں پہنچیں بلبلیں پروانے جل گئے
اب کون شمع گور پر اور کون لائے گل

اک گل کا شوق تھا سبب اپنی وفات کا
پھولوں کے دن مرے رفقا نے منگائے گل

لکھی یہ ہم نے وہ غزلِ تازہ شیفتہ
ہر شعر جس میں داغ دہِ دستہ ہائے گل

گہ ہم سے خفا وہ ہیں گہے اُن سے خفا ہم
مدت سے اسی طرح بنی جاتی ہے باہم

کرتے ہیں غلط یار سے اظہار وفا ہم
ثابت جو ہوا عشق کجا یار کجا ہم

کچھ نشۂ مے سے نہیں کم نشۂ نخوت
تقویٰ میں بھی صہبا کا اُٹھاتے ہیں مزا ہم

موجود ہے جو لاؤ جو مطلوب ہی وہ لو
مشتاق وفا تم ہو طلبگار جفا ہم

نے طبع پریشاں تھی نہ خاطر متفرق
وہ دن بھی عجب تھے کہ ہم اور آپ تھے باہم

کیا کرتے ہیں کیا سنتے ہیں کیا دیکھتے ہیں ہائے
اُس شوخ کے جب کھولتے ہیں بند قبا ہم

یہ طرز ترنم کہیں زنہار نہ ڈھونڈھو
اے شیفتہ یا مرغ چمن رکھتے ہیں یا ہم

مر گئے ہیں جو ہجر یار میں ہم
سخت بیتاب ہیں مزار میں ہم

تا دل کینہ ور میں پائیں جگہ
خاک ہو کر ملے غبار میں ہم

آمد آمد میں اسقدر شورش
دیکھئے کیا کریں بہار میں ہم

وہ تو سو بار اختیار میں آئے
پر نہیں اپنے اختیار میں ہم

کب ہوے خار راہ غیر بھلا
کیوں کھٹکتے ہیں چشم یار میں ہم

کوئے دشمن میں ہو گئے پامال
آمد و رفت بار بار میں ہم

نعش پر تو خدا کے واسطے آ
مر گئے تیرے انتظار میں ہم

گر نہیں شیفتہ خیالِ فراق

کیوں تڑپتے ہیں وصل یار میں ہم

مطبوع یار کو ہی جفا اور جفا کو ہم
کہتی ہی بد عدو کو وفا اور وفا کو ہم

دشنام بھی سنے نہ تمھاری زبان سے
ہی کوستی اثر کو دعا اور دعا کو ہم

افغان چرخ رس کی لپٹ سے جلادیا
نامہ کو ڈھونڈھتی ہی صبا اور صبا کو ہم

لاتا ہی ظن نیم تبسم سے جوش میں
دل کو قلق قلق کو بکا اور بکا کو ہم

درماں مریض غم کا ترے کچھ نہ ہوسکا
چھیڑے ہی چارہ گر کو دوا اور دوا کو ہم

پھر کیوں نہ دیکھنے سے عدو کے ہو منفعل
پھر اُس کو دو کھتی ہے حیا اور حیا کو ہم

ہیں جاں بلب کسی کے اشارے کی دیر ہی
دیکھے ہی اُس نگہ کو قضا اور قضا کو ہم

ہی آرزوے شربت مرگ اب تو شیفتہ
لگتی ہی زہر ہمکو شفا اور شفا کو ہم

بچتے ہیں اسقدر جو اُدھر کی ہوا سے ہم
واقف ہیں شیوۂ دل شورش ادا سے ہم

افشائے راز عشق میں ضرب المثل ہے وہ
کیونکر غبار دلمیں نہ رکھیں صبا سے ہم

چلتے ہیں میکدہ کو کہاں یہ عزیز وہاں
رخصت تو ہولیں کبر و نفاق وریا سے ہم

اے جوش رشک قرب عدو اب تو مست اُٹھا
بیٹھے ہیں دیکھ بزم میں کس التجا سے ہم

ہی جامہ پارہ پارہ دل وسینہ چاک چاک
دیوانہ ہوگئے گل جیب قبا سے ہم

کیا جانئے کہ صبح وہ محشر قد آئیگا — شامِ شبِ فراق نہ مرتے بلا سے ہم

ہر بات پہ نگاہ ہماری ہے اصل پر — لیتے ہیں مشکِ زخم کو زلفِ دوتا سے ہم

بیگانہ جب سے یار ہوا ہی رقیب سے — امید قطع کر چکے ہر آشنا سے ہم

بلبل یہ کہہ رہی ہی سرِ شاخسار پر — بدمست ہو رہے ہیں چمن کی ہوا سے ہم

کم التفات ہم سے سمجھتے ہیں اہلِ بزم — شرمندہ ہو گئے تری شرم و حیا سے ہم

ہاں شیفتہ پھر اسمیں نصیحت ہی کیوں نہو — سنتے ہیں حرفِ تلخ کو سمعِ رضا سے ہم

کم فہم ہیں تو کم ہیں پریشانیوں میں ہم — دانائیوں سے اچھے ہیں نادانیوں میں ہم

شاید رقیب ڈوب مریں بحرِ شرم میں — ڈوبیں گے موجِ اشک کی طغیانیوں میں ہم

محتاج فیضِ نامیہ کیوں ہوتے اسقدر — کرتے جو سوچ کچھ جگر افشانیوں میں ہم

پہنچائی ہم نے مشق یہاں تک کہ ہو گئے — اُستادِ عندلیب نوا خوانیوں میں ہم

غیروں کے ساتھ آپ بھی اُٹھتے ہیں ہم سے — لو میزبان بن گئے مہمانیوں میں ہم

جن جن کے تو نزار سے گذرا وہ جی اُٹھے — باقی رہے ہیں ایک سے فانیوں میں ہم

گستاخیوں سے غیر کی اُنکو ملال ہے — مشہور ہوتے کاش ادب دانیوں میں ہم

دیکھا جو زلفِ یار کو تسکین ہو گئی — یک چند مضطرب تھے پریشانیوں میں ہم

آنکھوں سے یوں اشارہ دشمن نہ دیکھنے ۔۔۔ ہوتے نہ اسقدر جو نگہبانیوں میں ہم
جو جان کھو کے پائیں تو فوز عظیم ہے ۔۔۔ وہ چیز ڈھونڈھتے ہیں تن آسانیوں میں ہم

پیر مغاں کے فیض توجہ سے شیفتہ
اکثر شراب پیتے ہیں روحانیوں میں ہم

کیوں نہ اُڑ جائے مرا خواب ترے کوچے میں ۔۔۔ فرش ہے مخمل و کمخواب ترے کوچے میں
دولت حسن یہاں تک تو لٹائی ظالم ۔۔۔ اشک ہے گوہر نایاب ترے کوچے میں
جوشش گریۂ عشاق سے اکدم میں ہوا ۔۔۔ شجر سوختہ شاداب ترے کوچے میں
ہوش کا پانو جو یہاں آکے پھسل جاتا ہے ۔۔۔ کیا لنڈھائی ہے مئے ناب ترے کوچے میں
ہے کف پا عدو پا سے تری رنگیں تر ۔۔۔ بسکہ ہم روتے ہیں خوں ناب ترے کوچے میں
گوشہ گیری سے بھی گردش نہ گئی طالع کی ۔۔۔ پھرتے ہیں صورت دولاب ترے کوچے میں
غیر نے سنگ جو پھینکے وہ ہوئے بالش سر ۔۔۔ چین سے کرتے ہیں ہم خواب ترے کوچے میں
وہ بھی محروم نہیں جن کو نہیں بزم میں بار ۔۔۔ ترے رخسار کی ہے تاب ترے کوچے میں

چل دیا شیفتہ سودے میں خدا جانے کہاں
ڈھونڈھتے پھرتے ہیں احباب ترے کوچے میں

کچھ درد ہے مطربوں کی لے میں ۔۔۔ کچھ آگ بھری ہوئی ہے نے میں

کچھ زہر اُگل رہی ہے بلبل
کچھ زہر ملا ہوا ہے مے میں

بدمست جہان ہو رہا ہے
ہی یار کی بو ہر ایک شے میں

ہیں ایک ہی گُل کی سب بہاریں
فروردیں میں اور فصلِ دے میں

ہے مستیٔ نیم خام کا ڈر
اصرار ہے جام پے بہ پے میں

میخانہ نشیں قدم نہ رکھیں
بزمِ جم و بارگاہِ کے میں

ابتک زندہ ہی نام وہاں کا
گذرا ہے حسین ایک نے میں

ہوتی نہیں طے حکایت طے
گذرا ہے کریم ایک طے میں

کچھ **شیفتہ** یہ غزل ہے آفت
کچھ درد ہے مطربوں کی لے میں

روز خوں ہوتے ہیں دو چار ترے کوچے میں
ایک ہنگامہ ہے اے یار ترے کوچے میں

فرش رہتا ہے دلِ افگار ترے کوچے میں
خاک ہو رونقِ گلزار ترے کوچے میں

سرفروش آتے ہیں اے یار ترے کوچے میں
گرم ہے موت کا بازار ترے کوچے میں

شعر بس اب نہ کہونگا کہ کوئی پڑھتا تھا
اپنے حالی مرے اشعار ترے کوچے میں

نہ ملا ہم کو کبھی تیری گلی میں آرام
نہ ہوا ہم پہ جز آزار ترے کوچے میں

ملک الموت کے گھر کا تھا ارادہ اپنا
لے گیا شوق غلط کار ترے کوچے میں

تو ہے اور غیر کے گھر جلوہ طرازی کی ہوس
ہم ہیں اور حسرتِ دیدار ترے کوچے میں

ہم بھی وارستہ مزاجی کے ہیں اپنی قائل
خلد میں روح تن آزار ترے کوچے میں

کیا تجاہل سے یہ کہتا ہے کہاں رہتے ہو
تیرے کوچے میں ستمگار ترے کوچے میں

شیفتہ ایک نہ آیا تو نہ آیا کیا ہے
روز آ رہتے ہیں دو چار ترے کوچے میں

شکوہ جفا کا کیجے تو کہتے ہیں کیا کروں
تم سے وفا کروں کہ عدو سے وفا کروں

گلشن میں چلکے بند قبا تیرے وا کروں
جی چاہتا ہے جامۂ گل کو قبا کروں

آتا ہوں پیر دیر کی خدمت سے مست میں
ہاں زاہدو تمھارے لیے کیا دعا کروں

جوشِ فغان وداع کہ منظور ہے انھیں
دل نذر کاوشِ نگۂ سرمہ سا کروں

نفریں بیشمار ہے اس عمد و سہو پر
گر ایک میں صواب کروں سو خطا کروں

مطرب بدیع نغمۂ و ساقی پری جمال
کیا شرح حالتِ دلِ درد آشنا کروں

تم دلربا ہو دلکو اگر لے گئے تو کیا
جب کاہ ہو گئے میں اثر کہربا کروں

اے چارہ ساز لطف کہ تو چارہ گر نہیں
بس اے طبیب رحم کہ دل کی دوا کروں

پیتا ہوں میں مدام مئے ناب معرفت
اصلِ سرورِ دامِ خباثت کو کیا کروں

یا اپنے جوشِ عشوۂ پیہم کو تھامئے
یا کعبے میں بھی نالۂ شورش فزا کروں

میں جل گیا وہ غیر کے گھر جو چلے گئے
شعلے سے استعارہ آواز پا کروں

ڈر ہے کہ ہو نہ شوق مزامیر شیفتہ
ورنہ کبھی سماع مجرّد سنا کروں

مانا سحر کو یار اُسے یہاں جلوہ گر کریں
طاقت ہمیں کہاں کہ شبِ غم سحر کریں

تزئین میری گور کی لازم ہی خوب سی
تقریبِ سیر ہی سے وہ شاید گذر کریں

اب ایک اشک ہی دُرِ نایاب وہ کہاں
تارِ نظر جو گریہ سے سلکِ گہر کریں

وہ دوست ہیں انھیں ہوا اثر ہو گیا تو کیا
نالے ہیں وہ جو غیر کے دلمیں اثر کریں

آئے تو انکو رنج نہ آئے تو مجھکو رنج
مرنے کی میری کاش نہ اُنکو خبر کریں

ہی جی میں سونگھیں نکہتِ گل جا کے باغ میں
بس کب تلک التجائے نسیمِ سحر کریں

اب کی ارادہ ملکِ عدم کا ہی شیفتہ
گھبرا گئے کہ ایک جگہ کیا بسر کریں

شبِ وصل کی بھی چین سے کیونکر بسر کریں
جب یوں نگاہ بانیٔ مرغِ سحر کریں

محفل میں اک نگاہ اگر وہ اِدھر کریں
سو سو اشارے غیر سے پھر رات بھر کریں

طوفانِ نوح لانے سے ای چشم فائدہ
دو اشک بھی بہت ہیں اگر کچھ اثر کریں

آنسو ہوس سے خلق ہوا ہی یہ نامراد
دلپر نگاہ کیا ہے وہ مجھپر نظر کریں

کچھ ابکی ہم سے بولے تو یہ جی میں ہی کہ پھر
ناصح کو بھی رقیب سے آزردہ تر کریں

وہاں ہی وہ نغمہ جس سے کہ حوروں کے ہوش جائیں
یہاں ہی وہ نالہ جس سے فرشتے حذر کریں

اہلِ زمانہ دیکھتے ہیں عیب ہی کو بس
کیا فائدہ جو شیفتہ عرضِ ہنر کریں

کب ہاتھ کو خیال جزائے رفو نہیں
کب پارہ پارہ پیرہنِ چارہ جو نہیں

گلگشت باغ کس چمن آرا کی کہ آج
موجِ بہار مدعی رنگ و بو نہیں

واں بار ہوگیا ہی نزاکت سے ناز بھی
یہاں ضعف سے دماغ و دلِ آرزو نہیں

کس نے سنا دیا دلِ حیرت زدہ کا حال
یہ کیا ہوا کہ آئینہ اب روبرو نہیں

تغیرِ رنگ کہتی ہی وصلِ عدو کا حال
یعنی نقابِ رخ پہ کبھو ہی کبھو نہیں

گستاخ شکوہ کیا ہوں کہ اندازِ عرض پہ
کہتے ہیں اختلاط کی بندے کی خو نہیں

کیا جانے دردِ زخم کو گو ہو شہیدِ ناز
جو نیم کشتہ خنجرِ رشکِ عدو نہیں

ابرِ سرشک و گلشنِ داغ و نسیمِ آہ
سامانِ عیش سب ہی پہ افسوس تو نہیں

بدخوئیوں سے یار کی کیا خوش ہوں شیفتہ
ہر ایک کو جو حوصلۂ آرزو نہیں

کچھ اور بیدلی کے سوا آرزو نہیں
اے دل یقین جان کہ ہم میں تو تو نہیں

بے اشک لالہ گوں بھی میں بے آبرو نہیں | آنسو میں رنگ کیا ہو کہ دل میں لہو نہیں

پھر بھی کہو گے چھیڑنے کی اپنی خو نہیں | عطرِ سہاگ ملتے ہو وہ جس میں بو نہیں

یہ کیا کہا کہ بکتے ہو کیوں آپ ہی آپ تم | اے ہمنشیں مگر وہ مرے روبرو نہیں

بے طاقتی نے کام سے یہ کھو دیا کہ بس | دل گم ہوا ہے اور سرِ جستجو نہیں

محفل میں لحظہ لحظہ وہ چشمِ ستیزہ خو | لڑتی ہیں کیوں اگر سرِ صلحِ عدو نہیں

کیا جوشِ انتظار میں ہر سمت دوڑ ہے | بدنامیوں سے ہائے گذر ایکسو نہیں

دی کس نے اشک سرمہ سے تیغِ مژہ کو آب | شورِ فغاں کو فکرِ خراشِ گلو نہیں

یہ پیچ و تاب میں شبِ غم نے حواسیاں | اے دل خیالِ طرۂ تابیدہ مو نہیں

دستِ جنوں نے جامۂ ہستی قبا کیا | اب ہائے چارہ گر کو خیالِ رفو نہیں

شکوۂ ستم بھی راس نہ آیا ہمیں کہ اب | کہتے ہیں وہ کہ لائقِ الطاف تو نہیں

ہرجائی اپنے وحشی کو کس منہ سے کہتے ہو | کیا آپ کا نشانِ قدم کو بکو نہیں

نیرنگیوں سے تیری یہ حالت تغیر کی | امید زندگی کی کبھو ہے کبھو نہیں

کیا ہو سکے کسی سے علاج اپنا شیفتہ
اُس گل پہ غش ہیں جسمیں محبت کی بو نہیں

ہم سے آزاد روش ہاتھ میں زر رکھتے ہیں | کیا قیامت ہے کہ اب سرو ثمر رکھتے ہیں

شکر ہیں وصل کی شب کی تفنن چرخ سے ہم
فکر آزادیٔ مرغانِ سحر رکھتے ہیں

نہ مذمت کا تحمل نہ ثنا کی خواہش
عیب رکھتے ہیں نہ ہم کچھ نہ ہنر رکھتے ہیں

دل ترا سنگ ہی پر آگ کہاں ہی اسمیں
دل ہمارا ہی کہ شیشہ ہیں شرر رکھتے ہیں

آہ و زاری کی مصیبت سے بہت سہل چھٹے
بذلہ و ہزل ترے دلمیں اثر رکھتے ہیں

نہ ہمارا کوئی دشمن نہ ہمارا کوئی دوست
وہ نظر اور سہی جو اہل نظر رکھتے ہیں

بیخودی ہمکو ہی اور انکو خود آرائی ہی
نہ ہماری وہ نہ ہم انکی خبر رکھتے ہیں

شیفتہ ہم سے ہو جس شخص کو ملنا مل لے
صبح اس شہر سے ہم عزم سفر رکھتے ہیں

گرمجوشی ہی مگر فرق شرارت میں نہیں
چھیڑ کس بات میں طعنہ کس اشارت میں نہیں

رات ساقی نے کہا جس کے یہ سب جلسے ہیں
وہ عبارت میں نہیں اور اشارت میں نہیں

ہمکو مقصد سے زیادہ ہی ادب میں کوشش
ورنہ کچھ غیر سوا ہم سے جسارت میں نہیں

رند فارغ بھی ہوئے جام سحرگاہی سے
اور زاہد ابھی آہنگ طہارت میں نہیں

فرحتِ نفس جو وہ ہی تو یہ ہی راحت روح
کیا بزرگی میں مزا ہی جو حقارت میں نہیں

اہلِ دانش کے فوائد کی تو کیا بات مگر
غور سے دیکھو تو عاشق بھی خسارت میں نہیں

جامِ مے دے کہ وہاں کام پڑا ہی مجھکو
کہ صبا کو بھی جہاں دخل سفارت میں نہیں

قتل و غارت کہ سمجھتے ہو جسے امر عظیم
یہ تو داخل بھی وہاں ناز و شرارت میں نہیں

دل کے بدلے میں طلبگار نہیں کچھ تم سے
شیفتہ زمرۂ اصحاب تجارت میں نہیں

نہ سجدہ ریز ہیں اعدا جو سر جھکاتے ہیں
تہ از فریب سے نقشِ قدم مٹاتے ہیں

چراغ وقف محبت نے کر دیا افسوس
کہ مجھکو اپنی پرائے سبھی جلاتے ہیں

جو اُن سے نقشہ صحبت یہی رہا چندے
تو دیکھ لوگے کہ ہم نقش کیا بٹھاتے ہیں

ہیں اُس کے لطف کی باتوں کے دھیان میں بیہوش
کہاں ہے غش رفقا عطر کیوں سنگھاتے ہیں

شب وصال میں تا کیفیت اُٹھا نہ سکوں
وہ مجھکو ساغر مے متصل پلاتے ہیں

تمھاری بات میں کیا آ گیا ہے شیفتہ فرق
کہ مدعی بھی کچھ اب مدعا بتاتے ہیں

عذر اک ہاتھ لگا ہے اُنھیں یہاں آنے میں
کیوں کہا میں نے کہ چلیے مرے غمخانے میں

سیر وحشت کو جو اک خلق چلی آتی ہے
شہر آباد ہوا ہے مرے ویرانے میں

ہم بھی محروم سہی غیر تو ہو سکے محروم
لطف آ جائے کہیں یار کو شرمانے میں

یہ تو سچ ہے کہ کجا محتسب و بادہ کشی
پھر بایں جوش یہ کیوں آتے ہیں میخانے میں

لے لیا پنجۂ گلگوں میں جو اپنے تو نے
ہم نے جانا ہے جڑے لعل ترے شانے میں

سچ کہا غیر کو گھر نیند نہ آئی ہوگی
شیفتہ سن کے وہ دیتے ہیں جو لاکھوں دشنام

فرش ہی محمل کا شاں ہے کہ کاشانے میں
اثر بادہ ہی گویا مرے افسانے میں

ہے ستم کے رشک کا اُنکے گماں میں امتحاں
غیر کا کرتے ہیں میرے امتحاں میں امتحاں

آرزوئے مرگ تھی روزِ جدائی مر گئے
کر لیا تاب و اثر کا افغاں میں امتحاں

چھیڑ تو دیکھو کہ بعد از قتل مجھ سے یہ کہا
آپ کا ہرگز نہ تھا اپنے گماں میں امتحاں

دیکھکر آئینہ دیکھیں ہم ہنسیں گے یا نہیں
اپنے غم کا لیں گے سیرِ زعفراں میں امتحاں

اُن کے کوچے میں تمہیں لیجاؤں کیونکر شیفتہ
کر چکا ہوں تمکو سیرِ گلستاں میں امتحاں

تنگ تھی جا خاطرِ ناشاد میں
آپ کو بھولے ہم اُن کی یاد میں

کیونکر اُٹھتا ہی خدا رنجِ قفس
مر گئے ہم تو کفِ صیّاد میں

وہ جو ہیں تاریخ سے واقف بتائیں
فرق بادِ آہ و بادِ عاد میں

یہاں امیدِ قتل ہی نے خوں کیا
رہ گئی حسرت دلِ جلّاد میں

بے تعلق پن بھی آخر قید ہے
قید پائی خاطرِ آزاد میں

غمزۂ شیریں ہی کی دولت سے تھا
جو اثر تھا تیشۂ فرہاد میں

کیوں خبر پوچھی ترا بیمار رہا ہے
مر گیا شورِ مبارکباد میں

بے تکلف جی میں جو آئے کرو — کیا دھرا ہے نالۂ و فریاد میں

دھیان تجھکو ہو نہ ہو پر شیفتہ
رات دن رہتا ہی تیری یاد میں

ہی امتزاج مشک مئے لعل فام میں — آتی ہے بوئے عنبر ہمارے مشام میں
پہنچے کہاں تصرفِ ساقی سے اہلِ بزم — پہنچے نہیں شراب صراحی سے جام میں
تا فرق آئے بات میں فرمائشیں وہ کیں — تعجیل جن کی ہو نہ سکے انصرام میں
اب کچھ ہمیں غنا سے تعلق نہیں رہا — جوش و تپش کو بار نہیں اس مقام میں
اس لطف سے کہاں ہی نسیم چمن میں بو — جو لطف بھر رہا ہی تمھارے پیام میں
ہی شرطِ عشق یہ کہ نہ غفلت ہو ایک دم — کیسا ہی دل پھنسا ہوا امورِ عظام میں
آئی جو آج کام میں صہبائے تند و تلخ — ساقی تو نے خوب راز کہے بارِ عام میں
آہو کی بخت آئے جو تیرے کمند میں — بلبل کی قسمت آئی اگر تیرے دام میں

تمکو نہیں جو عجب تعجب ہی شیفتہ
ہی نئی زمانہ یہ سرشتِ کرام میں

اثر آہ دلِ زار کی افواہیں ہیں — یعنی مجھپر کرم یار کی افواہیں ہیں
شرم اسے نالہ دلِ خانۂ اغیار میں بھی — جوشِ افغاں عزا بار کی افواہیں ہیں

کب کیا دل میں مرے پند و نصیحت نے اثر
ناصح بیہدہ گفتار کی افواہیں ہیں

جنس دل کی وہ خریدار ہوئے تھے کس دن
یہ یونہیں کوچہ و بازار کی افواہیں ہیں

قیس و فرہاد کا منہ مجھسے مقابل ہونگے
مردم وادی و کہسار کی افواہیں ہیں

یہ بھی کچھ بات ہی میں اور کروں غیر سے بات
تم نہ مانو کہ یہ اغیار کی افواہیں ہیں

کس توقع پہ جئیں شیفتہ مایوس کرم
غیر پر بھی ستم یار کی افواہیں ہیں

خوش رو بدخو ہیں کیا میں چاہوں
بیگانوں سے کیونکر آشنا ہوں

مت چھیڑ کہ یار سے جدا ہوں
اے مرگ میں آپ مر رہا ہوں

ممکن نہیں بن سلے نبا ہوں
بیگانۂ آشنا نما ہوں

لیلیٰ کہے سے بگڑ گئی تھی
دیوانہ میں جانکر بنا ہوں

کہتا ہوں جو غیر سے نہ ملئے
کہتا ہے کہ کیا میں بیوفا ہوں

روشن ہے مری سیاہ بختی
منت کش سایۂ ہما ہوں

بیگانہ وشی ستم ہے اُن کی
غیروں کو بھی یار جانتا ہوں

اُس غیرت گل سے ربط معلوم
ہر چند میں ہمدم صبا ہوں

ہمدم نہ سہی محبت اُس کو
اس بات پہ کیا اُسے نہ چاہوں

دی غیر کو اُس نے کب عرق چیں
میں شرم سے آب کیوں ہوا ہوں

دیکھا نہیں مجھ کو سُنتے ہیں وہ
کیا پائے رقیب کی صدا ہوں

مکشوف ہوا فروغِ سمے سے
ذرّہ میں کس آفتاب کا ہوں

میں **شیفتہ** ہوں عزیز دلہا
شیریں گفتار خوش نوا ہوں

عہدِ ثبات عہد پہ ہے متصل نہیں
اے شیفتہ نوید وہ پیماں گسل نہیں

الفت چھپا کے اور بھی شرمندہ میں ہوا
اظہارِ عشق غیر سے وہ منفعل نہیں

مت چھیڑ اے رقیب کہ مانندِ زلفِ یار
سرتا بپا شکستہ ہوں پر مضمحل نہیں

دل سختیاں سہے یہ کہاں نازکیٔ تن
دلّی کے سنگدل تو بتانِ چگل نہیں

کیا روئیے کہ تذکرۂ سوزِ رشک سے
وہ گل عرق عرق تو ہے لیکن خجل نہیں

پتھر وہ اور ہے جسے مشکل ہے ٹالنا
فرہاد بے ستون تو سینہ کی سل نہیں

جو حال پوچھنا ہو تم اُس سے ہی پوچھ لو
مجھ کو دماغ قصۂ غم ہائے دل نہیں

بہلائے کوئی جا کے کہاں جی کو ہائے ہائے
صحرائے قیس گھر کے مرے متصل نہیں

لگ جاؤ اب تو آ کے گلے سب چلے گئے
اک **شیفتہ** رہا ہے سو وہ کچھ مخل نہیں

کن حسرتوں سے مرتے ہیں ہمکو غم نہیں
اپنے بھی مرگ مرگ تمنا سے کم نہیں

قاصد کے ساتھ بے ادبی ہوگی لا کلام
جز شکوہ اور کچھ مرے خط میں رقم نہیں

ہر شغل میں اہم ہے نگہبانی نفس
اس سے سوا جہان میں شغلِ اہم نہیں

ہرگز نہ چھپائے چمن زار عشق میں
جو مرغ آتشیں نفس شعلہ دم نہیں

سو بار امتحان وفا کر چکے پر آہ
اب تک بھی دوستی تمھیں دشمن سے کم نہیں

حیرت فروغ آئینۂ دل ہے وصل میں
بے وجہ ہی عتاب کہ آنکھوں میں نم نہیں

افسون پیر دیر کی تاثیر ہائے ہائے
وہم و خیال میں بھی شراب و صنم نہیں

آنکھوں کو نے ہوس کہ رخِ سادہ دیکھیے
سر میں ہوائے طرۂ پر پیچ و خم نہیں

دشمن کہیں گیا نہ ہو آنکھوں سے **شیفتہ**
اُس کی گلی میں آج نشانِ قدم نہیں

مجھے عاشق جو دیکھا پیر کنعاں نے جوانی میں
کہا کچھ تو بسر کی ہوتی تم نے شادمانی میں

جلے کیا کیا نہ عرضِ سوزشِ داغِ نہانی میں
عجب آرام تھا ای شمع ہمکو بے زبانی میں

عدو سے بات کی جب حرف آیا بیدہانی میں
غرورِ حسن کم ہوتا ہی الطافِ زبانی میں

یہ احسانِ اجل ہی شمع و گل جو گور پر لائے
یہ اُس کا کام ہی جو داغ رکھے زندگانی میں

کرم ہی مصلحت ظالم کہ شادی مرگ ہو جاؤں
ستم ہی فائدہ جب کام نکلے مہربانی میں

قلق سے نالہ موزوں نکل آئے تو کہتے ہیں
تمھیں کیا غم گذرتی ہی تمھاری شعر خوانی میں

عدو بھی شامل لذت ہیں اس سے کاش ہم ہوتے
مزا آتا نہیں مجھکو تری شیریں زبانی میں

عدو سے کیوں اشارے اور ہم سے کیوں تغافل ہی
سزا ہی یہ ہمیں دعوی بہت تھا رمز دانی میں

سبک ہوتے ہو بس اے **شیفتہ** ایسی ہی باتوں سے
کہ تم سر پاؤں پر رکھتے ہو وہ ہی سرگرانی میں

کب نگہ اُس کی عشوہ بار نہیں
کب نگاہیں کرشمہ زار نہیں

غیر پر رحم یہ کسے آیا
تم تو مانا ستم شعار نہیں

یہاں فغاں سے لہو ٹپکتا ہی
میں نوا سنج شاخسار نہیں

کلفتِ دل سے ہی جو آلودہ
گوہرِ اشک آبدار نہیں

ہم ہیں ایسے فراخ رو درویش
محفلِ پادشا سے عار نہیں

نہ جلا خانۂ عدو تو نہ ہنس
شعلۂ آہ ہی شرار نہیں

باغ بے صرفہ چلکے کیا کیجے
جن سے تھی باغ کی بہار نہیں

بادہ بیہودہ پی کے کیا کیجے
اب وہ ساقی نہیں وہ یار نہیں

اے منجم عبث یہ نادانی
تو کچھ اندازہ داں کار نہیں

تو روش یاب مہر و ماہ غلط
تو ادا سنج روزگار نہیں

واقف اسرار آسمانی سے
جز حریفانِ بادہ خوار نہیں
چڑھ گئے ہیں کسی کے پھر دم پر
شیفتہ آج بیقرار نہیں

کون سے دن تری یاد اے بتِ سفاک نہیں
کونسی شب ہے کہ خنجر جگرِ چاک نہیں

لطف قاتل میں تامل نہیں پر کیا کیجے
سرِ شوریدہ میرا قابلِ فتراک نہیں

تجھپر اے دلبرِ عالم جو ہر ایک مرتا ہے
اس لیے مرنے سے میرے کوئی غمناک نہیں

دل ہوا پاک تو پھر کون نظر کرتا ہے
اور دل پاک نہیں ہے تو نظر پاک نہیں

علم اور جہل میں کچھ فرق نہو کیا معنے
ہم بھی بیباک ہیں پر غیر سے بیباک نہیں

قیس کو فضل تقدم ہے وگرنہ یہاں کیا
سرِ شوریدہ نہیں یا جگرِ چاک نہیں

ماسوی اللہ نہ رہے شیفتہ ہرگز دلمیں
خسروی کاخ سرائے خس و خاشاک نہیں

کون ہے شہر میں جو کام ہوس یاب نہیں
کس جگہ زلف کی بو رخ کی تری تاب نہیں

مجھپر اُس جلوے سے جو کچھ کہ گذرتی ہے نہ پوچھ
اسقدر شعلہ کبھی آفتِ سیماب نہیں

برق و باراں کے تلاطم کا کہاں تک مذکور
رُخ پُر نور نہیں دیدۂ پُر آب نہیں

وضع کا حفظ ہے تو عشرتِ صحبت معلوم
بزمِ اغیار سے کم محفلِ احباب نہیں

اہل تحقیق کے نزدیک رخ زیبا کو
پردۂ شرم سے بہتر کوئی جلباب نہیں

سیر مہتاب کا واں عزم ہوا کیا موقوف
شب مہتاب میں لطف شب مہتاب نہیں

فیض حق عام ہے افسردہ دل زار نہ ہو
دشت کیا جلوہ گہ لالۂ شاداب نہیں

خواب میں بھی وہ نظر آئے ہیں غیر کے ساتھ
تلخ عیشوں کو مقرر کہ شکر خواب نہیں

کیا وہ صحرا کہ جہاں شور نہ ہو رہزن کا
کیا وہ دریا کہ جہاں پیچش گرداب نہیں

پارسا کیا ہوئے تم شیفتہ شادی بھی ہوئے
باغ کو چلتے ہو اور ساتھ مئے ناب نہیں

ناز و تمکیں ہے وہاں صبر کی یہاں تاب نہیں
یہی صورت ہے تو کچھ بچنے کے اسباب نہیں

طرفہ نیرنگ محبت میں نظر آتے ہیں
برق آنکھوں سے ٹپکتی ہے یہ خوناب نہیں

ہائے وہ شوق ملاقات عدو میں جاگے
جس کے آنکھوں کے تصور میں مجھے خواب نہیں

منع کیوں عشق مجازی سے ہمیں کرتے ہو
زاہد و دہر مگر عالم اسباب نہیں

جان کی شکل دکھائی ہے بنا کر تجھکو
دل کی تصویر بنائی ہے یہ سیماب نہیں

بحر و بر میں کہیں آرام نہیں خاطر خواہ
بحر میں خار نہیں دشت میں گرداب نہیں

سبب اعدا کی بھی کچھ دلشکنی ہے منظور
یہ تو مانا کہ تمھیں خاطر احباب نہیں

کلفت آلودہ نظر پڑتی ہے مشتاقوں پر
عنصری بزم میں بھی صرف مئے ناب نہیں

کل یوم ہوی شان کی ہی جلوہ گری — اور وجہِ شبِ تار و شبِ مہتاب نہیں

شکوہ آئینِ محبت میں ہی ایجادِ لطیف — نسخۂ اصل میں ہر چند کہ یہ باب نہیں

غمزہ نادر طلب اور عشوہ ہی نایاب پسند — جنس یہاں دل ہی سو نادر نہیں نایاب نہیں

شیفتہ عشق کی یہ دھوم اور اب تک حضرت
دلِ بیتاب نہیں دیدۂ بیخواب نہیں

جی جائے پر جفا میں ہمارا زیاں نہیں — قدرِ وفا نہیں ہی اگر امتحاں نہیں

ہم بھی دکھاتے غیر سے اخلاص کا مزا — آفت تو یہ پڑی ہی کہ تم بدگماں نہیں

جو دیکھنا ہو دیکھ لیں اختر شناس جلد — نالے اگر یہی ہیں تو پھر آسماں نہیں

اسرارِ عشق بھی جو حریفوں نے کہہ دیئے — پھر اب کوئی جہان میں رازِ نہاں نہیں

ہم آئے ہیں جہاں سے وہیں کا خیال ہے — جز شاخِ سدرہ ہمکو سرِ آشیاں نہیں

واں شوقِ داستاں ہی یہاں داستانِ شوق — پر کیا کروں کہ دوست کوئی قصہ خواں نہیں

حرفِ درشت غیر سبک وضع بھی سہی — میں وہ ہوں جس پہ بارِ امانت گراں نہیں

رنگیں تھی بے گناہوں کے خوں سے سوادِ شہر — حال آنکہ وہاں ہنوز سرِ امتحاں نہیں

حکمت ہی ہوگی یہ جو ہوئے ہمکو جائے دل — بے مصلحت صلاح و فسادِ جہاں نہیں

کیوں عار بزمِ شاہ سے کرتے ہیں اہلِ فقر — کچھ فرشِ بوریا سے تو کم پرنیاں نہیں

چلئے چمن کو بزم سحر جلوہ گر ہوا
پروین نہیں نبات نہیں کہکشاں نہیں

کیونکر سنیں وہ شہرت اگر کو بکو ہوا
افسوس کم شکیب مرا راز داں نہیں

آئینہ جلوہ گاہ پری ہے نہ دیکھنا
نظارۂ پری کی بشر کو تواں نہیں

ہم نے بھی ہزل و بذلہ گوارا کیا کہ وہاں
فخر فضیلت و شرف دودماں نہیں

مشہور روزگار ہی محسود روزگار
نے التفاتیوں سے ہمارا زیاں نہیں

گرہی فریب غمزۂ جادو اثر بھی
دلداری ایک شہر کی مشکل وہاں نہیں

کچھ ہم پر آپ پر نہیں موقوف شیفتہ
کس کس کے دلپذیر وہ رعنا جواں نہیں

دل کا گلہ فلک کی شکایت یہاں نہیں
وہ مہرباں نہیں تو کوئی مہرباں نہیں

ہم آجتک چھپاتے ہیں یاروں سے راز عشق
حالانکہ دشمنوں سے یہ قصہ نہاں نہیں

زیبا نہیں ہے دوست سے کرنا معاملہ
کچھ ورنہ ناز جان کے بدلے گراں نہیں

ہم زمرۂ رقیب میں ملکر وہاں گئے
جب شوق رہنما ہو کوئی پاسباں نہیں

آشفتہ مثل بادہوں بیتاب مثل برق
کیونکر معین چرخ تری شوخیاں نہیں

ہم آپ نثار کریں کائنات کو
پر کیا کریں بساط میں جز نیم جاں نہیں

سامان وجد فتنۂ محشر کو دے دیا
وہ خاک پر ہماری جو دامن فشاں نہیں

کیوں ہیں ندیم دوست سفارش میں غیر کی
کیا ہمکو اُن سے رسم و رہ ارمغاں نہیں

اک حال خوش میں بھول گئے کائنات کو
اب ہم وہاں ہیں مطرب و ساقی جہاں نہیں

کس کس پہ رشک کیجیے کس کس کو روئیے
کس دن وہ جلوہ آفتِ صد خانماں نہیں

کیوں یہ ہجوم شور و شغب ہی نشور میں
ایسا تو شیفتہ ہمیں خوابِ گراں نہیں

آرام سے ہی کون جہانِ خراب میں
گل سینہ چاک اور صبا اضطراب میں

سب اُنمیں محو اور وہ سب سے علاحدہ
آئینہ میں ہی آب نہ آئینہ آب میں

معنی کی فکر چاہیے صورت سے کیا حصول
کیا فائدہ ہی موج اگر ہی سراب میں

نے بادِ نو بہار ہی اب نے شمیم گل
ہمکو بہت ثبات رہا اضطراب میں

حیرت ہی کیا نقاب ہیں گر رنگ رنگ کی
نیرنگ جلوہ سے ہی تنوع نقاب میں

فرصت کہاں کہ اور بھی کچھ کام کیجیے
بازی میں جمعہ صرف ہی شنبہ شراب میں

ذات و صفات میں بھی یہی ربط سمجھئے
جو آفتاب روشنی آفتاب میں

قطع نظر جو نقش و نگارِ جہاں سے ہو
دیکھو وہ آنکھ سے جو نہ دیکھا ہو خواب میں

طوبیٰ لہم جو کشتۂ عشقِ عفیف ہیں
کیا شبہ اس گروہ کے حسنِ مآب میں

مرنے کے بعد ہی کہیں شاید پتا لگے
کھویا ہی ہم نے آپ کو عہدِ شباب میں

پھر ہی ہوائے مطربی ہمکو شیفتہ
مدت گذر گئی ورع و اجتناب میں

شوخی نے تیرے لطف نہ رکھا حجاب میں
جلوے نے تیرے آگ لگائی نقاب میں

آ نغمہ گر ہو چرخ میں لا آسمان کو
آ رقص کر زمین کو ڈال اضطراب میں

سو مہر کا فروغ ہے وہاں جلوہ گاہ میں
سو باغ کی شمیم ہے وہاں رخت خواب میں

وہ قطرہ ہوں کہ موجۂ دریا میں گم ہوا
وہ سایہ ہوں کہ محو ہوا آفتاب میں

سالک کی یہ مراد کہ مجھ سا ہو نفس بھی
رہزن کو یہ خیال کہ رہرو ہو خواب میں

اس صوت جاں نواز کا ثانی بنا نہیں
کیا ڈھونڈتے ہو ربط و عود و رباب میں

ای ولئے روز حشر اگر ہم سے ہو سوال
جو کچھ کیا ہی ہم نے شب ماہتاب میں

آتا ہی کون کون کہ آتے ہیں اب نظر
دربان انفعال میں حاجب حجاب میں

شرم گنہ نہ بیم عقوبت یہ رنج ہے
ہی ہی اٹھائی اس نے اذیت عتاب میں

پوچھی تھی ہم سے وجہ ملاقات مدعی
اک عمر ہو گئی انھیں فکر جواب میں

لڑتی نہ جائے آنکھ جو ساقی سے شیفتہ
ہمکو تو خاک لطف نہ آئے شراب میں

ناچار ہیں خموش وہ ناحق عتاب میں
طاقت تھی جتنی صرف ہوئی اضطراب میں

بوسے کئے قبول تو گنتی بھی چھوڑ دو
ایسا نہ ہو کہیں پڑے جھگڑا حساب میں

بیباک کسقدر ہے کہ ڈوبا ہوا ہی سب
دامن لہو میں اور گریباں شراب میں

شاید کہ پڑ گئی ہے کسی شیخ کی نظر
ہم بے دھڑک جو کرتے ہیں توبہ شباب میں

آخر جہان میں شبِ تاریک بھی تو ہے
اچھا نہ آئیں آپ شبِ ماہتاب میں

ای آفتِ زمانہ ترے دور میں شکیب
بلبل کو باغ میں ہی نہ ماہی کو آب میں

ہوتا ہی اژدہامِ تمنا اُسی قدر
ہوتی ہی جتنی دیر کشادِ نقاب میں

جور و ستم عیاں ہی وفا و کرم نہاں
لڑتے ہیں جاگتے میں مناتے ہیں خواب میں

بیباک شیوہ شوخ طبیعت زباں دراز
ملزم ہوا ہی پر نہیں عاجز جواب میں

اُس نے دمِ وداع کئے عہدِ التفات
افسوس میں نے کچھ کہ سُنا اضطراب میں

تکلیف شیفتہ ہوئی تمکو مگر حضور
اس وقت اتفاق سے وہ ہیں عتاب میں

گر کچھ خلل نہ آئے تمھارے فراغ میں
حسرت کا ہی ہجوم دلِ داغ داغ میں

مشاطہ باغباں کی طرح بیقرار ہے
میں اُن کے پاس کیا ہوں کہ گلچیں ہے باغ میں

پہلے نہ تھا جہاں میں دلِ داغ دار کیا
مشہور اسقدر جو ہوا لالہ داغ میں

جورِ ادیب و شوق حبیب و غمِ نشور
اپنا کوئی زمانہ نہ گذرا فراغ میں

صہبائے لالہ فام کہاں اور ہم کہاں
خونابۂ جگر ہی ہمارے ایاغ میں

معلوم ہی کہ ایلچیوں کو زیاں نہیں
قاصد نہ ہچکچایو ہرگز بلاغ میں

فانوس شیشہ و لگن زر سے کیا حصول
وہ ہی وہاں جہاں نہیں روغن چراغ میں

نہ طاقت شکیب نہ اندازۂ ستیز
بیجا ہی اہتمام تلاش سراغ میں

اُس نوبہار حسن کو بدنام مت کرو
ہے شیفتہ کے پہلے ہی شورش دماغ میں

پائی ہی بوئے دوست عنادل نے باغ میں
پروانوں پر ہوئی ہی تجلّی چراغ میں

اُس کا پتہ ملے تو ہمارا پتہ ملے
کھویا ہی ہم نے آپ کو جس کے سراغ میں

مشکوئے شہ ہوا سے ہی پر عیش وہاں کہاں
عشرت فقط نصیب ہی کنج فراغ میں

عارف نہیں وہ حفظ مراتب جسے نہو
جو جلوہ باغ میں ہی کہاں ہی وہ راغ میں

ہرچند ایک نور سے روشن ہی بزم دہر
جو نور مہر میں ہی کہاں وہ چراغ میں

ایک قطرہ جس کا مست کرے کائنات کو
اے بے خبر وہ مے ہی ہمارے ایاغ میں

بلبل نے گل کبھی نہیں دیکھا جو دیکھ لے
زنہار پھر نہ فرق کرے دشت و باغ میں

سو بار آن لگاؤ پڑھو حسن دوست پر
سامان صد بہار ہی ایک ایک داغ میں

پیری میں سیر باغ کی تقریب شیفتہ

معشوقہ ساتھ ہی نہ خلل ہی دماغ میں

عید ہی اور ہمکو عید نہیں — اگر آجایئے بعید نہیں

لاش تیری رسید تھی خط کی — خط کی یہ نامہ بر رسید نہیں

قیس کو جو کہے خفیف العقل — رائے اُس شخص کی سدید نہیں

گریہ ہی ہی ہجوم ابرِ سیاہ — گر کوئی می پیئے بعید نہیں

ہم اگرچہ ہیں اندنوں مقبول — لیکن اغیار بھی طرید نہیں

آج بھی منع بادہ ای زاہد — تیرے نزدیک عید عید نہیں

ذکر میرا سنو نہ مجنوں کا — لطف بے قصۂ جدید نہیں

دور ہیں اسکے چشم و مژگاں کی — کس جگہ تربتِ شہید نہیں

نیند آئی رقیب آتا ہے — رخصت اتنی تو ہم بلید نہیں

شیفتہ اور بھی ہیں نغمہ سرا
پر یہ آہنگ یہ نشید نہیں

ہی گو نہ گو نہ شک ابھی عفوِ گناہ میں — جو ہی زبان پردہ نہیں ہی نگاہ میں

تمکین اضطراب ہی بیدادِ التفات — کیا شوخئے اثر ہی سراسیمہ آہ میں

ہر خار و خس ہی وجد میں ہر سنگ و خشت مست — کیا میکشوں نے آکے کہا خانقاہ میں

دشمن سے بھی زیادہ ہی گو دوست کیوں نہو
ملجائے جو کوئی ترے کوچہ کی راہ میں

سرگشتہ لگے پھرنے سے ارباب درد ہیں
کیا فرق چرخ اخضر و چشم سیاہ میں

صیاد دلفریب کا اللہ رے لطف عام
بے زخم ایک صید نہیں صیدگاہ میں

ہی مجھ میں اور غیر میں نسبت وہی جو ہی
اندیشۂ درست و خیالِ تباہ میں

دن رات جکو دیکھتے ہیں مہر و ماہ کے
یہ روشنی نہ مہر میں دیکھی نہ ماہ میں

یہاں بے زوال نعمتِ کمیاب عشق ہی
دعوی ہی بوالہوس کو اگر مال و جاہ میں

ہی جلوہ گر کرشمہ کہ انصاف پیشگی
ہلدی لگی ہوئی ہے سرِ دادخواہ میں

تجھکو نظر نہ آئے تو اپنا علاج کر
ہی مرغزار جلوہ نما برگ گاہ میں

دھوکا مجھے کو صرف نہیں میل یار کا
دیکھا بڑے بڑوں کو اسی اشتباہ میں

ہر شیوہ اُس کا اپنی جگہ میں تمام ہی
اعجاز بات میں ہی تو جادو نگاہ میں

افسردہ خاطری وہ بلا ہی کہ شیفتہ
طاعت میں کچھ مزا ہی نہ لذت گناہ میں

ہمت جو ہو غبار تو دشمن سے صاف ہو
تقصیر ہو کسی سے کسیکی معاف ہو

ہرگز ترے لبوں سے نہ چھوٹیں گے کام دل
سو بار اسمیں غیر سے گو لام و کاف ہو

دل دیں گے ہاں نہ دینگے مگر جان سو بجز
بیہودہ ہی وہ شخص جو سرگرم لاف ہو

کافی ہی خوش گذرنے کو دنیا میں اسقدر
معشوق خوش مزاج ہو وجہ کفاف ہو

موصوف ہو ضرور جفا و عتاب کا
حسن و جمال میں جو کوئی یہاں مضاف ہو

ہی رشک بار عام غضب کیا عجب اگر
کنجِ خمول میں ہوسِ اعتکاف ہو

گر عفو ہو قصور تو اک عرض ہی ہمیں
یہ عرض ہی قصور ہمارا معاف ہو

غالب ہی کچھ تو فرق پڑے وہاں کی سیر سے
وحشت میں گر گذار مرا سوئے قاف ہو

رفتار چرخ ہی اسے شیوہ پہ دور کیا
گر آپ کی روش بھی ہمارے خلاف ہو

ہاں تو شگاف در سے لڑا آنکھ عجز سے
تیری بلا سے دل میں کسی کے شگاف ہو

جو قیس کی روش تھی وہی اپنی راہ ہی
دونوں سلیم فکر میں کیوں اختلاف ہو

وہ طرز فکر ہمکو خوش آئی ہی شیفتہ
معنی شگفتہ لفظ خوش انداز صاف ہو

فروغ مہر نہ ہو رخ پہ گر نقاب نہو
نقاب اٹھا کہ یہ لمعانِ آفتاب نہو

بھرے ہیں رنگ تکلف سے اہلِ میخانہ
شراب بس ہی نہیں ہی اگر کباب نہو

کہیں نہ جائے بتِ مہروش پہ ممکن ہے
خلل پڑے سے متحرک جو آفتاب نہو

ہی دلکو شکر وفائے عدو سے بیتابی
کروں میں کچھ گلہ لطف گر عتاب نہو

حجاب منظر مقصود ہی طلسم خودی
جو یہ طلسم نہ ٹوٹے تو فتح باب نہو

عزیز ہی بت میکش کو چشم تر یعنی ‏ — ‏ نہو سحاب تو کیفیتِ شراب نہو

بہت ہی دھوم مچاتے ہیں میکدہ میں رند ‏ — ‏ مجھے یہ ڈر ہی کہیں مدرسہ خراب نہو

وہ ماہتابی پہ بیٹھے ہیں اور ہی شبِ ماہ ‏ — ‏ خلاف شان ہی رُخ پر اگر نقاب نہو

غضب ہی قہر ہی دیکھے وہ چشم یہ جلوہ ‏ — ‏ جسے کہ مہر کی بھی دیکھنے کی تاب نہو

وہ روئی نالۂ موزوں **شیفتہ** سُنکر

یہ وہ غزل ہی کہ جس کا کبھی جواب نہو

غیر سے حرف تمنائے جفا کہتے ہو ‏ — ‏ کس سے کہتے ہو تمھیں خیر ہے کیا کہتے ہو

زندگی خاک ہو جب فہم میں اتنا ہو خلاف ‏ — ‏ ہم اجل کہتے ہیں تم جسکو حیا کہتے ہو

کہتے ہیں لاف وفا موت سے پہلے کیسی ‏ — ‏ ہم نہیں جانتے تم کسکو وفا کہتے ہو

گلۂ جور پہ کہتے ہیں زہے نا فہمی ‏ — ‏ ناز ہم کرتے ہیں تم اُسکو جفا کہتے ہو

شیفتہ شکوۂ دشمن سے بس آگے نہ بڑھو

دیکھو وہ دوست ہی تم کسکو بُرا کہتے ہو

توسن ناز اُٹھاتے کیوں ہو ‏ — ‏ خاک میں شہر ملاتے کیوں ہو

ناصحو یوں بھی تو مر جاتے ہیں ‏ — ‏ عشق سے مجھکو ڈراتے کیوں ہو

تاب نظارہ نہیں پہلے ہی یہاں ‏ — ‏ تم مجھے آنکھ دکھاتے کیوں ہو

میرے نزدیک ہو لیلےٰ سے سوا — قصۂ قیس سناتے کیوں ہو
حاصل اس سلسلہ جنبانی سے — پائے خوابیدہ جگاتے کیوں ہو
عرضِ غم حوصلۂ غیر کہاں — مجھسے تم بات بناتے کیوں ہو

آتشِ عشق کہیں بجھتی ہے
شیفتہ اشک بہاتے کیوں ہو

ربط واں ہاتھ کو جب غیر کے داماں سے ہو — کیوں نہ یہاں ہاتھ کو پھر ربط گریباں سے ہو
جلوۂ دوست اگر دیکھے تو میرا ذمہ — پھر پریزاد کو وحشت اگر انساں سے ہو
جو خوشی خط سے تمھارے ہوئی اس سر کی قسم — وہ شہ ہند و شہ روم کے فرمان سے ہو
حسن کیا رکن امارت ہی کہ ممکن ہی نہیں — ربط اُن سے نہ کرے کوئی جو ارکان سے ہو
میں نہیں جانتا آپ آئیں وہ یا خط بھیجیں — پر مرے دلکو تسلی کسی عنوان سے ہو
ہر ورق میں ہی عیاں جلوۂ نیرنگِ بہار — کیوں نہ دیوانوں کو شورش مرِ دیوان سے ہو
چھیڑ دیکھو کہ کہا دونوں کو ذلت ہو نصیب — پر تجھے غیر سے ہو غیر کو دربان سے ہو

کس نے تاراج کیا ملکِ دل و دیں کہئے
آج تم شیفتہ کچھ بے سر و سامان سے ہو

اضطرابِ جرس ہے کیوں دل کو — کہیں جنبش ہوئی ہے محمل کو

بوسۂ لب نہ مانگنا دشمن
منہ لگاتا ہے کون سائل کو

گل کو ہے اُس کے کان سے تشبیہ
کیا سُنے نالۂ عنادل کو

غمزدہ تیرے چشم کافر کا
سمجھے اعجاز سحر بابل کو

تجھ سے اے رشکِ خور جو دوں تشبیہ
نہ ہو نقصان ماہِ کامل کو

اب وہ نو خط ہے ملتفت دیکھا
نقشِ تسخیر خطِ باطل کو

ہائے وہ شیفتہ کی بیتابی
تھام لینا وہ تیری محمل کو

اے فلک یوں کامیاب عیشِ کر پرویز کو
خواب شیریں بھی نہ ہو فرہاد شور انگیز کو

سعی ضعفِ نازنیں ہی فکر کی شبدیز کو
شوخیاں ابرو سے لینی چاہیئے مہمیز کو

دیکھکر چشمِ غضب کو اُس کے میں نے رو دیا
چاہیے پانی ملا لینا شرابِ تیز کو

سانپ کے سونگھے ہوئے سے بے خبر تر ہوں مجھے
سونگھنے دو شمیم زلفِ عنبر بیز کو

کب ہوئیں گستاخیاں آداب دانِ عشق سے
ڈھبتے تو نے پیا اپنی تمکین ہوس انگیز کو

نالۂ موزوں کی بے پروا خرامی دیکھنا
کر دیا غارت نشین غوغائے رستاخیز کو

کیوں نہ شادی مرگ ہونا کام مجھسا دیکھکر
زخم کے منہ میں زبانِ خنجرِ خونریز کو

خطِ آزادی تھا نامہ غیر کا اے جوشِ رشک
پھاڑ ڈالا آپ ہم نے کیدی دست آویز کو

اہلِ محفل کی پسندِ طبع یہ انداز ہے
شیفتہ کسکو سناتے شعرِ درد آمیز کو

کچھ تو شیریں کام کر تلخی کشِ بیداد کو
دے کفن تو عشقِ شیریں بافت کا فرہاد کو

آہ و زاری نارسا شوقِ اسیری بے اثر
کون لائے آشیانے تک مرے صیاد کو

تلخ کامِ عشق شیریں بھی ہوئی پایانِ کار
یہ نویدِ شور افزا سنتے بھیجے فرہاد کو

کہتے ہیں زیرِ زمیں لیلی و مجنوں مل گئے
ہمکو بھی لازم ہے جانا واں مبارکباد کو

اک دمِ شمشیر سے آزار سب جاتے رہے
ہم مسیحا جانتے ہیں شیفتہ جلاد کو

اے دل جو ہو سو ہونے دے گرمِ فغاں نہو
یہ جورِ یار ہے ستمِ آسماں نہو

دلبستگی جو ایسی ہے قاصد سے کیا عجب
گر حلقِ زخم خوردہ سے بھی خوں رواں نہو

مہر و وفا جو ماہ وشوں سے بعید ہے
راضی ہیں ہم اسمیں کہ نا مہرباں نہو

کیا کیا بیان کرتے ہیں نادر نکات ہم
لیکن جب انجمن میں کوئی نکتہ داں نہو

صدق و صفا و مہر و وفا واں نہ ڈھونڈھنا
جس شہر و دیہ میں کہ سرائے مغاں نہو

آئی ہے فصلِ گل میں چمن سے ہوائے گرم
صیاد نے جلایا کہیں آشیاں نہو

کیا ہو دعائے مرگ میں اُس شخص کو حجاب
جو نیم کشتۂ خنجرِ دردِ نہاں نہو

صورتِ حزیں سے کچھ ہو نہ شکلِ جمیل سے
گر صاحبِ معاملہ آزردہ جاں نہو

ایما ہی سب کو چشمِ سخنگو سے شیفتہ
پھر میرے قتل پر کوئی کیا ہمزباں نہو

ہی بد بلا کسیکو غمِ جاوداں نہو
یا ہم نہوں جہاں میں خدایا جہاں نہو

آئینِ اہلِ عشق کہاں اور ہم کہاں
ای آہ شعلہ بار نہو غول چکاں نہو

فعلِ حکیم عین صلاح و صواب ہی
ساقی اگر شراب نہ دے سرگراں نہو

تدبیر ترکِ دشمنِ جاں کی ہی رات دن
کس طرح پھر مجھے گلۂ دوستاں نہو

کیا وہ متاع جسکی نہو کوئی گھات میں
ڈرتا ہوں میں جو دزد دپسِ کارواں نہو

حب تک فروغِ مے سے نہو سینہ نورزار
ہرگز حریفِ میکدہ اسرار داں نہو

لازم ہی یا یہ بھی تو ہو بیتاب ورنہ کیا
وہ عشق ہی کہ رنج یہاں ہو وہاں نہو

ناحق وہ جی جلاتے ہیں سودائے عشق پہ
جن کو یہ سوچ ہی کہ کچھ اسمیں زیاں نہو

ہم بوئے دوست تجھکو سنگھائیں گے شیفتہ
محوِ شمیمِ طرۂ عنبر فشاں نہو

تہمت لگا کر انکو کوئی کیا خجل نہو
وسواس ہمکو جب ہو جو آئینہ دل نہو

تقوے میں ہم شریک ہیں رندی میں ہم شریک
صحبت سے اپنی کوئی ملول و خجل نہو

زنجیر آدھی رات کو کھٹکائے اور کون — ای جذب اشتیاق وہ پیماں گسل نہو

تنہا ملا ہے یار نہ مانِ در از میں — ای فرطِ جوشِ شوق بس اب تو مخل نہو

افسردگی کے اپنے جو گرم بیاں ہوں ہم — آتش کبھی جہان میں پھر مشتعل نہو

دشمن کے افترا سے رہائی محال ہے — گھر بار کا جو گھر کے مرے منفعل نہو

پھر دل ہی میں گرم ہی دلدار شیفتہ

ڈرتا ہوں میں کہ پھر کہیں خواہانِ دل نہو

اتنی جمیل سے تو کبھی انس و خو نہو — ڈرتا ہوں آفتاب سے اب میں کہ تو نہو

ہی گل کا رنگ تجھ سے مشابہ نہ دیکھیے — بچیئے صبا سے بھی کہ کہیں تیری بو نہو

سب آرزوئیں تجھ سے فلک نے نکال دیں — یہ آرزو ہی اب کہ تری آرزو نہو

جا نا کہیں ہو جانتے تھے یا ترے گھر کی راہ — یا اب یہ ڈر ہی راہ میں تو روبرو نہو

یا غیر سے بھی خوش تھے کہ تیرا تو دوست ہی — یا اب خفا ہوں اس سے جو تیرا عدو نہو

جب تک کہ تم رقیب سے ملنا نہ چھوڑ دو

ملجائے تم سے شیفتہ ایسا کبھو نہو

کچھ پیچ و تاب دل کا جبیں پر اثر نہو — اتنا تو حوصلہ ہو اگر بیشتر نہو

سامان عیش جمع مگر ہمکو اجتناب — کیا کیجئے جو حکم قضا و قدر نہو

اُن کو وہ لاف مہر و وفا ہو کہ کیا کہوں — ہمکو گر اہتمام تلاشِ خبر نہو

ناصح جو کام ترکِ وفا سے لیا تو کیا — جو بات عیب کی ہی وہ ہرگز ہنر نہو

ہم وہ نہیں کہ اُس کو بھی رکھیں حساب میں — جس آہ کا کہ چرخ نہم تک گذر نہو

کیا تاب ہی کہ تابنِ مژگاں ہو جلوہ گر — جس قطرۂ سرشک میں لختِ جگر نہو

امیدوار جلوۂ معنی غلط نہیں — جو نکتہ فہم محوِ نقوش و صور نہو

ہرچند مجھ سے بے سبب آزردہ ہی مگر — ڈرتا ہوں میں منانے سے آزردہ تر نہو

ہیں آنے والے شیفتہ کچھ دوست اور بھی
مطرب کو حکم ہو کہ ابھی نغمہ گر نہو

جب تک وہ مہر جلوہ یہاں جلوہ گر نہو — لاکھ آفتاب سے شبِ ہجراں سحر نہو

کیا مانگتے ہو جان بہت لوگ دے چکے — وہ بات ہم سے کہیئے کہ حدِ بشر نہو

کسکو کیا پسند نہ کیونکر کروں پسند — مجھکو نظر نہو جو غرورِ نظر نہو

یہ شوق ہرزہ تاز بہت منفعل کرے — دربان دوست دوست ہمارا اگر نہو

میخانے میں رہو کہ نہ دیکھو گے عمر بھر — وہ شام جسمیں پرتوِ فیضِ سحر نہو

آئینِ ناز کینۂ و رسم ادا ستم — معشوقہ نے ہنر ہے جو بیدادگر نہو

یاروں کو رنج ہو یہ گوارا نہیں مجھے — ایسی جگہ مروں کہ کسیکو خبر نہو

اُن کا لگاؤ اور بھی کرتا ہے بیقرار
وہاں کچھ نہو تو جوش یہاں اسقدر نہو

وہ نالہ چاہتے ہیں کہ برہم کرے جہاں
لیکن یہ شرط ہی کہ ہمیں کچھ اثر نہو

اُڑتی سی شیفتہ کی خبر کچھ سُنی ہی آج
لیکن خدا کرے یہ خبر معتبر نہو

نفس سرکش کی کسی ڈھب سے رعونت کم ہو
چاہتا ہوں وہ صنم جس میں محبّت کم ہو

کیا عجب دور ہو آتش سے حرارت لیکن
ہی عجب اُنکی اگر دل سے شرارت کم ہو

منع کی حرص پر انسان ہوا ہی مجبول
ناصحو دوست اگر ہو تو نصیحت کم ہو

جان پُر شغلہ فارغ ہو جو تم کو دیکھے
دل بے وسوسہ کو تم سے فراغت کم ہو

شمع رویوں سے بڑھا ربط بڑھی ظلمت دل
ورنہ جتنا کہ سوا نور ہو ظلمت کم ہو

اثر عشق کی افسانے جو سُن رکھے ہیں
حکم عشاق کو ہی یہ کہ محبت کم ہو

ہم نے دیکھا ہی وہ صیقل کدہ اللہ اللہ
کہ جہاں آئینہ دل سے کدورت کم ہو

نغمہ پُر درد ہی شورش سے افاقت معلوم
بادہ پُرزور ہی کیا نشہ کی شدّت کم ہو

شیفتہ کیسی ہی معنی ہوں مگر نامقبول
اگر اسلوب عبارت میں متانت کم ہو

اُٹھ صبح ہوئی مرغ چمن نغمہ سرا دیکھ
نور سحر و حُسن گل و لطف ہوا دیکھ

دو چار فرشتوں پہ بلا آئے گی ناحق
ای غیرت ناہید نہو نغمہ سرا دیکھ

منت سے مناتی ہیں مجھے میں نہیں منتا
اوضاع ملک دیکھ اور اطوار گدا دیکھ

گر بوالہوسی یوں تجھے باور نہیں آتی
ایک مرتبہ اغیار کے قابو میں تو آ دیکھ

عاشق بھی سہی پر کوئی فرہاد سا ہوگا
کاشانۂ دشمن میں نہو جلوہ نما دیکھ

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ دامن کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

ایک دم کے نہ ملنے پہ نہیں ملتے ہیں مجھ سے
اے **شیفتہ** پابوسی امید فزا دیکھ

کہوں میں کیا کہ کیا درد نہاں ہے
تمہارے پوچھنے ہی سے عیاں ہے

شکایت کی بھی اب طاقت کہاں ہے
نگاہِ حسرت آہِ ناتواں ہے

نشانِ پائے غیر اُس آستاں پر
نہیں ہے میرے مرقد کا نشاں ہے

اجل نے کی ہے کس دم مہربانی
کہ جب پہلو میں وہ نامہرباں ہے

تجھے بھی رل گیا ہے کوئی تجھ سا
اب آئینہ سے وہ صحبت کہاں ہے

یہ کس گلرو کا عالم یاد آیا
دمِ سرد اک نسیم بوستاں ہے

ہوئی بیتابیٔ بلبل مؤثر
کہ گھبرایا ہوا کچھ باغباں ہے

سحر اُن کو ارادہ ہے سفر کا
قیامت آنے میں شب درمیاں ہے

کوئی یہاں لاؤ اُس عیسیٰ نفس کو
کہ مرتا شیفتہ نام اک جواں ہی

یاد آے گی جو عطر فشاں اُسکی کو مجھے
لیجاے گی بہشت میں گلشن کی بو مجھے

اے چرخ تیری دور میں انصاف ہی یہی
وصلِ صنم عدو کو ہو رشکِ عدو مجھے

رحم ای ہجومِ شوق کہ سنبل سے باغ میں
یاد آئیگا وہ طرۂ تابیدہ مو مجھے

دشمن کٹے جو شکر کے سجدے سے وقت قتل
شاید کہ آبِ تیغ سے ہوگا وضو مجھے

تا صبح حشر بخت مرے جاگتے رہیں
اک بار صبح آکے جگائے جو تو مجھے

تشبیہہ تیری زلف سے دی ہو نہ غیر نے
سنبل سے عطر فتنہ کی آتی ہی بو مجھے

تابِ وصال اُس سمن اندام کو کہاں
بس بس نہ چھیڑ ای خلشِ آرزو مجھے

جاتا ہوں کوے غیر میں صحرا کے بدلے میں
دیوانگی میں بھی ہی تری جستجو مجھے

وہ مانعِ تپش ہی نہیں شوق اضطراب
بھاتی نہیں ہی شیفتہ ایسی بھی خو مجھے

اگلی رشک اُنکو یاد آنے لگے
ہم جو غیروں کے گھر میں جانے لگے

کچھ بناوٹ سے تو نہیں یہ غش
تم مجھے عطر کیوں سُنگھانے لگے

میرے داعوں کا ذکر کرتے ہیں
بارے غیروں کو بھی جلانے لگے

تلخ کامی کی گر کہیں لذت
چرخ غالب کہ زہر کھانے لگے

میرے رونے میں تو نہیں تاثیر
غیر پھر اشک کیوں بہانے لگے

غیر سے کب ہوا ہے ترک کلام
باتیں تم ہم سے بھی بنانے لگے

ہم جو تحریک ناتوانی سے
قصہ ہائے ستم سنانے لگے

ہنسکے کہنے لگے کہ ہاں سچ ہے
تم مرے نازکیوں اٹھانے لگے

وہ غزل ہم نے شیفتہ لکھی
جس کو زہرہ بھی سن کے گانے لگے

اور الفت بڑھ گئی اب اس ستم ایجاد سے
اک نئی لذت جو پائی دل نے ہر بیداد سے

غیر کو اندوہ فرقت اب مبارک ہو کہ یہاں
دھیان جاتا ہی نہیں اسکا دلِ ناشاد سے

عشق میں یہ مرحلہ بھی پیش آتا ہے ضرور
کسکو امیدِ اثر ہے نالۂ و فریاد سے

مجھ سے کیا کیا شاد ہوگی روح قیس و کوہکن
پھر نظر آتے ہیں کوہ و دشت کچھ آباد سے

ہیں وہ قابو میں عدو کے بس یہی تدبیر ہے
جائیں اسکے پاس نالاں یار کے بیداد سے

رشک آزادی پہ ہے ایسے اسیروں کی مجھے
چھٹ گئے جو جان دیکر پنجۂ صیاد سے

ڈوب مرنے کی جگہ ہے غسل صحت ہجر میں
رو دیتا ہوں احبا کی مبارکباد سے

وہ قتیلِ تیشہ ہیں میں کشتۂ ابروے یار
یار بیجا مجکو نسبت دیتے ہیں فرہاد سے

چھیڑتے کیوں ہو مجھے جانے دو ان باتوں کو بس
تم بھلا جاتے رہو گے **شیفتہ** کی یاد سے

پھر محرک ستم شعاری ہے	پھر اُنھیں جستجو ہماری ہے
پھر وہی داغ و دل سے صحبت گرم	پھر وہی چشم و شعلہ باری ہے
پھر وہی جوشِ نالہ و فریاد	پھر وہی شور آہ و زاری ہے
پھر خیالِ نگاہ کافر ہے	پھر تمنّائے زخم کاری ہے
پھر وہاں طرز دلنوازی ہے	پھر یہاں رسم جاں نثاری ہے
پھر وہی بیقراریٔ تسکیں	وہی تسکینِ بیقراری ہے
پھر جفا وہاں وفا ہوئی پھر یہاں	ناامیدی امیدواری ہے
جس کے جور و ستم بھی یاد نہ تھے	پھر ہمیں اُسکی یادگاری ہے
پھر ہمیں کام کچھ نہیں تم سے	پھر وہی وضع گر تمھاری ہے

شیفتہ پھر ہے ننگ عزت سے
پھر وہی ہم ہیں اور خواری ہے

وہاں پہنچنے کی منت دمِ صبا پر ہے	کہ شوق سے مرے خط کے لیے ہوا پر ہے
عدو کو آگے مرے مسکرا کے ذبح نہ کر	کہ میری مرگ بھی موقوف اسی ادا پر ہے

مرض ہو جس کے سبب سے غضب ہے وہ یہ کہے
سبب جئے نہ جئے زور کیا قضا پر ہے

رقیب کہتے ہیں اس جور پر نباہتے ہو
قیامت آئی کہ لتعنیع اب وفا پر ہے

خفا ہوے ہیں عدو اپنی ہی بری خو سے
تجھے گمان بدای بدگماں حیا پر ہے

خیال تھے اثرِ جذبِ دل سے کیا کیا آج
ہزار خون ہوس گردنِ حنا پر ہے

رقیب سے ہی جفای حبیب کا شکوہ
تو آپ شیفتہ اے شیفتہ جفا پر ہے

فصل گل ہی میکدہ کا ساز و ساماں چاہیے
تو یہ زولیدہ زیبِ طاقِ نسیاں چاہیے

محو لیلیٰ ہی یہ مجنوں چارہ سازوں سے کہو
اس کے رہنے کے لیے یوسف کا زنداں چاہیے

کشمکش اس جیب سے دستِ جنوں بیفائدہ
غیر کا زور آزمائی کو گریباں چاہیے

نرگستاں چاہیے نے جا ہیے سنبل کدہ
چشم فتاں چاہیے زلفِ پریشاں چاہیے

جاے سبزہ سبزۂ خط قدِ موزوں جاے سرو
یہ گلستاں ہو تو ہاں سیرِ گلستاں چاہیے

شاہدانِ دلربا اتنی نہیں دشوار جو
صرف انکو مال و جان ناموس و ایماں چاہیے

غزل اپنی بیاضِ چشمِ آہو پر لکھو
جیسے دیوانے ہیں ہم ویسا ہی دیواں چاہیے

نغمہ ہاے گلفشاں کو سمجھیں کیا زاغ و زغن
داد دینے کو مری مرغِ خوش الحاں چاہیے

گردِ کلفت خاکِ صحرا دشنۂ غم نوکِ خار
تیرے وحشی کے لیے ایسا بیاباں چاہیے

بزم دنیا میں ہی دو شخص کو کب عیش نصیب
سو تجھی کو ہے مجھکو تو یہ غم بھی بس ہی

دسترس بوسۂ پا کی جو نہیں ہی نہ سہی
اپنے سجدے کے لیے نقشِ قدم بھی بس ہی

سجدۂ دوست ہوا عشق کا حصہ یعنی
اور لوگوں کے لیے دیر و حرم بھی بس ہی

غیر پہ چاہیے ای چرخ تجھے کرنا جور
مجھ سے ناکام کو تو بخت دژم بھی بس ہی

دولتِ وصل سے کیا کام ہوسناکوں کو
نازِ خسرو کے لیے خیل و حشم بھی بس ہی

کی تمنائے کرم میں نے تو فرماتے ہیں
شیفتہ تیرے لیے جور و ستم بھی بس ہی

سجدے کے کسی در پہ تمنا نہیں رکھتے
گردن پہ سرِ ناصیہ فرسا نہیں رکھتے

اس کوچے میں ای نکہتِ گل جلوہ عبث ہی
ہم کچھ ہوسِ سیرِ تماشا نہیں رکھتے

ہر چند کہ ہی آپ سے ملنے کی تمنا
پر آپ سے ملنے کی تمنا نہیں رکھتے

دشوار نہیں رفع حجاب آپ سے لیکن
مطبوع ہم اندازِ زلیخا نہیں رکھتے

یوں چارہ گری غیر کی ہوتی ہی کہ گویا
ہم جانِ حزین و دلِ شیدا نہیں رکھتے

مطلب ہے وہ معشوق سے ناصح کو نہیں اور
ہم دیدۂ بینا دلِ دانا نہیں رکھتے

کس لطف سے وہ لطف سے فارغ ہیں کہ عشاق
تابِ نگہِ حوصلہ زرا نہیں رکھتے

دشمن سے ملاقات کی ٹھہری ہی کہ بے وجہ
وہ سر پہ پرند گھر آما نہیں رکھتے

اے شیفتہ ہم جب سے کہ آئے ہیں حرم سے
شوقِ صنم و خواہشِ صہبا نہیں رکھتے

خندہ زن ہیں دوست میرے دیدۂ پُر آب سے
بخت دشمن کو جگائیں میرے نالے خواب سے

وصل کی شب میں نئی باتوں سے ہم واقف ہوے
شعلہ خس ہی نہایت دیر پا مہتاب سے

میں لہو روتا ہوں ناحق اُن کا دامن دیکھکر
اُن کا دامن بھر گیا ہے میری ہی خونناب سے

میں وہ میکش ہوں اگر بیخود بھی ہو جاؤں کبھی
ہوش آتا ہے مجھے بوئے شرابِ ناب سے

گرم خو دیکھا تو کر دیتی ہیں سب کو بیقرار
دلکو راحت ہو گئی بیتابیٔ سیماب سے

جسکو سمجھا آشنا نکلا غرض کا آشنا
دل ہی افسردہ نہایت گرمیٔ احباب سے

ضد تو دیکھو تشنہ کام شوق مجھکو جان کر
قتل کرتا ہے ستمگر خنجرِ بے آب سے

فرشِ مخمل پر سے تھے وہ ہمخوابِ دشمن خواب میں
رونگٹے میرے کھڑے ہوتے ہیں نامِ خواب سے

کسکی زلفِ خم بخم پھر لے گئی تاب و قرار
شیفتہ پھر کچھ نظر آتے ہیں ہم بیتاب سے

رقیب بوالہوس کا منہ ہی لطفِ جور کو دیکھے
وہ اپنی وضع کو دیکھے ہمارے طور کو دیکھے

پریوش بھی ہیں شیدائی کے شیدا ناصحو دیکھو
بھلا کب دیکھ سکتے ہیں کہ عاشق اور کو دیکھے

نظر سے فتنہ کی گردش سے گردوں کی بچا وہ ہے
جو چشمِ مست کو ساقی کی مرکے دور کو دیکھے

صفائی غیر سے کیجے مکدر میں نہیں تم سے
کوئی کیا خاک خوش ہو جب کسی بدطور کو دیکھے

ستم سے شیفتہ اب اس طرح مایوس کرتے ہیں
وہ اپنی تاب کو دیکھے - ہمارے جور کو دیکھے

پھر نصیحت کی کسکو تاب رہے
جو یہی دلکو اضطراب رہے

جب خطائے نکردہ ثابت ہو
عقل کیا بر سر صواب رہے

بوئے گل کام کر چکی اپنا
دختر رز تہ نقاب رہے

ملگیا دوست منتخب پھر کیوں
شعر کا شوق انتخاب رہے

واہ رندی و میکشی کہ یہاں
عمر بھر عالم شباب رہے

جب پڑی لذت ہم آغوشی
پھر بغل میں کہاں کتاب رہے

تا نہ غافل ہو انجمن ساقی
دور میں ساغر حباب رہے

بزم دشمن کا عزم تھا موقوف
تھوڑی دیر اور گر سحاب رہے

ہی بڑھاپے میں خوف بدمستی
کہ جوانی میں کم خراب رہے

شیفتہ کوئی حال وارد ہو
پر معارف سے اجتناب رہے

منہ بنائے ہوئے اس کو سے گذر کرتا ہی
اب تو لو غیر بھی دلمیں مرے گھر کرتا ہی

ذبح اُس کو بھی موذن ہی مگر کرتا ہے
کیوں شبِ وصل ہیں غل مرغِ سحر کرتا ہے

یاد میں اُس دُرِ دنداں کی مو اجاتا ہوں
کار الماس مرے حق میں گہر کرتا ہے

اُس کے ناوک کی توجہ پہ مری جان نثار
ہاتھ سے چھوٹتی ہے فصد جگر کرتا ہے

گر نہیں یہ کہ برتتا ہے وہ ظاہرداری
کیوں نگاہ غلط انداز اِدھر کرتا ہے

دلِ مضطر کی رہائی میں نظر رکھتا ہے
جو ترے طرۂ خوش خم پہ نظر کرتا ہے

دیکھئے آہ ہماری بھی اثر کرتی ہے
سخن درد سُنا ہے کہ اثر کرتا ہے

ایک دن شام ہماری بھی سحر کر دیگا
وہی جو شام کو ہر روز سحر کرتا ہے

دل کے ٹکڑے ہوئے جلتے ہیں مگر مرغِ چمن
آج کچھ نالہ بالحانِ دگر کرتا ہے

آج پھر ماتمِ یوسف ہے ہر اک کوچہ میں
کارواں مصر کو کنعاں سے سفر کرتا ہے

بدگماں آپ غلط محرمِ اسرار سے ہیں
دل ہمیں رازِ نہانی کی خبر کرتا ہے

جان کھوئی ہے جسے مدنظر مثل حباب
وہی مشتاق فنا چشم کو تر کرتا ہے

شیفتہ جسکو نہیں عشق وہ اپنے نزدیک
کیا بُری طرح سے دنیا میں بسر کرتا ہے

عشق کی میرے جو شہرت ہو گئی
یار سے مجھکو ندامت ہو گئی

خاک عرضِ مدعا اُس سے کروں
جسکو باتوں میں کدورت ہو گئی

یہاں سے جانے کو ہیں وہ آچک کہیں
کیا بلا لے ابر رحمت ہو گئی

اب ستم اغیار پر کرنے لگے
میرے مرجانے سے عبرت ہو گئی

جلوۂ معنے نظر آنے لگا
پیتے پیتے مے یہ صورت ہو گئی

انکی باتیں اُس نے بھی چھپکر سُنیں
آج ناصح کو نصیحت ہو گئی

منع وصل غیر پر ہنسکر کہا
بارے اب تمکو بھی غیرت ہو گئی

بوے گل اُس گل کی بُو کے روبرو
فی الحقیقت نے حقیقت ہو گئی

بس نہ فرماتے پھرو یہ شیفتہ
گو انھیں تم سے محبت ہو گئی

وہ جو اُٹھے جان رخصت ہو گئی
شیفتہ یہ کیا قیامت ہو گئی

بوے یار اُس بزم میں آئی مجھے
جب نہ مجھے ساقی سے الفت ہو گئی

جلوہ بیڈھب مانع نظارہ ہے
وصل میں تاثیر فرقت ہو گئی

نغمۂ و مے سے مجھے کیا کام تھا
اُن کی صحبت میں یہ آفت ہو گئی

بے سخن نسبت مع اللہ ہی اُسے
قوم سے جسکو کہ نسبت ہو گئی

اب رقیب بوالہوس ہیں عشق باز
دل لگانے سے بھی نفرت ہو گئی

سچ کہوں گا گو ہیں دونوں آشنا
ق بیشک ان سے سہو و غفلت ہو گئی

عشق سے کیا کیا خرابی پڑ گئی
عقل سے کیا کیا حماقت ہو گئی

شیفتہ ایک رندِ مشرب شخص ہی
کس سے لوگوں کو عقیدت ہو گئی

ملنے کا میرے اور تیرے چرچا نکریں گے
گر دوست ہیں اغیار تو رسوا نکریں گے

نئے عذر وہ کر لیتے ہیں وعدہ یہ سمجھکر
یہ اہلِ مروت ہیں تقاضا نکریں گے

کب اہل تمنا بات کوئی راز کہیں گے
جبتک کہ نہ ہم سے ہمیں بیگانہ کریں گے

پہنچا ہوں میں مرنے کے قریب آتے ہیں دیکھو
وہ دور ہیں اب پاس عدو کا نہ کریں گے

جاتے ہو اگر غیر کے گھر ضد سے ہماری
ہم آپ کے آنے کی تمنا نہ کریں گے

سجدہ میں بھی آتا ہے خیالِ خمِ ابرو
ہم راست بیانی میں محابا نہ کریں گے

وہ مجھ سے نہ بولیں کبھی یہ بات نہ ہوگی
وہ غیر سے باتیں کریں ایسا نہ کریں گے

ای حد لقا کیوں نہ تمنائے جناں ہو
کیا وہاں تم سے ملنے کا ارادہ نہ کریں گے

ہم آپ پہ عش ہیں تو غش آیا یہ سخن کیا
تم آپ سے جاتے ہو ہم آیا نہ کریں گے

ہرگز بھی نہیں خاطرِ جاناں میں ٹھکانا
اے شیفتہ ہم دعوئے بیجا نہ کریں گے

گر اس مجھکو مرض یاس کی شدت ہو جائے
ملک الموت بھی جب بہرِ عیادت ہو جاوے

گریۂ غیر سے وہ بہرِ عیادت ہو جائے ٭ اشک شادی ہی یہ کاش اشکِ ندامت ہو جائے

اپنے ہی عشق کی نسبت سے ہوا شادیٔ مرگ ٭ کیا کروں اسکو بھی گر مجھ سے محبت ہو جائے

اور گر کچھ نہو دامانِ اجل تو کھینچوں ٭ کاش اتنی ہی مجھے ہجر میں طاقت ہو جائے

نیم جاں وہ ہوں وہاں قتل کا آئے جو خیال ٭ تو یہاں اُس سے کہیں پہلے فراغت ہو جائے

سانس بھی کل تو نہ تھی آج نکلتی ہی آہ ٭ مجھکو ڈر ہی کہیں پھر مجھکو نہ مہلت ہو جائے

ناصحو منع کرو جب تو یقیں میں مانوں ٭ تمکو بھی گر کسی بیدرد سے الفت ہو جائے

پاکے منحرف نہ مجھے مرنے پہ بڑے وعدے ہیں ٭ ہی بڑا لطف اگر اب مجھے صحت ہو جائے

شیفتہ ایسی اُڑا اہلِ کدورت کی خاک
دیکھکر شیشۂ ساعت کو بھی عبرت ہو جائے

ہی ستم واقف ہو میرے حال کی تغیر سے ٭ بوالہوس کہتے ہو پھر اک آہ نکلے تاثیر سے

عشق میں اک صید افگن کی ہی یہ جوشِ جنوں ٭ فصد میری کھولنا جرّاح نوکِ تیر سے

چاہیے اغیار کو بھی اپنے منہ پر کچھ ملیں ٭ چاہ ثابت ہوتی ہی وہاں ننگ کی تغیر سے

مر رہا ہوں وعدۂ فرقت میں نہیں دیتا کوئی ٭ سچ اگر پوچھو تو سم بھی کم نہیں اکسیر سے

ہاتھ میں دیکھا جو تیرے قبض جاں ہونے لگی ٭ دست دشمن کم نہیں کچھ قبضۂ شمشیر سے

عشق کا سودا نہیں جاتا ہی بعد از مرگ بھی ٭ دیکھ لو وحشت ہی ظاہر قیس کی تصویر سے

کیا غضب ہیں وہ بھی پڑھوایا عدو سے خط میرا
وصل میں روتے تو شاید کچھ اثر ہوتا اُسے

تھی جو آگاہی شکایت اُنھیں تحریر سے
کیا شبِ غم میں حصول اس آہ بے تاثیر سے

ننگ مہمانی دشمن بھی کیا ہم نے قبول
شیفتہ لیکن نہ آئے وہ کسی تدبیر سے

کیا ذکر اُس کے آگے مری آہ کا چلے
جس گل کی شمع بزم سے بچ کر صبا چلے

یوں بعد ذبح چھوڑ تڑپتا ہوا چلے
قربان ایسے آنے کے کیا آئے کیا چلے

ناصح تری زبان ترے بس میں جب نہ ہو
انصاف کر کہ دل پہ مرا زور کیا چلے

محروم ہوں رقیب بھی جلوے سے یار کے
بجھ جائے شمع بزم میں ایسی ہوا چلے

اللہ کیا غرور ہے تمکو کہ بزم سے
ہم کتنے جلد اُٹھے پہ اتنا کہا چلے

یہ شوق وصل ہے کہ اگر پانوں ٹوٹ جائیں
اُنکی گلی کی سمت مرا نقشِ پا چلے

مانا کہ جلد آؤ گے پر اس کا کیا علاج
پہلو سے اُٹھتے ہی جو مرا جی بٹھا چلے

کیوں روکتا ہے اسمیں ضرر کیا ہے ساربان
دیوانہ ایک گردِ پسِ محمل لگا چلے

افسوس اُس نے کچھ نہ کہا سُن کے حالِ دل
ہم قصہ خواں کی طرح فسانہ سُنا چلے

دیکھا جو نزع میں مجھے کچھ رحم آ گیا
گو زہر پینے آئے تھے شربت پلا چلے

وعدہ عدو کا آپ کی تکرار سے کھلا
میں نے یونہیں کہا تھا کہ کیا آئے کیا چلے

یہ غم اگر نہیں کہ نہ آیا وہ بیوفا
روتے مرے جنازہ پہ کیوں اقربا چلے

وہ گل کہیں جو جائے تو کیونکر ملے سراغ
مانند گرد جس کی جلو میں صبا چلے

گرمی کے عذر سے اُنھیں جانیکا قصد ہی
ای آہ سرد رحم کہ ٹھنڈی ہوا چلے

کیسا ہی غم رسیدہ ہو یہاں آکے شاد ہو
اک ہم تمہارے پاس خوش آے خفا چلے

تھی کب سے مرگ و حسرت دیدار میں نزاع
وہ آکے ایک لمحہ میں جھگڑا مٹا چلے

جلدی ہی کیا ٹھکانا بھی پیدا کریں کہیں
آخر تری گلی سے تو اے بیوفا چلے

کیا پیش آئے دیکھئے وہاں جاکے دوستو
کہدو کہ پیچھے پیچھے مرے رہنما چلے

ای جان لب پہ آکے ٹھہرنے سے فائدہ
رہنا ہوا تو رہ گئے چلنا ہوا چلے

کس کس سے ہمیں بگڑیگی کچھ یہ بھی دھیان تھا
باتیں تو آپ شیفتہ اُن سے بنا چلے

ظالم کبھی تو داد دل و چشم تر ملے
سینہ سے سینہ اور نظر سے نظر ملے

نلے صرفہ ہی مشقت تحریر و صرف زر
رستہ ہی میں ہمیشہ ہمیں نامہ بر ملے

ہی دشمنوں سے اُنکو ملاقات ابر و کشت
ملتے ہیں ہم سے جیسے کہ خس سے شرر ملے

کیا پوچھتے ہو لطف کروں تجھپہ کسقدر
اذن غرور و ناز تمھیں جسقدر ملے

ہم خوب جانتے ہیں تمھارے بگاڑ کو
غیروں سے لڑکے ہم سے بھی تم بیشتر چلے

نیرنگ عشق دیکھ کہ منظور ہی اونھیں
گلگونہ میں چکیدۂ مژگان تر ملے

محفل طرازیوں کے مزے سب دکھاؤنگا
وہ اتفاق سے کہیں تنہا اگر ملے

اب ہی انھیں تلاش ہماری تو فائدہ
وہ وقت بھی گیا کہ ہمارا اثر ملے

کھائے تلاش کوچۂ جاناں میں سو فریب
سبزہ جہاں ملا ہمیں یہ سمجھا خضر ملے

ظالم تبسم نمکیں میں نہ کر دریغ
آخر ذرا تو لذتِ زخم جگر ملے

وہ شیفتہ کہ دھوم ہی حضرت کے زہد کی
میں کیا کہوں کہ رات مجھے کسکے گھر ملے

ابر دریوزہ گر آب ہی اکثر ہمسے
برق بھی مانگ کے لیجاتی ہی اخگر ہمسے

سلح کل اپنی تو دانست میں ہمینی ہی
وہ ہوئے صاف تو ہی غیر مکدر ہمسے

ناصحو ساری نصیحت حسد و رشک سے ہی
ترک ہوتا ہی کوئی عیش مقدر ہمسے

گردن غیر پہ چلتے نہیں دیکھا ہرگز
پیار رکھتے ہیں مگر دشنہ و خنجر ہمسے

شیفتہ سادہ بیانی نے ہمیں چمکایا
ورنہ صنعت میں بہت لوگ ہیں بہتر ہمسے

دل لیا جس نے بیوفائی کی
رسم ہی کیا یہ دلربائی کی

تذکرہ صلح کا کرو نہ کرو
بات اچھی نہیں لڑائی کی

تمکو اندیشۂ گرفتاری — یہاں توقع نہیں رہائی کی
وصل میں کس طرح ہوں شادی مرگ — مجھکو طاقت نہیں جدائی کی
دل نہ دینے کا ہمکو دعوی ہی — کسکو ہی لاف دل ربائی کی
ایک دن تیرے گھر میں آنا ہی — بخت و طالع نے گر رسائی کی
دلِ لگایا تو ناصحوں کو کیا — بات جو اپنے جی میں آئی کی
ق
شیفتہ وہ کہ جس نے ساری عمر — دینداری و پارسائی کی
آخرِ کار مے پرست ہوا — شان ہے اُس کی کبریائی کی

اپنی شوخی کی بھی خبر کچھ ہی — زلزلہ آسمان پر کچھ ہے
زاریِ شب کے زور تو دیکھے — تجھ میں بھی دم دمِ سحر کچھ ہے
راز پوشیدہ پوچھئے کس سے — نے خبر ہے جسے خبر کچھ ہے
نالہ سنتے نہیں تو بات سُنو — خوب باتوں میں بھی اثر کچھ ہے
عشق کے اب کہاں وہ ہنگامے — دردِ دل سوزشِ جگر کچھ ہے
حُسن کیا عرضِ جلوہ کرتا ہے — شہر میں شور الحذر کچھ ہے
اُس کے نیرنگ سے ٹپکتا ہے — کہ عدم سے بھی بیشتر کچھ ہے
کھوٹی باتیں ہیں اور پہلو دار — ہاں ترے دل میں سیمبر کچھ ہے

عشق میں ساری خوبیاں ہیں جمع
اک مگر جان کا ضرر کچھ ہے

رم بہت اُنس کم ہی طینت میں
وہ بہت ہی پری بشر کچھ ہے

دوست یوں ان لکا د پڑھتے ہیں
کہ میری سمت اُسے نظر کچھ ہے

برق ہی روزگار خندۂ گل
نازیہ فرصت اسقدر کچھ ہے

شیفتہ بھی ہی مجمع اضداد
کچھ ہنرمند ہے ہنر کچھ ہے

نازکی کیا ہوئی کیوں عشق نہیں کیا صورت ہی
آئینہ دیکھنے سے اُنکے مجھے حیرت ہی

غیر تو طعنہ نہ دے گو کہ مجھے فرقت ہی
کوہکن کیا کہیں خسرو سے بھی بے غیرت ہی

عشق سے اور بڑھی ہائے قساوت دلمیں
غیر کو رنج ہوا ہی تو ہمیں راحت ہی

کچھ نئی بات نہیں وعدہ تسلی کیا ہو
وہی حرماں وہی یاس وہی حسرت ہی

مجھ سے آزردہ ہو کیوں میں بھی تو کہتا ہوں یہی
تم ملو غیر سے ممکن ہی یہ سب تہمت ہی

گر عیادت کو عدو کو بھی لیے آئیں تو خوب
کہ مرا رشک سے مرنا سبب عبرت ہی

غیر کو یاد رہے تیری محبت ہی نہیں
اور اگر ہی تو تری محو سی کیوں نفرت ہی

ای عدو کس لیے نازاں ہی سمجھ تو آخر
جس سے ہم خوار ہوئے ہائے وہی عزت ہی

چشم سے اشک رواں لب پہ ہی آہ سوزاں

شیفتہ کس کے لیے آپکی یہ حالت ہی

آ و مل جاؤ لڑائی ہو چکی
ایک دم صبر آزمائی ہو چکی

ایک حالت پر نہیں رہتا کوئی
اب وفا ہو بیوفائی ہو چکی

ہم سبک ہوتے ہیں اپنے ہاتھ سے
جو ہیں وہ بگڑے لڑائی ہو چکی

ضعف سے ہی آپ میں آنا محال
اس کے کوچہ تک رسائی ہو چکی

ابکی جس صورت سے ہو ملجایئے
غیر کہتے ہیں صفائی ہو چکی

شیفتہ یہاں عشق یہ وہاں حسن وہ
دونوں عاجز نارسائی ہو چکی

زہر سے الماس سے تلوار سے
مجھکو الفت ہی انھیں دو چار سے

لیچلیں تھوڑا نمک بھی دشت میں
آبلے پھوٹیں گے آخر خار سے

نعش اُٹھانے کا ہی اب ساماں کریں
چارہ گر بیٹھے ہیں کیوں ناچار سے

ذکر وصل غیر کر بیٹھے مبادا
کیا ملیں ہم محرم اسرار سے

پھر تو قابو میں اجل کے آچکے
بچ گئے ہم گر غم دلدار سے

کاٹ کر سر خط کی جا بھیجا اُسے
کام خامہ کا لیا تلوار سے

جب ہمارا رشک سے جی بھر گیا
بزم خالی ہو گئی اغیار سے

جو گلہ سمجھے تھے نکلا شکر ہائے
کی شکایت ہم نے کس عیار سے

واہ ہم تو دیکھکر مرجائیں اور
زندہ ہوں مُردے تری رفتار سے

وہم آسایش سے وحشت ہوگئی
اُس پری کے سایۂ دیوار سے

پھر بلا سے کوئی بیٹھے **شیفتہ**
اُٹھ گئے جب آپ کوئے یار سے

لطف ظاہر ہے مرے آزار سے
آشتی ہے مدعا پیکار سے

فیضیاب پرتو رو آئیں بند حسن
مہر اُس کی پرتو رخسار سے

ساقیا بنت العنب وہ لاکھ ہو
دلربا تر شاہد بازار سے

غیر کو سیدھا بنایا یار نے
ہی تعجب چرخ کج رفتار سے

جی اُٹھے فرہاد اگر شیریں کہے
کیوں صدا آتی نہیں کُہسار سے

کیا کہوں جوہر شناسی یار کی
مجھکو مارا تیغ جوہردار سے

بلبلِ شوریدہ بیتاب و مست
اُس کے کوچہ کو چلی گلزار سے

ہمکناری کی ہوس تھی وقت قتل
ہم لپٹ کر رہگئے تلوار سے

ہائے جوشِ بیخودی ہائے جنوں
رازِ الفت کہدیا اغیار سے

واہ ہوشِ پاسِ بدنامی کہ ہے
فکرِ اخفا محرمِ اسرار سے

جلد کھو تو شیفتہ آغوشِ شوق
یہ صدا آئی لب سوفار سے

ترک ہونا یار اور اغیار سے — قطع ہونا ربط گل ہے خار سے
کام جوئی اور دعوے عشق کا — بار ہی یہاں مدعا ہی یار سے
ہی ضرورت غیر کو واقع میں آج — آپ ٹھہراتے ہیں کیوں اصرار سے
آہ وزاری سے شکوہ حسن ہے — جیسے رونق باغ کی اشجار سے
جز دلِ شوریدہ لذت کون اُٹھائے — عندلیبِ مست کی گفتار سے
دیکھ لیں گے ہم بھی گر اغیار کو — آپ نے جھانکا سر دیوار سے
فصد کے قابل نہ دلِ بیمار رہے — چارہ جو ہے نرگس بیمار سے
اپنا ٹوٹا گھر بہت مرغوب ہی — بارگاہِ ثابت و سیار سے
دیدنی ہی وہ جگہ جو ہی الگ — سات جنگل اور نو بازار سے

شیوہ ہائے برق خاطف شیفتہ
جلوہ گر ہیں اُس کے شوخ اطوار سے

کچھ بات راز کی ہی ذرا پاس آئیے — جی میں ہی آج خوب عدو کو بنائیے
بلبل خزاں میں آتشِ دل یوں بجھائیے — گُل کر کے شمع شمع کے قرباں جلائیے

رونا ہوا ہی اشک ندامت کہ منہ کے وہ
کہتے ہیں اور بھی کوئی دریا بہائیے

بوسہ ہنسی ہنسی میں جو کل لے لیا تو پھر
کہنے لگے بھلا تمھیں کیا منہ لگائیے

سو بار انجمن سے اُٹھاؤ ہم آئیں گے
اب ٹھن گئی کہ ناز تمھارے اُٹھائیے

آتا ہی رحم نازکیِ گوشِ یار پر
اے وائے کیونکہ حال دل اُسکو سُنائیے

تدبیر صلح خوب ہی بن آئے بات تو
جی میں ہی آج غیر سے آنکھیں لڑائیے

گذرا میں اعتماد محبت کے فخر سے
مجھکو رقیب سمجھئے پر آپ آئیے

ایک نیم ناز بس ہی ہمارے ہلاک کو
کچھ بھی نہ کیجے دیکھ کے بس مُسکرائیے

دشنام و نغمہ اسمیں ہمیں بحث کچھ نہیں
سنتے ہیں آج آپ ہمیں کچھ سُنائیے

واعظ کے قول خوب ہیں رندوں کے فعل خوب
وہ اس سے سیکھ لیجے یہ اُسکو سکھائیے

ہے محو نقش کہنہ کہاں جلوے نقش نو
سر شوق دل سے نقش تمنّا مٹائیے

ہر چند سیر کی ہی بہت تم نے شیفتہ
پر میکدہ میں بھی کبھی تشریف لائیے

لب میں اگر نہیں تو ہمارے سخن میں ہی
جو خاصیت کہ اُس لب اعجاز فن میں ہی

یا مرسل الرّیاح ادھر کو بھی بھیجدے
وہ بوے خوش کہ جیب نسیم یمن میں ہی

دیتے ہیں چشم چشم روشنی چشم روشنی
آمد نسیم مصر کی بیت الحزن میں ہی

نیرنگِ نوبہار ہے عشوہ طلسم کا
کیا عندلیب دام فریبِ چمن میں ہے

پیرانِ کہنہ بن گئے اطفالِ خورد سال
کیفیتِ عجب مرے دیوانہ پن میں ہے

الماس لیکے آئیں گے دیتے ہیں یہ نوید
لذت نئی کچھ آج جو زخمِ کہن میں ہے

وہ آہوئے رمیدہ کہ ہم جس کے صید ہیں
لئے وادیٔ تتار نہ دشتِ ختن میں ہے

شیوہ تمام غنچۂ نشگفتہ کا ہنوز
بندِ قبائے شاہدِ گل پیرہن میں ہے

کیا غیر پر بھی شعلۂ برقِ غضب پڑا
ٹھنڈک سی آج کچھ مرے دل کی جلن میں ہے

کیا کیا پھنسا رہی ہے ہمیں دامِ رشک میں
آشفتگی کہ زلف شکن در شکن میں ہے

شیریں سے بہرہ ور نہوا ایسے شوق پر
کیا سطوتِ رقیبِ دلِ کوہکن میں ہے

خلوت میں شیفتہ سے کوئی ملکے کیا کرے
وہ شخص انجمن میں بھی اور انجمن میں ہے

ہوا نہ مد نظر چشم یار کے بدلے
ہزار رنگ یہاں روزگار کے بدلے

صبا کو بھائے جو محفل کی تیری رنگینی
چمن کو داغ دیئے لالہ زار کے بدلے

کیا ارادہ اگر سیر باغ کا تمنے
قیامت آئے گی ابرِ بہار کے بدلے

خلاف عہد ہی شیوہ تو کیا قباحت ہے
ستم کا عہد وفا کی قرار کے بدلے

عجب ہی شہر ہے دلی بھی شیفتہ ہرگز

میں روم و شام نہ لوں اس دیار کے بدلے

میری خوشی کا اُن کو نہایت خیال ہے — کچھ ان دنوں میں غیر سے شاید ملال ہے

نے کچھ سُنے ہیں رشک سے دل پر ہزار داغ — نامِ خدا یہ گرمیِ حسن و جمال ہے

نے تابِ وصلِ غیر نہ نیروے منعِ غیر — تقدیر سے معارضہ کی کیا مجال ہے

قصدِ جواب ہو بھی تو کیا خاک دیں جواب — بیصرفہ متصل یہ ہجومِ سوال ہے

کچھ میرے عشق میں تمھیں شک ہو تو سامنے — دیوان خواجہ حافظ فرخندہ فال ہے

ہم نے کیا جہاں سے گذر کر جہاں مقام — وہاں وسعتِ سپہر زمیں پائمال ہے

ہے شانہ کش جو زلفِ پریشاں میں بوالہوس — فکرِ وصالِ عاشقِ آشفتہ حال ہے

ممکن نہیں کہ برقِ نگہ غیر پر پڑے — جز طور اور پہ ہو تجلّی محال ہے

کچھ آج **شیفتہ** ہے بہت مضطرب مگر — جانے کا اس کے غیر کے گھر احتمال ہے

ایامِ ہجر میں جو اجل کا خیال ہے — بیشک دماغ میں اثر اختلال ہے

خوش تھے کہ خونبہاے نظر یہ خبر نہ تھی — کیشِ جفا میں خون ہمارا حلال ہے

اُن کے خلافِ وعدے سے میں شرمسار ہوں — کیونکر کہوں کہ مجھ سے اُنھیں انفعال ہے

کیا نسترن ہو تم کہ یہ پیاری شمیم ہے — کیا برگِ گل ہو تم کہ یہ زیبا جمال ہے

ساقی کو میکدے میں سرِ ناو نوش ہے — صوفی کو خانقہ میں سرِ وجد و حال ہے

عاشق کو اضطراب ہی عجز و نیاز ہے
معشوق کو غرور ہی غنج و دلال ہی

منظور ہی حکیم کو ہر شے کی معرفت
حالانکہ اپنی معرفت اُس کو محال ہی

ہر کام فلسفی کا سفاہت کے ساتھ ہی
ہر بات منطقی کے مراؤ جدال ہی

اربابِ حکمتِ نظری کو عمل نہیں
اہلِ کلام کو ہوس قیل و قال ہی

جن کو کہ دستگاہ ہی فن نجوم میں
عمر اُنکی صرف زائچہ ماہ و سال ہی

رہتے ہیں بعض درپے اسراف رات دن
بعضوں کو روز و شب سرِ توفیر مال ہی

بعضوں کو ہی مذاق میں فخرِ نسب لذیذ
بعضوں کو ذوق دعوی فضل و کمال ہی

مفلس کو فکر ہی کہ کسی ڈھب سے کچھ ملے
منعم غرق لجۂ بیم زوال ہی

جو ہیں حریصِ سیرِ چمن اُن کو بزم میں
ذکرِ شجر کبھی کبھی فکرِ نہال ہی

جی میں کسی کی خواہشِ آرایشِ لباس
دلمیں کسی کے حسرتِ جاہ و جلال ہی

کوئی طلب میں اشہبِ گلگوں نظیر کی
کوئی اسیرِ شوق شکارِ غزال ہی

کوئی فدائے قامتِ آفت خرام ہی
کوئی خرابِ نرگسِ جادو مثال ہی

ناحق کسیکو شکر کسی کو شکائتیں
بیوجہ کوئی خوش ہی کسیکو ملال ہی

کس واسطے ہم آئے ہیں دنیا میں شیفتہ
اسکا جو دیکھئے تو بہت کم خیال ہی

تری خوبیاں غیر کیا جانتا ہے
تو جیسا ہی بس جی مرا جانتا ہے

ہوا انس کیوں دل کو اول نظر میں
کہ وہ مجھکو زود آشنا جانتا ہے

تظلم سے ہوتی ہے بیداد افزوں
شکایت کو شکرِ جفا جانتا ہے

گرفتاریِ غیر کا ذکر مجھ سے
مجھے کسقدر مبتلا جانتا ہے

مجھے افعی زلف نے کاٹ کھایا
کوئی شخص اسکی دوا جانتا ہے

وہ گل میرے رونے سے ہوتا ہی خرّم
کہ اپنا وہ نشو و نما جانتا ہے

ستمگر کہے سے برا مانتا کیوں
ستم کو اگر وہ بھلا جانتا ہے

کبھی غیر پر جور ہوتے نہ دیکھا
مجھی کو بس اک آزما جانتا ہے

یہ دھوکا نہ کھانا کہ کم عمر ہی وہ
ابھی شیوۂ ناز کیا جانتا ہے

تامل نہ کر قتل میں میرے ہرگز
کہ عاشق کا تو خونبہا جانتا ہے

حذر می سے واجب ہوا شیفتہ اب
مجھے یار بھی پارسا جانتا ہی

فقط یار جور و جفا جانتا ہے
یہی جانتا ہے تو کیا جانتا ہے

جو بیگانہ جانے تجھے خلق کیا غم
اگر آشنا آشنا جانتا ہے

نہ ممنون دل طرّۂ مشکبو کا
نہ الطافِ بادِ صبا جانتا ہے

ہزاروں گئے جان سے اک ادا میں
عجب شیوہ دلربا جانتا ہے

مری چشم پرنم کا حال اُس سے پوچھو
کہ وہ خوب یہ ماجرا جانتا ہے

شکایت ہمیں شکوہ شکر سے ہے
کہ اب وہ جفا کو وفا جانتا ہے

اُسے کنج خلوت کی کیا ہے ضرورت
جو محفل کو خلوت سرا جانتا ہے

بصورت آئینہ بھی مغتنم ہے
کچھ آئین اہلِ صفا جانتا ہے

عدو کی رعایت سے مجھکو ستانا
وہ انصاف کا مقتضےٰ جانتا ہے

ہمیں شیفتہ کی نصیحت سے حاصل
کہ وہ آپ ہم سے سوا جانتا ہے

دیگر

سمجھ لے اور کوئی دن رقیب خوار مجھے
عزیز رکھتے ہیں اب اُنکے رازدار مجھے

شراب عشق ہی کیا دہشتِ خمار مجھے
جنون شوق ہی کیا حاجتِ بہار مجھے

اگر کہو کہ تو عاشق نہیں میں سچ جانوں
تمہاری بات کا ایسا ہی اعتبار مجھے

حصول نام سے دلکو اگر نہو آرام
بہت عزیز نہیں جانِ بیقرار مجھے

عدو کو رشک ہی ایسا کہ منت میں گویا
ملی ہی جائے نفس برق شعلہ بار مجھے

عجیب عشق میں تہذیب نفس ہوتی ہی
نہ شوقِ باغ رہا نے سیرِ شکار مجھے

ملا عدو کو مے و نغمہ برق و باراں سے
صبا سے خاک ملی اور گل سے خار مجھے

خلاف وعدہ مسلّم وفائے وعدہ غلط
غرض کچھ اور نہیں غیر انتظار مجھے

خجل ہوں آپ میں بیوقت اپنے آنے سے
تم اور کرتے ہو ہنس ہنس کے شرمسار مجھے

وہی رقیب سے صحبت وہی قدح خواری
کیا ہی آپ نے ناحق امیدوار مجھے

جفا کو ترک کرو تم وفا کو میں چھوڑوں
کچھ اشتہار نھیں ہو کچھ اشتہار مجھے

رہی سراپا مکتومہ دل ہی میں افسوس
جہان میں نہ ملا کوئی رازدار مجھے

تمام شورش و سر تا قدم شکایت ہوں
نعوذ باللہ اگر وہاں ملے گزار مجھے

ہلاک جلوۂ زیبا خراب بادۂ ناب
تمہارے شیفتہ معلوم ہیں شعار مجھے

دیگر

ابھی کہوں تو کریں لوگ شرمسار مجھے
کہ کس کے وعدے پر اتنا ہی انتظار مجھے

ہزار شکر کہ اُس کی گلی میں چھوڑ گئی
نسیم جان کے اک ناتواں غبار مجھے

یہی گمان یہی رشک ہی اگر تو کبھی
نہ کوئی دوست ملیگا نہ کوئی یار مجھے

جنابِ شحنہ ہی منظور پر نہیں منظور
خلاف شیوۂ رندانِ بادہ خوار مجھے

عدو کے حق میں پھر آیا وہی زمانہ عیش
کھلے یہ معنی سیال غیر قار مجھے

جو بادشاہ بلائے تو میں نہیں جاتا
کہ ان دنوں ہیں کسیکا ہی انتظار مجھے

جو شور شیں نہ مچاتا اسیر کیوں ہوتا
خراب تو نے کیا جلوۂ بہار مجھے

عدو کے ساتھ بھی آخر جفا ہوئی آغاز
کسی طرح بھی نہ رکھا امیدوار مجھے

رفیق ہیں متردد رقیب ہیں فارغ
عزیز رکھتی ہی وہ چشم فتنہ بار مجھے

قفس میں کرتی ہی تحریک بال جنبانی
نوائے دلکش مرغانِ شاخسار مجھے

لیا ہی تھا نگہ پُرفسوں نے دل لیکن
کیا ادائے تغافل نے ہوشیار مجھے

ہزار دام سے نکلا ہوں ایک جنبش میں
جسے غرور ہو آئے کرے شکار مجھے

بڑے فساد اُٹھیں شیفتہ خدا نہ کرے
کہ اُنکی بزم میں ہو دخل و اختیار مجھے

سحر گئی جو وہ گلگشت گلستاں کے لیے
صبا تپش میں ہی گلہائے بیخزاں کے لیے

اُنھیں ہی ہم سے محبت عمل کی کیا حاجت
اگر کرو تو کرو اُن کے پاسباں کے لیے

متاعِ بیش بہا شہر عشق میں ہی وفا
یہ آہ و نالہ ہی آرائشِ دُکاں کے لیے

وہ اپنے باغ میں ہمکو ضرور رکھے گا
جو بلبلوں کو نہ دے حکم آشیاں کے لیے

مقربانِ ملک کا ہی آسماں پہ دماغ
خزانہ چاہیے قارون کا ارمغاں کے لیے

سحر کے ساتھ ہی آتے ہیں کوے جاناں میں
عدو ہنسی کے لیے اور ہم فغاں کے لیے

کرم کرم نہ سمجھ گر کسی غرض سے ہو — ستم ستم نہ سمجھ گر ہو امتحاں کے لیے

جو بوستاں میں گیا میں ہلاکِ قامتِ یار — قیامت آئے گی شمشاد و بوستاں کے لیے

ہر ایک سے ہوئی قسمت بقدرِ استعداد — خرد ہی پیر کے اور زور ہی جواں کے لیے

غرض یہ ہی کہ مکر جائیں گر پڑے حاجت — کہ مُہر نامہ پہ کرتے نہیں نشاں کے لیے

کب آپ آئے کہ طاقت نہیں اشارے کی — کب آپ آئے کہ جنبش نہیں زباں کے لیے

نہ میکدہ میں ترانہ نہ خانقہ میں سماع — دعائے خیر ہی اُس آفتِ جہاں کے لیے

متاعِ دانش و دیں کی ضرور ہی تسلیم — کمال بے ادبی ہی سخن اماں کے لیے

زیاں ہی عشق میں ہم خود بھی جانتے ہیں مگر — معاملہ ہی کیا ہو اگر زیاں کے لیے

ہمارے ساتھ ہیں وہ موشگافیاں کہ نہ پوچھ — یہ نکتہ بس ہی کہ آفت ہی نکتہ داں کے لیے

اثر اگرچہ بنا بہرِ نازِ دلکش دوست — مگر کچھ اپنی بھی آہِ جگرفشاں کے لیے

یہ ضبطِ راز کی تعلیم شیفتہ بیجا
زبان ہمکو ملی ہی اگر بیاں کے لیے

دیگر

جو کوئے دوست کو جاؤں تو پاسباں کے لیے — نہیں ہی خواب سے بہتر کچھ ارمغاں کے لیے

تمام علتِ درماندگی ہی قلتِ شوق — تپش ہوئی پرِ پروازِ مرغِ جاں کے لیے

سُنی اکابرِ دیواں سے آخر آیۂ یاس — غلط تھی پہلی ہی کوشش خطر اماں کے لیے

پری کنار میں رکھے کہ حور زانو پر
ہمارا سر ہی ترے سنگ آستاں کے لیے

نگاہ لطف ترے دل کے واسطے ہی نسیم
نگاہ خشم تری بند ہی زباں کے لیے

شریک بلبل و قمری ہی وہ زبون فطرت
جو بیقرار رہے سیر گلستاں کے لیے

امید ہی کہ نباہیں گے امتحاں لیکن
جو اسقدر متقاضی ہیں امتحاں کے لیے

نہ خاکیوں سے تعلق نہ قدسیوں سے ربط
نہ ہم زمیں کے لیے ہیں نہ آسماں کے لیے

شب وصال ہی پیغام روز فرقت کا
بہار آتی ہی گلزار میں خزاں کے لیے

پیام دوست ہوا قاصدوں کو وجہ شرف
نسیم مصر سے عزت ہی کارواں کے لیے

قدم بھی ہمکو نہ رکھنے دیا گلستاں میں
ہزار بار قدم ہم نے باغباں کے لیے

ہزار جلوۂ رنگیں ہیں اور ہر جلوہ
سواد بھر لیے چشم خونفشاں کے لیے

قفس زمانہ و جاں مرغ و آشیاں ملکوت
قفس میں مرغ ہی بیتاب آشیاں کے لیے

فسانے اپنی محبت کے سچ ہیں پر کچھ کچھ
بڑھا بھی دیتے ہیں ہم زیب داستاں کے لیے

ہماری نظم میں ہی **شیفتہ** وہ کیفیت
کہ کچھ رہی نہ حقیقت مئے مغاں کے لیے

افراد

پروانہ وار جلنا دستور ہی ہمارا — اُس شمع رو پہ مرنا مشہور ہی ہمارا

دیگر

آنکھ کل اُس سے لڑا تا تو لڑائی ہوتی — شیفتہ پر میں وہ بدلی ہوئی چتون سمجھا

دیگر

غیر پہ پیار کی نظریں ہیں غضب کی ہم پہ — نگہ یار میں ہی رنگ گل رعنا کا

دیگر

اُسکی جب آنکھ پھری پھر گئیں اُسکی آنکھیں — شیفتہ مرنے پہ تیار ہی کیا پھرتا تھا

دیگر

کیا جانے گزری غیر پہ کیا اُس کی بزم میں — آئے وہ اس طرح کہ مجھے پیار آگیا

دیگر

ویرانے کی مانند ذرا جی نہیں لگتا
ہرچند کہ ہی شیفتہ دلّی وطن اپنا

دیگر

رقیب پیتے ہیں کس کس مزے سے جام شراب
ہمارے دور میں افسوس احتساب نہیں

دیگر

جوش جنون و پند کی تاثیر دیکھنا
دامن کو ٹانکتا ہوں گریبان کے چاک میں

دیگر

ہر شیوے سے ٹپکے ہی ادا ناز تو دیکھو
ہر بات میں اک بات ہی انداز تو دیکھو

دیگر

کرتے ہیں جور و جفا ناز و ادا کہتے ہیں
یہ بھی کیا لوگ ہیں کیا کرتے ہیں کیا کہتے ہیں

دیگر

منت کشِ عتاب پر الطاف شرط ہی
تنہا ستم نہ کیجئے انصاف شرط ہی

دیگر

ایسی رغبت سے کرے قتل گماں کا ہے کو تھا
شیفتہ اُس کو تو لو تم سے محبت نکلی

تمام شد

إن من الشعر لحكمة وإن من البيان لسحرا

دیوان فارسی

جناب غفران مآب نواب محمد مصطفیٰ خان صاحب دہلوی متخلص بہ حسرتی در پارسی و شیفتہ در ریختہ

رحمۃ اللہ علیہ

حسب فرمایش خلف الصدق حضرت مصنف جناب نواب حاجی محمد اسحق خاں صاحب

رئیس جہانگیر آباد ضلع بلند شہر دام ظلہم

سنہ ۱۹۱۵ع

مطبوعہ نظامی پریس بدایوں

نظام الدین حسین پرنٹر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمنّی یا نسیم الصبح ز رسلمی و قبلها — که غیر از شوقِ دیدارش ہوائے نیست در دلها

مجو ہم ز خود گشتن فضولِ لغاد سالک را — کہ رہ بسیار باریکست و در پیش است منزلها

چو گشتی آشنا عشق از ہستی طمع بگسل — که دریا سخت ژرف است و خطرناکست ساحلها

منم آں رندِ بے پروا کہ در مسجد ز نم ساغر — دہم با یار دادِ عشرتِ خلوت بمحفلها

تو ای افسردہ جاں اہد یکے در بزمِ رنداں شو — کہ بینی خندہ بر لبها و آتش پارہ در دلها

تپشها با اصول نالہ ہا موزوں ز ما خواہی — نمک زارے میفشاں بر جراحتہائے بسملها

صبوحی کردہ ام دیدہ خوش مخموری آیم — بیا تا حل کنم امروز از ہر باب مشکلها

بیا ای خوشنوا مطرب کہ ما را ہم بجنبانی — کہ یاراں در ہوائی کعبہ بربستند محملها

گزیدم حسرتی چون مشربت در جام می خوردن
فَمَا وَجدُ التّانی قُمتُ وَارقص ثُمّ نادِ لها

ای فیضِ تو بکشوده زبانها به بیانها	حمد تو فرو بسته بیانها بزبانها
در پرده چو بودی همه در کتمِ عدم بود	از پرتو روی تو عیاں گشته نهانها
گل یافته از جلوهٔ گل حُسن و جمالے	اشباح منور شده از لمعهٔ جانها
